فتاویٰ ودودیہ کاترجمہ اور تحقیقی مطالعہ
(جلد ثانی،کتاب النسب تا کتاب الدعویٰ)

مقالہ برائے ایم فل علوم اسلامیہ

مقالہ نگار:

سمیع اللہ

رول نمبر:BG760712

تحصیل وڈاکخانہ براول بانڈی ضلع دیر بالا

فون:0346-9482294

نگران مقالہ:

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

چیئر مین شعبہ حدیث وسیرت

فیکلٹی آف عربک اینڈ اسلامک سٹڈیز

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،اسلام آباد
سیشن2015/18

انتساب

میں اپنے اس تحقیقی کاوش کو اعتراف بالجمیل کے طور پر اپنے پیارے والدین کے نام کرتا ہوں جنہوں نے انتہائی نامساعد حالات میں مجھے علم کی روشنی سے کسی حد تک منور کیا۔

(رب ارحمهما كما ربيٰنى صغيرا)

اور

اپنے قابل قدر اساتذہ کرام کے نام جن کی بے پناہ محنت، توجہ اور دعاؤں کی بدولت یہ ناچیز قلم تھامنے کے قابل ہوا۔

اظہار تشکر

سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے بے شمار نعمتوں کیساتھ ساتھ حصول علم کے شوق اور علم نبوت سے نوازا۔اس کے بعد میں اپنے والدین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے انتہائی نامساعد حالات میں مجھے پڑھایا اور اپنے دعاؤں سے نوازا، یہ ان کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ آج میں ایم فل سطح کا تحقیقی مقالہ لکھ کر پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہاہوں۔

علم کی جستجو اور تحقیق کے تکمیل میں شکریے کا سب سے زیادہ مستحق میرے مقالہ کا نگران، استاد محترم پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی صاحب ہے۔ جنہوں نے دوران طالب علمی ہر قسم مشکل حالات میں سہارا دیا۔

کورس ورک کی تکمیل کے بعد جب تحقیقی میدان کی آغاز کا مرحلہ آیا تو ڈاکٹر صاحب کی دیرینہ شفقت، علم سے محبت اور طالب علموں کے ساتھ شفقت کی رویے نے مجھے حوصلہ دیا کہ میں جناب کے خدمت میں حاضر ہوں۔ڈاکٹر صاحب نے کمال محبت و شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقالہ کی موضوع کے انتخاب سے لے کر اس کی اختتام تک لمحہ بہ لمحہ میری رہنمائی فرمائی جس کے نتیجے میں آج یہ تحقیقی مقالہ اہل علم کے لئے دعوت نظر ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ میں اپنے دیگر اساتذہ کرام کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں، جنہوں نے دوران تحقیق مجھے اپنے پر خلوص مشوروں سے نوازا اور وقتاً فوقتاً حوصلہ افزائی کرتے رہے۔ان ہی کرم فرماؤں میں خصوصاً پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی صاحب، پروفیسر ڈاکٹر معین الدین ہاشمی صاحب، پروفیسر ڈاکٹر محمد سجاد صاحب، پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید صاحب، پروفیسر ڈاکٹر غلام یوسف صاحب، پروفیسر ڈاکٹر ثناء اللہ صاحب اور پروفیسر ڈاکٹر ہدایت خان صاحب شامل ہیں۔

اسکے بعد میں اپنے مادر علمی ادارہ علوم اسلامی اسلام آباد اور اساتذہ کرام کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جنکی بے پناہ محنت اور محبت کی وجہ سے بندہ ناچیز اس مقام تک پہنچا۔

میں ان حضرات اور دوست واحباب کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس مشکل کام میں میرے ساتھ ہر ممکن مدد کی اور حوصلہ افزائی کرتے رہے، ان میں جناب فیض الرحمٰن صاحب، جناب عطاءاللہ صاحب، جناب کفایت اللہ صاحب، ماسٹر محمد سہیل صاحب اور جناب احسن نصیر صاحب مدرسین پراچہ جامعہ اسلامیہ انجرا تحصیل جنڈ ضلع اٹک، مولانا حسین احمد صاحب، مولانا عبدالمالک صاحب ساکن عشیری درہ دیر بالا، معروف مذہبی سکالر جناب وصال احمد صاحب خطیب علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، جناب مطیع اللہ صاحب (پی ایس ٹی) براول بانڈی اور معروف مذہبی اسکالر مولانا محبوب رازق صاحب ساکن تیمر گرہ دیر پایئن۔ لیکن ان سب میں آخر الذکر نے سب سے بڑھ کر مدد کی۔ جس کیوجہ سے ان کا بے حد مشکور ہوں۔ اللہ اجر عظیم عطا فرمایئں۔

میں اپنی اہلیہ، اپنے بہنوں اور برادر محترم جناب شفیع اللہ (اے۔ ٹی، جی۔ ایم۔ ایس، کس شگئی ڑہ براول بانڈی دیر بالا) اور دیگر تمام رشتہ داروں کا بھی شکر گذار ہوں جنہوں نے انتہائی صبر و تحمل کیساتھ میرے کام میں معاونت کی، اللہ تعالیٰ مذکورہ بالا تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔

دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنے بارگاہ میں قبول فرماویں اور ہمیں دنیوی اور اخروی فلاح و کامیابی عطاء فرماویں۔ آمین

سمیع اللہ

ڈیپارٹمنٹ آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

اسلام آباد پاکستان

CERTIFICATE OF THE SUPERVISIOR

It is certified that Mr. Samiullah S/O Molvi Abdul Wadood, student of M.Phil Islamic studies, Roll No:BG760712 has completed his research on the topic of:

فتاوی ودودیہ کااردو ترجمہ اور تحقیقی مطالعہ (جلد ثانی، کتاب النسب تا کتاب الدعویٰ، ملجا القضاۃ لغانم البغدادی (کتاب ۱)

وطریقہ واضحہ لمحمود بن حمزہ مفتی دمشق الشام (کتاب ۲)

in partial fulfillment of the requirements for the degree of Master of Philosophy in Islamic studies under my guidance and supervision. I am satisfied with the quality of student's research work and thesis and consider it up to mark of awarding M.Phil degree from Allama Iqbal Open University, Islamabad.

Signature: ________________

Pro, Dr. Ali Asghar Chishti

Chairman Hadiths department

Faculty of Arabic and Islamicstudies,

AIOU Islamabad.

ACCEPTANCE BY THE VIVA VOCE COMMITTEE

Title of the thesis:

فتاوی ودودیہ کا اردو ترجمہ اور تحقیقی مطالعہ (جلد ثانی، کتاب النسب تا کتاب الدعویٰ، ملجا القضاۃ لغانم البغدادی (کتاب ۱)

وطریقہ واضحہ لمحمود بن حمزہ مفتی دمشق الشام(کتاب ۲)

Name of the student Samiullah S/O Molvi Abdul Wadood Roll No: BG760712, accepted by the faculty of Arabic and Islamic Studies, Allama Iqbal Open University, Islamabad in Partial fulfillment of requirement for the degree ofMaster of Philosophy in Islamic Studies.

Viva Voce Committee:

Dean: ___________________________

Chairman: ________________________

External Examiner: ________________

Supervisor: _______________________

Dated: ______________________

DECLARATION

Samiullah S/O Molvi Abdul Wadood, Roll No: BG760712, Registration No. 15-GDR-01827 a student of M.Phil at the Allama Iqbal Open University, Islamabad do hereby solemnly declares that the thesis entitled as

فتاوی ودودیہ کا اردو ترجمہ اور تحقیقی مطالعہ (جلد ثانی، کتاب النسب تا کتاب الدعویٰ، ملجا القضاۃ لغانم البغدادی (کتاب ۱)

وطریقہ واضحہ لمحمود بن حمزہ مفتی دمشق الشام(کتاب ۲)

is submitted in partial fulfillment of M.Phil degree in Islamic Studies is my original work and has not been submitted or published earlier and shall not be submitted by mein future for obtaining any degree from this or another University or Institution.

Signature: ____________

Samiullah

مقدمہ

موضوع کا تعارف:

الحمد للہ و کفی والصلوۃ والسلام علی عبادہ الذین اصطفی:اما بعد

اسلام ایک کامل، جامع، عالمگیر اور آفاقی دین ہے اور ایسا مکمل ضابطہ اور قانون زندگی ہے جس میں پوری زندگی سے متعلق ہر شعبہ کے کامل احکام و مسائل کا بہترین حل موجود ہے۔ دین اسلام صرف عبادات پر مشتمل احکام کا مجموعہ نہیں ہے بلکہ اسمیں انسان کی انفرادی، اجتماعی، سیاسی اور معاشر تی زندگی کی رہنمائی کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی تعلقات کے استوار کرنے کے بارے میں بھی رہنما اصول و ضوابط موجود ہیں۔ اسی اہمیت کے پیش نظر اسلامی تاریخ کے تقریباً ہر دور میں ان اصولوں کے ماہرین یعنی فقہاء، محدثین اور مفسرین کا وقت کے خلفاء اور حکمرانوں کے ساتھ گہرا تعلق رہا ہے اور انہوں نے ہمیشہ فرض منصبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لحہ بہ لحہ درپیش مسائل میں شریعت کے قوانین کے مطابق راہنمائی کی ہے، نیز نئے اور پیش آمدہ مسائل کی تعبیر و تشریح کا کام وقت کے تقاضوں کے مطابق ہمیشہ نصوص شرعیہ کی روشنی میں جاری رکھا ہے۔

بالخصوص فقہاء کرام آزادانہ طور پر جس طرح استنباط اور استخراج احکام کے لئے مساعی جمیلہ سرانجام دیتے چلے آئے ہیں اسی طرح اس سلسلے میں بعض خلفاء اور سربراہوں کی ذاتی دلچسپی اور فقہی ذوق کی وجہ سے ان کی زیر سرپرستی بھی فقہاء کرام نے مسائل کے استنباط اور استخراج کا کام کیا ہے۔ چنانچہ "مجلۃ الاحکام العدلیہ"سلطنت عثمانیہ اور " فتاوی عالمگیریہ المعروف بہ فتاوی ہندیہ" مغلیہ دور میں اس قسم کی تقنینی کاوشوں کے بہترین مظاہر ہیں۔ جو ریاستی امور چلانے کے لئے فقہی اور قانونی دستاویزات کی شکل میں مرتب کی گہیں میں ان دونوں فقہی ذخائر کی زبان چونکہ عربی ہے اسی لئے افادہ عام کیلئے ان کے اردو تراجم بھی چھپ کر منظر عام پر آچکے ہیں۔

اس مقالے کے موضوع (فتاوی ودودیہ کا اردو ترجمہ اور تحقیق) کا تعلق بھی ایک ایسی کتاب سے ہے جس کی جلد ثانی ریاست سوات کے سربراہ کی دلی خواہش وتمنا پر ریاستی سطح کے قانون سازی کی ضروریات پوری کرنے کیے لئے مرتب کی گئی اور اس کی جلداوّل ریاست کے باشندوں کی دینی تربیت اور انہیں فقہی مسائل سے روشناس کرانے کے لئے فقہی طرز پر تحریر وترتیب دی گئی ہے جس کی تدوین وتالیف اگرچہ مولانا محمد ابراہیم صاحب نے کی ہے تاہم اس وقت کے جید علماء کرام کی سرپرستی ونگرانی اور بادشاہ صاحب کی طرف سے ضروری وسائل کی فراہمی اور مثالی حوصلہ افزائی ان کو حاصل رہی ہے۔اس کتاب کی دونوں جلدیں پشتو زبان میں ہیں اور اسکی وجہ ظاہر ہے کہ ریاست سوات کے اکثر باشندے پشتون ہیں اس لئے اس کی افادیت عام کرنے کی غرض سے اسی زبان کا انتخاب کیا گیا۔اس کتاب کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اسمیں فقہ حنفی کی معتبر اور مستند کتب سے استفادہ کر کے متداول کتب میں ایک ہی موضوع سے متعلق بکھرے ہوئے مسائل کو عام فہم انداز میں قاری کی سہولت کیلئے یکجا جمع کیا گیا ہے نیز ان مسائل میں عرف ورواج کو بھی اس انداز سے مد نظر رکھا گیا ہے کہ یہ خطہ ہر قسم کی فرقہ واریت سے محفوظ رہ سکے۔

اسی اہتمام کے پیش نظر سربراہ ریاست سوات ،مفتیان کرام اور علماء کرام کے ہاں درپیش مسائل کو حل کرنے میں فتاوی ودودیہ کو اوّلیت اور فوقیت حاصل تھی اور سربراہ ریاست نے ریاست کے تمام قضاۃ، علماء اور مفتیان کرام کو اس بات کا پابند بنایا تھا کہ وہ فتاوی ودودیہ کو اپنے زیر مطالعہ رکھے۔ جبکہ ریاست کے ہر خواندہ کو اس کا نسخہ شاہی فرمان کے مطابق بطور ہدیہ ملتا تھا۔

اس دستاویز کی اہمیت کے پیش نظر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کلیۃ عربی اور علوم اسلامیہ کے اساتذہ کرام نے ایم فل کی سطح پر "فتاوی ودودیہ کا ترجمہ اور تحقیقی مطالعہ "پراجیکٹ کا اہتمام کیا ہے جس کے تحت اس کے مختلف ابواب طلبہ میں تقسیم کئے گئے ہیں تاکہ وہ اپنے اپنے مخصوص حصوں پر طے شدہ منصوبے کے مطابق کام کرے۔

اہمیت موضوع اور اسباب اختیار:

مقالہ زیر بحث کے موضوع کا تعلق دینی مسائل معاملات اور قضاء پر مشتمل دستاویز کے ساتھ ہیں جس کا نام فتاوی ودودیہ ہے۔جو ریاستی سرپرستی میں سپرد قرطاس کئے گئے۔ اور اس کے مؤلفین اپنے دور کے نابغہ روزگار

شخصیات تھے جن کا تعلق درس وتدریس اور عملی طور پر قضاء کے ساتھ تھا جس کی وجہ سے اس دستاویز کی اہمیت بڑھ جاتی ہے اور اس بات کی اشد ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ اس اہم فقہی ذخیرہ کے افادہ عام بنانے کے واسطے اسے اردو زبان میں منتقل کیا جائے اور جدید تحقیقی خطوط پر اس کی تخریج کی جائے تاکہ پشتو زبان کے علاوہ دوسری زبانوں کے علماء ،طلباء اور عوام بھی اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔اس حوالے سے اس موضوع کے اختیار کرنے کے اسباب درج ذیل ہیں۔

1: چونکہ یہ ایک تفنینی کاوش تھی اس لئے مقالہ نگار کی ذاتی رغبت ہے کہ اسے اردو زبان میں منتقل کیا جائے تا کہ اس سے مملکت پاکستان کے تمام باشندے استفادہ کر سکیں۔

2: اس وقت مارکیٹ میں فتاوی ودودیہ کے کئی نسخے دستیاب ہیں لیکن اصل نسخہ اس وقت کے علماء کرام کے گھروں میں پایا جاتا ہے اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ اصل نسخوں کو سامنے رکھ کر اس کا ترجمہ کیا جائے۔

3: فتاوی ودودیہ میں مسائل ذکر کرتے ہوئے مآخذ کی نشاندہی پر اکتفا کیا گیا ہے بلکہ بعض حوالہ جات بھی ایسے دیئے ہیں جن سے اصل ماخذ کا پتہ ہی نہیں چلتا،اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ ان مآخذ کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ جدید طریقہ تخریج کے مطابق احادیث مبارکہ ، تفسیری اور فقہی اقوال کی تخریج کی جائے۔

4: چونکہ فتاوی ودودیہ حنفی فقہ پر مشتمل ہے اور زمانہ قریب کے علماء کی عمدہ کاوش ہے اس لئے اس پراجیکٹ کا مقصد فقہ حنفی کی حفاظت اور تدوین جدید ہے۔

5: فقہائے احناف کی علمی اور فقہی کاوشوں اور خدمات کو منظر عام پر لانے کی ذاتی رغبت اور شوق ہے۔

6: فتاوی ودودیہ کو مرتب کرتے وقت بہت سارے ایسے مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے جو اس وقت مارکیٹ میں ناپید ہیں لیکن وہ بعض لائبریریوں میں پائے جاتے ہیں اس تحقیق کے نتیجے میں قاری ان مصادر سے روشناس ہو جائے گا۔

بنیادی سوال:

اس مقالے کا بنیادی سوال فتاوی ودودیہ (مطبوعہ وحیدی کتب خانہ قصہ خوانی پشاور) کی دوسری جلد میں موجود تینوں کتابوں میں سے پہلی کتاب **ملجأ القضاة عند تعارض البينات** کے نسب کے مسائل سے لے کر خاتمہ تک اور دوسری کتاب "**الطريقةالواضحة الى البينة الراجحة** " میں "مقدمہ سے لے کر دعویٰ کے مسائل " تک کا اردو ترجمہ اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں موجود تفسیری اقوال، احادیث مبارکہ، اور فقہی اقوال کی تحقیق اور تخریج ہے۔

اہداف تحقیق:

اس مقالے کے اہداف درج ذیل ہیں۔

1: فتاوی ودودیہ کا اردو ترجمہ کرنا ہے۔

2: فتاوی ودودیہ میں مذکور تفسیری اقوال کی تخریج و تحقیق کرنی ہے۔

3: فتاوی ودودیہ میں مذکور احادیث مبارکہ کی تخریج و تحقیق کرنی ہے

4 : فتاوی ودودیہ میں موجود فقہی اقوال کی تخریج و تحقیق کرنی ہے۔

5: فتاوی ودودیہ کو جدید تحقیقی خطوط کے مطابق استوار کرنا ہے۔

6: اس اہم دستاویز کا افادہ عام بنانا ہے۔تاکہ دوسری زبانوں کے لوگ بھی اس سے استفادہ کر سکے۔

منہج تحقیق:

1: اس مقالے پر کام کرنے کے دوران مقالہ نگار کا منہج تحقیقی ہو گا۔

2: اس مقالہ میں مذکور احادیث و آثار اور اخبار کی اصل ماخذ سے تخریج کی جائے گی۔

3: اس مقالہ میں مذکور فقہی اور تفسیری اقوال کی تخریج اصل ماخذ سے کی جائے گی۔

سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ:

فتاویٰ ودودیہ کی تخریج و تحقیق پر جدید طرز تحقیق کے مطابق کام مقالہ نگار کے علم کے مطابق اس سے پہلے کسی بھی یونیورسٹی میں نہیں ہوا، البتہ اس کے پشتو نسخے میں فقہی اقوال پر مبنی تخریج مفتی عبدالوہاب منگلوری نے کی ہے لیکن موصوف نے فتاوی کے مصادر و مراجع کے بجائے چند متداول فقہی کتب، جیسے فتاوی شامی وغیرہ کو اپنی تخریج کا مرکز و محور بنایا ہے جب کہ اس مقالے کا مقصد فتاوی میں مذکور مصادر کی بنیاد پر تخریج ہے۔ تاکہ اصل مصادر تک رسائی کے علاوہ علماء اور طلبہ ان مصادر سے بھی واقفیت حاصل کر سکے جو اس وقت کمیاب ہیں۔ کیونکہ اب تک تفحص اور تتبع کے نتیجے میں مقالہ نگار کتاب زیر تحقیق کے صرف پینتیس مصادر و مراجع پر مطلع ہو سکا ہے۔ جن کی تفصیل فہرست مصادر و مراجع میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

جہاں تک اس کے اردو ترجمے کا تعلق ہے تو بعض حضرات کے بقول اس کا اردو ترجمہ ساٹھ کی دہائی سے پہلے ہو چکا تھا لیکن نہ مترجم کے بارے میں کوئی جانتا ہے اور نہ ہی مارکیٹ میں وہ ترجمہ کہیں دستیاب ہے۔ باوجود تلاش بسیار اور تحقیق کے کسی لائبریری یا کتب خانے میں اس کا سراغ نہیں لگا اس لئے اس پر کام کرنے کی تشنگی اپنی جگہ باقی ہے۔

ابواب بندی:

زیر نظر تحقیقی مقالہ " فتاوی ودودیہ کا ترجمہ اور تحقیقی مطالعہ (کتاب النسب تا کتاب الدعویٰ)

کے عنوان پر لکھا گیا ہے، جو کہ چھ ابواب اور ان میں فصول و مباحث پر مشتمل ہے۔

باب اول: نسب، گواہی، ماذون وغیر ماذون، چوری، اور وکالت وغیرہ کے مسائل پر مشتمل ہے۔

اس باب میں کل چھ (6) فصلیں ہیں۔ ان چھ (6) فصلوں میں کل (69) مسائل ہیں۔

فصل اول: نسب کے مسائل

فصل دوم: گواہی کے مسائل

فصل سوم: ماذون وغیر ماذون کے مسائل

فصل چہارم: سرقہ (چوری) کے مسائل

فصل پنجم: وکالت کے مسائل

فصل ششم: خاتمہ

باب دوم: اس باب میں کل تین (۳) فصلیں ہیں۔

فصل نمبر ا: کتاب نمبر 2: ﴿طریقہ واضحہ﴾

فصل نمبر ۲: مقدمہ

فصل نمبر ۳: مجمل گواہی کے مسائل

باب سوم: نکاح، طلاق، نفقہ اور رضاعت کے مسائل پر مشتمل ہے۔ اس باب میں کل چار (4) فصلیں ہیں۔ ان چار (4) فصلوں میں کل ساٹھ (60) مسائل ہیں۔

فصل اول: نکاح کے مسائل

فصل دوم: طلاق کے مسائل

فصل سوم: نفقہ کے مسائل

فصل چہارم: رضاعت کے مسائل

باب چہارم: عتاق (غلام آزاد کرنے) نسب، حد، شرکت اور وقف کے مسائل پر مشتمل ہے۔اس باب میں کل
پانچ (5) فصلیں ہیں۔ان پانچ (5) فصلوں میں کل (119) مسائل ہیں۔

فصل اول: عتاق (غلام آزاد کرنے) کے مسائل

فصل دوم: نسب کے مسائل

فصل سوم: حد کے مسائل

فصل چہارم: شرکت کے مسائل

فصل پنجم: وقف کے مسائل

باب پنجم: بیوع، ضمانت، گواہی اور وکالت کے مسائل پر مشتمل ہے۔اس باب میں کل پانچ (5) فصلیں ہیں۔ان پانچ (5) فصلوں میں کل (238) مسائل ہیں۔

فصل اول: بیع کے مسائل

فصل دوم: سلم کے مسائل

فصل سوم: ضمانت کے مسائل

فصل چہارم: گواہی کے مسائل

فصل پنجم: وکالت کے مسائل

باب ششم:

دعویٰ کے مسائل پر مشتمل ہے۔اس باب میں کل پانچ (5) فصلیں ہیں۔ان پانچ (5) فصلوں میں کل دو سو چھ (206) مسائل ہیں۔

فصل اول: دعویٰ کے مسائل

فصل دوم: ملک مطلق کے مسائل

فصل سوم: غلام یا جانور کے گھریلو دعویٰ سے متعلق مسائل

فصل چہارم: محمنسہ

فصل پنجم: مسائل محمنسہ (دفع کے مسائل)

فہرست مضامین وعنوانات

عنوان — صفحہ

فہرست موضوعات

باب اول: نسب، گواہی، ماذون وغیر ماذون، چوری، اور وکالت وغیرہ کے مسائل

اس باب میں کل چھ (6) فصلیں ہیں۔ ان چھ (6) فصلوں میں کل (69) مسائل ہیں۔
جن کی مختصر تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل اول: نسب کے مسائل۔ اس فصل میں کل (51) مسائل ہیں۔

فصل دوم: گواہی کے مسائل۔ اس فصل میں کل (12) مسائل ہیں۔

فصل سوم: ماذون وغیر ماذون کے مسائل۔ اس فصل میں کل دو (2) مسائل ہیں۔

فصل چہارم: سرقہ (چوری) کے مسائل۔ اس فصل میں بھی کل دو (2) مسائل ہیں۔

فصل پنجم: وکالت کے مسائل۔ اس فصل میں بھی کل دو (2) مسائل ہیں۔

فصل ششم: خاتمہ

باب اول:

فصل اول:۔ نسب کے مسائل

اس فصل میں کل (51) مسائل ہیں۔ یہ (51) مسائل (13) کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل اول: نسب کے مسائل۔

کل کتب (13) کل مسائل (51)

(1) الاشباہ والنظائر	(1) دو (2) مسائل
(2) قاضی خان	(2) بارہ (12) مسائل
(3) لسان الحکام	(3) ایک (1) مسئلہ
(4) کافی	(4) ایک (1) مسئلہ
(5) خلاصۃ الفتاویٰ	(5) ایک (1) مسئلہ
(6) جامع الفصولین	(6) گیارہ (11) مسائل
(7) وجیز	(7) چار (4) مسائل
(8) جامع الفتاویٰ	(8) تین (3) مسائل
(9) قنیۃ المنیہ	(9) بارہ (12) مسائل
(10) درر شرح غرر	(10) ایک (1) مسئلہ
(11) ذخیرہ	(11) ایک (1) مسئلہ
(12) ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات	(12) ایک (1) مسئلہ
(13) کتاب الاصل المعروف بالمبسوط	(13) ایک (1) مسئلہ

فصل اول:۔(نسب کے مسائل)

مسئلہ نمبر 1:۔اگر ایک بچے کے نسب کے متعلق غیر قابض اور قابض دونوں نے گواہ پیش کیے تو اس صورت میں قابض کے گواہ اولیٰ ہوں گے۔ مگر دو صورتوں میں غیر اولیٰ ہوں گے۔

1۔ایک صورت یہ ہے کہ جب غیر قابض مدعی اس بات پر گواہ پیش کرے کہ یہ بچہ (اس عورت سے) میرا بیٹا ہے۔جب کہ وہ مرد اور عورت دونوں آزاد ہوں۔اور قابض اس بات پر گواہ پیش کرے کہ یہ میرا بیٹا ہے۔اور ماں کی طرف نسبت نہ کرے۔تو اس صورت میں مذکورہ بچہ غیر قابض مدعی کا بیٹا ہوگا۔

2۔دوسری صورت یہ ہے کہ قابض اگر ذمی آدمی ہو اور غیر قابض مسلمان ہو اور قابض نے کافر گواہ پیش کئے (اس بات پر کہ یہ بچہ میرا بیٹا ہے) اور مدعی غیر قابض نے گواہ پیش کئے (اس بات پر کہ یہ بچہ میرا بیٹا ہے) تو مذکورہ صورت میں غیر قابض مدعی کے گواہ اولیٰ ہوں گے۔چاہے وہ (گواہ) مسلمان ہو یا کافر۔

اور اگر ذمی کے گواہ مسلمان ہو تو وہ مسلمان کے گواہوں سے ہر حال میں اولیٰ ہوں گے۔چاہے مسلمان کے گواہ کافر ہو یا مسلمان۔
(" الاشباہ")

مسئله نمبر 1 :اذا برهن الخارج وذواليد علیٰ نسب صغير. قدم ذواليد الا في مسألتين فی ا لخزانة۔

الاولیٰ: لو برهن الخارج علیٰ انه ابنه من امرأته هٰذه وهما حران،واقام ذواليد انه ابنه ولم ينسبه الیٰ امه فهو للخارج۔

الثانیہ: لو كان ذواليد ذميا والخارج مسلما ،فبر هن الذمى بشهود من الكفار ، وبرهن الخارج قدم الخارج سواء برهن بمسلمين او بكافرين ولو برهن ا لكافر بمسلمين قدم على المسلم مطلقا۔

1:۔الاشباہ والنظائر علی مذہب ابی حنیفۃ النعمان.المؤلف زین الدین بن ابراہیم بن محمد المعروف بابن نجیم المصری(المتوفی ۹۷۰ھ) ص209-210۔فصل فی الحادثہ۔الناشر دار الکتب العلمیہ،بیروت،لبنان۔الطبعہ الاولیٰ1419ھ1999۔

مسئلہ نمبر 2:۔اگر ایک آدمی نے دوسرے آدمی پر دعویٰ کیا کہ اس نے بیس سال پہلے جان بوجھ کر میرے والد کو تلوار سے قتل کیا ہے اور میں اس کا وارث ہوں۔ میرے علاوہ اس کا اور کوئی وارث نہیں ہے۔ اور اسی دوران ایک عورت جس کے پاس ایک بچہ بھی تھا اس نے گواہ پیش کیے کہ اس مدعی کے باپ نے پندرہ سال پہلے میرے ساتھ نکاح کیا تھا اور یہ بچہ (مجھ سے) اس کا بیٹا ہے اور اس مدعی کے ساتھ یہ بھی وارث ہے۔

توامام اعظم ابو حنیفہ ؒ فرماتے ہیں کہ میں اس بات کو بہتر سمجھتا ہوں کہ عورت کے گواہ قبول کر دوں اور اس بچے کا نسب ثابت کر دوں (کہ وہ مقتول اس کا باپ ہے) اور مدعی بیٹے کے گواہ جس نے قتل پر پیش کیے ہیں کو باطل * (غیر معتبر) شمار نہ کروں۔ اور اگر عورت نے نکاح پر گواہ پیش کیے اور ساتھ بچہ نہیں تھا تو اس صورت میں مدعی بیٹے کے گواہ اولیٰ ہیں۔ صرف اسی کو میراث ملے گی نہ کہ عورت کو۔ اور قاتل قصاص کے طور پر قتل کیا جائے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ نمبر 2 : لو ادعیٰ رجل علیٰ رجل انہ قتل اباہ عمدا بالسیف منذ عشرین سنۃ وانہ وارثہ لا وارث لہ غیرہ .وجاءت امرأۃ معها ولد واقامت البینۃ ان والد هٰذا تزوجها منذخمسۃ عشر سنۃ وان هٰذا ولدہ منها ووارثہ مع ابنہ هٰذا قال: ابو حنیفۃ رحمہ اللہ استحسن فی هٰذا ان اجیز بینۃ المرأۃ واثبت نسب الولد ولا ابطل بینۃ الابن علی القتل۔

2:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانی الحنفی۔ ص نمبر 415 جلد 2 باب الدعویٰ فصل دعویٰ الملک بسبب۔ الناشر دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010ھ

حاشیہ*: البحر الرائق کے حاشیہ میں ابن عابدین ؒ نے رملی سے یہ بات نقل کی ہے کہ ظاہر بات یہ ہے کہ (باطل نہ کروں) میں نہ زیادتی ہے اور تاتارخانیہ کتاب میں کہا ہے کہ باطل کر دوں۔ دیکھئے منحۃ الخالق۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ نمبر 3:۔ تین آدمیوں نے ایک جانور کے متعلق گھریلو پیدائش کا دعویٰ کیا اور ان میں سے ہر ایک نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ جانور میرا ہے۔ اور میرے اس جانور سے پیدا ہوا ہے۔ اور یہ معلوم ہو کہ یہ جانور ان کا ہے تو مذکورہ صورت میں تینوں کے لیے گھریلو پیدائش کا حکم کیا جائے گا۔(قاضی خان)

مسئلہ نمبر 3: لوادعوا نتاج دابۃ۔ فاقام کل واحد منہم البینۃ انہا دابتہ ولدتھا دابتی ھٰذہ لدابۃ معروفۃ لہ فانہ یقضیٰ بالبینات۔

مسئلہ نمبر 4:۔ اگر ایک آدمی کا انتقال ہو گیا اور (وارثوں میں) دو بیٹے چھوڑے۔ ان میں سے ایک نے دعویٰ کیا کہ اس آدمی کے ذمے میرے والد کے ایک ہزار روپے ہیں جو انہوں نے اس کو کوئی چیز فروخت کی تھی۔ اور دوسرے نے دعویٰ کیا کہ وہ اس نے قرض کے طور پر دیے تھے اور دونوں میں سے ہر ایک نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو ظاہر یہ ہے کہ دونوں میں سے ہر ایک کے لیے پانچ سو روپے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ اور کسی بھائی کو یہ حق حاصل نہیں ہو گا کہ وہ دوسرے کے ساتھ ان روپوں میں شریک ہو جائے جو وہ وصول کرے۔(قاضی خان)

مسئلہ نمبر 4: رجل مات وترک ابنین فادعیٰ احدھما ان لابیھما علیٰ ھٰذالرجل الف درھم من ثمن مبیع وادعیٰ الآ خرانہ کان من قرض واقام کل واحد منھما البینۃ علیٰ ما ادعیٰ فان یقضیٰ لکل واحد منھما بخمسمائۃ ولیس لاحدھما ان یشارک صا حبہ فیما قبض۔

مسئلہ نمبر 5: ایک گھر ایک آدمی کے قبضے میں تھا، اس گھر کے اوپر دوسرا گھر یا کوئی جگہ دوسرے آدمی کے قبضہ میں تھی۔ اور اوپر والے گھر کیطرف چڑھنے کا راستہ نیچے والے گھر کے صحن میں ہو اور مذکورہ صورت میں دونوں میں سے ہر ایک اس بات کا دعویٰ کرے کہ یہ صحن میرا ہے، تو اس صورت میں گھر اور صحن نیچے گھر والے کے ہونگے اور اوپر کا حصہ اور اوپر چڑھنے کا راستہ اوپر والے کے ہونگے۔ اور اگر دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو اس صورت میں ہر ایک کے لیے اس حصے کا فیصلہ کیا جائیگا جو دوسرے کے قبضے میں ہو، کیونکہ مدعی غیر قابض، قابض سے اس حصے میں اولیٰ ہوتا ہے جو قابض کے قبضہ میں ہو۔

3:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص نمبر 422 باب الدعویٰ فصل فیما یتعلق با لنکاح من المھر ولولد وغیر ذالک۔ الناشر دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010ھ۔

4:۔ ایضا محولہ بالا ص 425

اور ہر ایک اپنے حصے کے حق میں قابض ہے، تو جو حصہ جس کے قبضے میں ہو وہ دوسرے کو دیا جائیگا۔(قاضی خان)

مسئلہ نمبر 5: دار فی ید رجل وعلوها فی ید آخر وطریق العلو فی ساحۃ الدار۔ ادعیٰ کل واحد منهما ساحۃ الدار فان الدار مع ا لساحۃ یکون لصاحب السفل والعلو وطریقہ لصاحب العلو لان الساحۃ والسفل فی ید صاحب السفل فانہ هوالذی یستعمل الساحۃ بوضع الامتعۃ وکسر الحطب وصب الماء وادخال الدابۃ فاما العلو وطریقہ فی ید صاحب العلو فیکون ذالک لہ وان اقاما البینۃ یقضیٰ لکل واحد منهما بما فی ید الآخر، ترجیحا للخارج علیٰ ذی الید فیما فی ید ذی الید ۔

مسئلہ نمبر6: پانچ آدمیوں کے گھر تھیں اور پانچوں کی گزرگاہ ایک سائبان تھی تو ان میں سے ایک آدمی نے اس کی چھت اٹھا کر دعویٰ کیا کہ یہ چھت میری ہے اور دوسروں نے بھی دعویٰ کر دیا اور ہر ایک کہنے لگا کہ یہ میری ہے تو ہم دیکھیں گے کہ اگر اس چھت کا راستہ ایک آدمی کی ملکیت میں آتا ہو یا اس کا کچھ سامان اس پر پڑا ہو تو بنی ہوئی چھت اس کی ہو گی۔ اور اس کی بات قسم کے ساتھ معتبر ہو گی۔ اور گر اس چھت پر نہ ہی راستہ کسی کی ملکیت میں آتا ہو اور نہ ہی اس پر کسی کا سامان پڑا ہو تو اس صورت میں وہ سب کی ہو گی۔ لہٰذا اگر گواہ نہ ہو تو ہر ایک دوسرے کو اپنے حصے میں قسم دے سکتا ہے۔ اور اگر ایک نے گواہ پیش کئے تو وہ اس کی ہو جائے گی اور اگر سب نے گواہ پیش کئے تو سب کے لیے فیصلہ کیا جائے گا۔ اور ہر ایک وہ حصہ لے گا جو دوسرے کے قبضے میں ہے۔
(قاضی خان)

مسئلہ نمبر 6: زقیقۃ لا منفذلها فیها دور لخمسۃ مرورهم فی الزقیقۃ ، فرفع احدهم سقفهاوادعیٰ ان السقف لہ ، وادعیٰ کل واحد منهم انہ لہ ، فان کان طریق السقف الیٰ ملک احدهم او مشغولا بمتاعہ کا ن لہ فی الحکم ، ویکون القول قولہ مع یمینہ۔ وان لم یکن طریق السقف الیٰ ملک احدهم ولا کان مشغولا بمتاعہ فهو لهم جمیعا ، ولکل واحد منهم ان یحلف الآخر علیٰ نصیبہ عند عدم البینۃ ، وایهم اقام البینۃ فهو لہ ، وان اقاموا جمیعا یقضیٰ لکل واحد منهم بما فی ید غیره۔

5:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص نمبر 431 جلد 2 باب الدعویٰ فصل فی دعوی الحائط والطریق۔ الناشر: مکتبہ دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010ھ۔

6:۔ ایضا محولہ بالا ص نمبر 294 کتاب الدعویٰ باب دعوی الحائط والطریق

مسئلہ نمبر 7: تین آدمیوں کے قبضے میں ایک جبہ تھا۔ تینوں اس کا دعویٰ کرتے ہیں۔ لیکن ایک کہتا ہے کہ اس کا استر میرا ہے دوسرا کہتا ہے کہ اس کی روئی میری ہے اور تیسرا کہتا ہے کہ یہ پورا میرا ہے۔ اور تینوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کر دیئے تو جو مدعی پورے کا دعویٰ کرتا ہے، اسی کے لیے پورے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ البتہ یہ استر کے مدعی کے لیے استر کی آدھی قیمت کا اور روئی کے مدعیکے لیے آدھی روئی کا ضامن ہو گا۔ (یعنی یہ استر کی آدھی قیمت اس آدمی کو دے گا جس نے استر کا دعویٰ کیا تھا اور آدھی مقدار روئی کی قیمت اس آدمی کو دے گا جس نے روئی کا دعویٰ کیا تھا۔)

اس مسئلہ کی دلیل یہ ہے کہ جس نے پورے جبہ کا دعویٰ کیا تھا اس کا اسلئے ہو گا کیونکہ اس نے پورے جبہ کا دعویٰ کیا تھا جبکہ دوسرا مدعی پورے کا دعویٰ نہیں کرتا۔ تو اس (یعنی پورے کا دعویٰ کرنے والے کے لیے) فیصلہ کیا جائے گا۔ پھر یہ کل کا مدعی اور استر کا مدعی دونوں استر کا دعویٰ کرتے ہیں ان دونوں کے علاوہ کوئی اور استر کا دعویٰ نہیں کرتا اور استر دونوں کے قبضے میں ہے تو فیصلہ کیا جائے گا کہ ان دونوں مدعیوں میں سے جس کے قبضے میں استر کا جو حصہ ہے وہ دوسرے کا ہو گیا تا کہ اس بات پر عمل ہو سکے کہ مدعی غیر قابض کے گواہ قابض کے گواہ سے اولیٰ ہیں۔ اور جس نے استر کا دعویٰ کیا تھا اس کے لیے جب آدھے استر کا فیصلہ ہو گیا تو یہ اس طرح ہو گیا کہ جس نے پورے جبہ کا دعویٰ کیا تھا، اس نے آدھا استر اس دوسرے سے زبردستی لیا تھا اور اپنے جبہ کے لیے استر بنا دیا ہو۔ تو یہ استر کی آدھی قیمت کا ضامن ہو گا اور اسی طرح کی بات روئی کے متعلق بھی ہے۔ البتہ دونوں میں فرق یہ ہے کہ روئی میں یہ مثل کا ضامن ہو گا (یعنی آدھی روئی کی جگہ آدھی روئی اس آدمی کو دے گا جس نے روئی کا دعویٰ کیا ہے) اور استر میں استر کی آدھی قیمت دے گا (اس مدعی کو جس نے استر کا دعویٰ کیا ہے۔) (قاضی خان)

مسئلہ نمبر 7: جبۃفی یدثلاثۃ نفر۔احدھم یدعی بطانتھا والثانی قطنھا والثالث کلھا واقام کل واحد منھم البینۃ علی ما ادعیٰ فانہ یقضیٰ بجمیعھا لمدعی الکل ویضمن ھولمدعی البطانۃ نصف قیمۃالبطانۃولمدعی القطن نصف القطن۔ اما یقضیٰ لمدعی الکل بالظھارۃ لانہ یدعیھا ولایدعیھا غیرہ فیقضیٰ لہ ثم مدعی الکل مع مدعی البطانۃ یدعیان البطانۃ ولایدعیھا غیرھما والبطانۃ فی ایدیھما فیقضیٰ لکل واحدمنھما بنصفھا الذی فی ید صاحبہ ترجیحا لبینۃ الخارج علیٰ بینۃ ذی الید واذا قضیٰ لمدعی البطانۃ بالنصف صار کاّن مدعی الکل غصب نصف البطانۃ وجعلھا بطانۃ لجبتہ فیضمن نصف قیمتھا وھٰکذا فی القطن الا ان فی القطن یضمن المثل وفی البطانۃ یضمن القیمۃ۔

7:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص378-379۔ باب الدعوی فصل فی دعوی المنقول۔۔ الناشر: مکتبہ دار الفکر للطباعۃوالنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ2010ھ

مسئلہ نمبر 8: دو آدمی ہیں، ان میں سے ہر ایک کے قبضے میں ایک ایک بکری ہے۔ دونوں نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس کے ساتھی کے قبضے میں جو بکری ہے وہ میری ہے۔ اور یہ میری اس بکری سے پیدا ہوئی ہے۔ جو میرے قبضے میں ہے۔ تو اگر دونوں کی عمر معلوم کرنا مشکل ہو تو امام محمد ؒ نے اصل میں ذکر کیا ہے کہ ہر ایک کے لیے اس بکری کا فیصلہ کیا جائے گا جو دوسرے کے قبضے میں ہو اور امام ابو یوسف ؒ فرماتے ہیں کہ ہر ایک کے لیے اس بکری کا فیصلہ کیا جائے گا جو اس کے قبضے میں ہے۔ تو یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ اس کے ہاتھ میں تھی اور اس کے پاس رہ گئی۔ یہ نہیں کہ اب اس کا مستحق ٹھہرا ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ نمبر 8:رجلان في يد كل منهما شاة اقام كل واحدمنهما البينة ان الشاة التى فى يد صاحبہ شاتہ ولدت من شاتہ التى فى يده فان كانتا مشكلتين ذكر فى الاصل انہ يقضىٰ لكل واحدمنهما بالشاةالتى فى يد الآخر لانهما استويا فى دعوى النتاج فتعارضت البينتان فى ذالک فلا تعتبر وعوى النتاج فيجعل كأنهما ادعيا ملكا مطلقا فيقضىٰ بكل شاة ببينةالخارج وعن ابى يوسفؒ انہ يقضىٰ لكل واحدمنهما بالشاة التى فى يده قضاء ترک لاقضاء استحقاق لانہ لاوجہ للقضاء لكل واحدمنهما بالنتاج لمكان الاستحالة والقضاء بغيرالنتاج قضاء بغير دعوىٰ، فتبطل البينتان ضرورة .

مسئلہ نمبر 9: ایک گھر ایک آدمی کے قبضے میں تھا۔ دوسرے نے اس پر دعویٰ کیا اور مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس مدعی نے اس دعویٰ سے پہلے کہا تھا کہ یہ گھر میرا نہیں ہے۔ یا یہ کہ یہ گھر میرا نہیں تھا۔ تو اس صورت میں مدعی کے گواہ قبول نہیں ہونگے۔(قاضی خان)

مسئلہ نمبر9:رجل ادّعىٰ متاعا او دار فى يد رجل انہ لہ وقام البينة، فقضىٰ لہ القاضى بذالک ولم يأخذه من المقضىّ عليہ حتىٰ اقام المقضى عيلہ البينة، على ان المدعى اقرانہ لاحق لہ فيہ، قال محمدؒ : ان شهدوا انہ اقر بذالک قبل قضاء القاضى، بطلت بينةالمدعى والقضاء، وان شهدوا انہ اقر بہ بعدالقضاء لايبطل بہ قضاء القاضى۔

8:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص نمبر 379 جلد 2 باب الدعویٰ فصل فی دعوی الحائط والطریق۔ الناشر: مکتبہ دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010ھ۔

9:۔ ایضا محولہ بالا ص نمبر 264 جلد 2 باب الدعویٰ فصل فی دعوی المنقول۔

مسئلہ نمبر 10: ایک غلام ایک آدمی کے قبضے میں تھا۔ دو آدمیوں نے اس پر دعویٰ کیا اور ہر ایک نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ غلام میرا ہے۔ اور میں نے بطورِ امانت قابض کو دیا تھا۔ اور مدعیٰ علیہ دونوں کے دعویٰ سے انکار کرے اور یہ کہے کہ یہ غلام میرا ہے۔ تو مذکورہ صورت میں قاضی نے ابھی تک دونوں مدعیوں کے گواہوں پر کسی قسم کا فیصلہ نہیں کیا تھا کہ قابض نے دونوں مدعیوں میں سے کسی ایک کی تصدیق کر دی (کہ یہ سچ کہتا ہے، یہ غلام اس نے مجھے بطورِ امانت دیا ہے۔)

تو قابض اسدعیکو یہ غلام دے گا جس کی تصدیق کی ہے۔ پھر اگر گواہوں کیتعدیل ہو گئی (یعنی سب عادل اور صادق نکلے) تو دونوں مدعیوں کے لیے فیصلہ کیا جائے گا (کہ یہ غلام دونوں کا مشترکہ ہے۔) (قاضی خان)

مسئلہ نمبر 10: عبد فی ید رجل ادعاہ رجلان، کل واحدمنهما اقام البینۃ انہ لہ، اودعہ الذی فی یدیہ، والمدعیٰ علیہ یجحد دعواهما ویقول: هولی ، فلم یقض القاضی بشهود المدعیین حتیٰ صدق ذولید احدهما ، فانہ یدفع العبد الی المقرّ لہ، فان عدلت البینتان قضیٰ بہ للمدعیین۔

مسئلہ نمبر 11: ایک غلام ایک آدمی کے قبضے میں تھا۔ اس غلام نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں آزاد آدمی ہوں اور قابض نے کہا کہ یہ فلاں آدمی کا غلام ہے۔ اس نے میرے پاس بطورِ امانت رکھ دیا ہے۔ یا مجھے بطورِ اجارہ دیا ہے۔ تو اس صورت میں قابض کے گواہ اولیٰ ہیں۔ بخلاف اس صورت کے کہ جب غلام اپنے آقا کے خلاف اس بات پر گواہ پیش کرے کہ میں حرُّالاصل ہوں (یعنی اصل میں آزاد ہوں، غلام نہیں ہوں) اور آقا اس بات پر گواہ پیش کرے کہ تم غلام ہو۔ تو اس صورت میں غلام کے گواہ اولیٰ ہوں گے۔ دلیل (ان دونوں مسئلوں کی) یہ ہے کہ غلام کے گواہ جو آزادی کو ثابت کرتے ہیں، مالک اس کا خصم بن سکتا ہے (یعنی مالک کو خصم بننے کا حق حاصل ہے جو یہ کہے کہ یہ آزاد نہیں ہے لیکن جب گواہوں نے گواہی دی تو وہ اولیٰ ہو گیا)۔ اور یہاں (یعنی اس صورت میں جب قابض کہتا ہے کہ یہ فلاں شخص کا غلام ہے مجھے بطورِ امانت یا بطورِ اجارہ دیا ہے) تو جس کے قبضے میں ابھی ہے وہ خصم نہیں بن سکتا۔ (کہ غلام کے گواہ اس کے خلاف قائم ہوں بلکہ خصم اس کا مالک ہے اور وہ حاضر نہیں ہے تو اس وجہ سے غلام کے گواہ اولیٰ نہیں ہیں) اس صورت میں ان کے (یعنی غلام اور قابض کے) درمیان جدائی کر دی جائے گی (1)۔ اور اس حکم کی اصل یہ ہے (یعنی اس مسئلہ سے یہ حکم نکالا گیا ہے) کہ جو آدمی عورت کے منتقل کرنے کا وکیل ہو (مثلاً زید نے بکر کو وکیل بنایا کہ تم میری بیوی کو میرے پاس فلاں جگہ پہنچاؤ تو بکر عورت کے منتقل کرنے کا وکیل ہے۔ جب بکر نے اس عورت کے لے جانے کا ارادہ کیا) اگر اس نے تین طلاقیں دینے پر گواہ پیش کیے (کہ زید نے مجھے تین طلاقیں دی ہیں لہٰذا اب وہ مجھے کیوں بلاتا ہے) تو عورت کے گواہ قبول نہیں ہیں۔ لیکن وکیل (یعنی بکر) اس کو کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اور یہ حکم اس کی دلیل ہے جس کو استحسان کہا جاتا ہے۔ تو پچھلے مسئلے میں غلام کا یہی حکم ہو گا۔ اور اگر مسئلہ کی صورت یہ تھی کہ غلام نے کہا کہ زید نے مجھے آزاد کیا ہے۔

10:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص 315 جلد 2 باب الدعویٰ فصل فی دعوی الحائط والطریق۔

حاشیہ:۔ اخلاصہ (نامی کتاب) میں ہے کہ غلام سے معتبر ضمانت لی جائیگی۔ کہ جب غائب مالک حاضر ہو جائے تو اس غلام کو حاضر کیا جائے گا۔ ۱۲ مترجم

اور قابض نے کہا(کہ زید نے یہ (غلام) مجھے بطورِ امانت یا بطورِ ااجارہ دیا ہے)۔اور قابض نے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو اس کے اور غلام کے درمیان جدائی نہیں کی جائے گی۔اس لیے کہ غلام نے غلامی کا اقرار کیا ہے اور پھر آزادی کا دعویٰ کیا ہے (کہ زید نے مجھے آزد کیا ہے۔) اور اگر غلام نے کہا کہ میں حرؓ الاصل ہوں (یعنی اصل میں آزاد آدمی ہوں) تو اس صورت میں اصل حکم کی وجہ سے غلام کی بات معتبر ہو گی۔(لسان الحکام)

مسئلہ نمبر 11:عبد فی ید رجل اقام البینۃ انہ حر وقال ذوالید : انہ عبد فلان اودعنیہ او آجرنیہ فبینۃ ذی الید اولیٰ بخلاف ما اذا اقام العبد البینۃ علیٰ مولاہ انہ حر الاصل واقام مولاہ البینۃ انہ عبدہ فبینۃ العبد اولیٰ لان المولیٰ یصلح خصما لاثبات بینۃ العبدبالحریۃ اما ھاھنا فالمودع لیس بخصم لٰکن یحال بین العبد وبین ذی الید۔ ولو قال العبد : اعتقنی فلان وذوالید لم یقم البینۃ علی الایداع والاجارۃ لا یحال بینہ وبین العبد لانہ اقرّبالرّق ثم ادعیٰ العتق ۔

مسئلہ نمبر12: اگر غلام نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں آزاد ہوں اور قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ فلاں غائب آدمی نے مجھے بطورِ امانت دیا ہے اور اس بات پر گواہ پیش نہ کیے کہ آپ اس کے غلام ہو تو یہ گواہ قبول نہیں ہوں گے۔ بر خلاف اس صورت کے کہ جب غلام گواہ پیش کرے کہ فلاں غائب آدمی نے مجھے آزد کیا ہے یعنی وہ شخص کہ قابض جس کی امانت کا دعویٰ کرتا ہے (اس نے مجھے آزاد کر دیا ہے۔) تو اس صورت میں قابض کے گواہ معتبر ہوں گے۔ کیوں کہ اس صورت میں قابض اور غلام کا جھگڑا ختم ہوتا ہے۔اس لیے کہ غلام نے اپنے اوپر غلامی کا اقرار کر لیا ہے۔(غانم)

مسئلہ نمبر 12: ولو اقام ذوالید البینۃ علی الایداع دون الملک للغائب حین اقام العبد البینۃ علی الحریۃ لا تقبل، بخلاف مالو اقام العبد البینۃ ان فلانا اعتقہ یعنی الذی اودعہ ، انہ یندفع عنہ خصومۃ العبد ،لانہ اقر بالرق علیٰ نفسہ۔

11:۔لسان الحکام فی معرفۃ الاحکام لاحمد بن محمد بن محمد، ابوالولید، لسان الدین ابن الشحنۃ الثقفی الحلبی (المتوفیٰ: 822ھ) ص234 الفصل الثانی فی انواع الدعاوی والبینات۔الناشر البابی الحلبی، القاہرہ الطبعہ الثانیہ، 1393ھ 1973

12:۔ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی (المتوفیٰ 1030ھ) ص179 کتاب الدعویٰ۔الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔الطبعۃ الاولیٰ: 2016

مسئلہ نمبر 13: ایک آدمی کے قبضہ میں ایک بچہ تھا اس نے کہا کہ میں آزاد ہوں اور قابض نے کہا کہ یہ میرا غلام ہے تو اگر وہ لڑکا اس قدر چھوٹا ہو کہ اپنا حال بیان نہ کر سکے تو قابض کی بات معتبر ہو گی۔ اور یہ چھوٹا بچہ سامان کی طرح ہو گا (جیسے برتن اور لکڑی وغیرہ۔) لیکن اگر وہ لڑکا بڑا ہو یا چھوٹا ہو لیکن اپنا حال بیان کر سکتا ہو۔ تو اس کی بات معتبر ہو گی۔ اور اگر دونوں نے گواہ پیش کر دیئے قابض نے اس بات پر کہ یہ میرا غلام ہے اور غلام نے اس بات پر کہ میں آزاد ہوں۔ جبکہ لڑکا بڑا ہو اور ٹھیک طرح باتیں کر سکتا ہو، تو ایسی صورت میں آزادی کے گواہ اولیٰ ہیں۔ جامع صغیر میں قضاء کے مسائل کی بحث میں اس طرح کہا گیا ہے۔ اور اگر دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو اسی کے گواہ اولیٰ ہوں گے۔ اسی طرح اگر کسی آدمی نے دائی عورت سے کہا کہ تو نے اس بچے کو گائے کا دودھ پلایا ہے (اور میں نے تجھے کہا تھا کہ اپنا دودھ پلانا ہے لٰہذا اب تجھے مزدوری نہیں ملے گی) اور اس نے کہا کہ میں نے اپنا دودھ پلایا ہے تو دائی کی بات معتبر ہو گی۔ اور اگر دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو گواہ بھی دائی کے اولیٰ ہوں گے۔ اسی طرح جامع صغیر میں دوسرا مسئلہ بھی ذکر کیا گیا ہے (سلم کے مسائل میں) کہ رب السلم نے دوسرے شخص کو بطورِ سلم رقم دی تھی۔ اگر اس نے کہا کہ میں نے آپ کے ساتھ ایک مہینے کی مدت مقرر کی تھی (کہ یہ رقم لے لو اور فلاں مہینے کی فلاں تاریخ کو تم مجھے اتنی مقدار گندم دو گے مثلاً) اب وہ مہینہ گزر چکا ہے اور مسلم الیہ (جس نے یہ رقم بطورِ سلم لی ہے) نے کہا کہ مہینہ نہیں گزرا، میں نے تو تم سے ابھی رقم بطورِ سلم لی ہے تو مسلم الیہ کی بات معتبر ہو گی۔ اور رب السلم پر لازم ہے کہ گواہ پیش کرے۔ اور اگر دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو مسلم الیہ کے گواہ اولیٰ ہوں گے۔ (مبسوط)

مسئلہ نمبر 13: غلام فی ید رجل ، قال : انا حر، وقال الذی فی یدیہ : ھو عبدی ، ان کان لا یعبر فالقول قول ذی الید وھو کالمتاع ، وان کان بالغا او صغیرا یعبر فالقول قول الغلام ۔ ولو اقاما البینۃ: ھٰذا علی الرق وھٰذا علی الحریۃ، فبینۃ الغلام اولیٰ، ھٰذا فی الاقضیۃ۔ویجوز ان یکون القول قولہ والبینۃ بینتہ ، کا لمودع اذا قال : رددت الودیعۃ ۔ کان القول قولہ ۔ ولو اقاما البینۃ فالبینۃ بینتہ ، وکذاالرجل قال للظئر: ارضعت ولدی بلبن البقر ، وقالت : لا بل بلبنی ، فالقول قولھا، ولو اقاما البینۃ فالبینۃ بینتھا۔ واذا اختلفا فی الاجل فقال الطالب : (ای رب السلم) اجّلتک شھرا وقد مضیٰ وقال المطلوب

13:۔ کتاب الاصل المعروف بالمبسوط، لابی عبداللہ محمد بن الحسن الشیبانی (المتوفی: 189ھ) ص 159، جلد نمبر 5 باب ما لغلام الصغیر فی ید الرجل۔ الناشر: ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی، موافق للمطبوع

: (ای المسلم الیہ) لم یمض بعد انما اخذت السلم منک الساعۃ ، ولا بینۃ بینھما فالقول فی ذالک قول المطلوب مع یمینہ ، وعلی الطالب البینۃ ، فان قامت لھما بینۃ المطلوب .*

مسئلہ نمبر14: کافی نامی کتاب میں لکھا گیا ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی کے لیے کپڑا بھیجا اور اس (یعنی عورت) نے کہا کہ وہ تو بطورِ تحفہ دیا تھا اور شوہر نے کہا کہ نہیں وہ مہر کا حصہ تھا تو شوہر کی بات معتبر ہو گی۔اور اگر عورت نے گواہ پیش کیے تو اس کے گواہ قبول کیے جائیں گے۔اور اگر دونوں نے گواہ پیش کیے تو عورت (ا) کے گواہ اولیٰ ہیں۔(کافی وغانم)

مسئلہ نمبر 14: اذا بعث الرجل الیھا ثوبا ، فقالت : ھٰذا ھدیۃ ، وقال الزوج: ھو من الکسوۃ، فالقول قول الزوج والبینۃ بینتھا، فان اقاما البینۃ فالبینۃ بینتھا.

مسئلہ نمبر15: ایک آدمی کے قبضے میں ایک باندی تھی اس نے کہا کہ میں فلاں مرد کے بچے کی ماں ہوں (یعنی اس کی ام ولد ہوں) یا اس نے مجھے مدبرہ بنایا ہے (یعنی مجھے کہا ہے کہ میرے مرنے کے بعد تم آزاد ہو) یا مجھے مکاتبہ بنایا ہے (یعنی مجھ سے اتنی رقم پر بات ہوئی ہے کہ یہ ادا کرو تو تم آزاد ہو جاؤ گی)۔یا مجھے آزد کیا ہے۔اور قابض نے کہا کہ تم میری باندی ہو۔تو قابض کی بات معتبر ہو گی۔ اور مام ابویوسف ؒ نے فرمایا ہے: کہ لونڈی اور اس فلاں شخص کی بات معتبر ہو گی جس کے لیے اس نے اقرار کیا ہے۔اور اگر اس فلاں شخص نے اس عورت کی تصدیق کی کہ (یہ سچ کہتی ہے یہ میری باندی ہے) لیکن یہ کہا کہ مجھ سے اس کا بچہ پیدا نہیں ہوا اور نہ میں نے اس کو آزاد کیا ہے۔تو اس صورت میں قابض کی بات معتبر ہے اور اگر قابض نے کہا کہ یہ باندی میں نے فلاں آدمی سے خریدی ہے اور باندی نے کہا کہ فلاں نے مجھے آزاد کیا ہے اور دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے، تو آزادی کے گواہ اولیٰ ہیں۔لیکن اگر قابض (جس نے یہ باندی خریدی ہے) کے قبضے میں دیکھی گئی ہو اور لوگوں کو معلوم ہو (تو ایسی صورت میں قابض کے گواہ اولیٰ ہیں)۔(''خلاصۃ الفتاویٰ'')

14:۔ ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی (المتوفیٰ1030ھ) ص180 کتاب الدعویٰ۔الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔الطبعۃ الاولیٰ: 2016۔

---

*لم اقف علیہ فی (الجامع الصغیر) لمحمد بن حسن، وھو فی (المبسوط) لہ۔کتاب الاصل المعروف بالمبسوط، لابی عبداللہ محمد بن الحسن الشیبانی (المتوفیٰ: 189ھ) ص نمبر23 جلد نمبر5۔الناشر: ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی، موافق للمطبوع۔

ا:۔ قاضی خان نے نفقہ کے باب میں کہا ہے کہ شوہر کے گواہ اولیٰ ہیں۔۱۲مترجم

مسئلہ نمبر 15: امۃ فی ید رجل، قالت : انا ام ولد لفلان ، اومدبرتہ او مکاتبتہ او اعتقنی فقال ذوالید : انھا ملکی ، فالقول قول ذی الید، وقال ابو یوسف ؒ : (القول قول الامتہ

والمقرّلہ)ولو صدقھا المقر لہ فی انھا امۃ لہ وکذبھا فی العتق والاستیلاد، فالقول قول ذی الید ۔ولو قال ذوالید : اشتریتھا من فلان ، وقالت اعتقنی فلان ، واقام کل واحد منھما بینۃ ، فبینۃ العتق اولیٰ ،الا اذا کان فی ید المشتری قبض معاین ۔

مسئلہ نمبر 16: (ایک آدمی نے ایک میت کے وارث ہونے کا دعویٰ کیا) اور گواہ پیش کیے کہ میں اس میت کا چچازاد ہوں اور دادا تک نام ذکر کیے اور جن لوگوں کا اس کے ساتھ جھگڑا ہے انہوں نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس مدعی نے اقرار کیا تھا کہ میں فلاں ہوں اور فلاں کا بیٹا ہوں اور یہ فلاں کوئی اور ہو (یعنی میت کا چچا نہ ہو) تو مدعی کا دعویٰ کالعدم ہو جائے گا۔اسی طرح اس کے گواہ مسترد ہوں گے ،اگر اس نے اس بات پر گواہ پیش کر دیئے کہ مدعی نے دعویٰ کیا تھا ایک دوسرے آدمی پر کہ میں اس کا چچازاد ہوں اور باپ اور دادا کے نام ذکر کیے تھے اور قاضی نے اس کے نسب کا فیصلہ صادر فرمایا تھا کہ (تم اس آدمی کے بیٹے ہو۔) لیکن اگر اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میت کا بیٹا فلاں آدمی تھا اور وہ اس کے علاوہ کوئی اور آدمی تھا جس کا یہ مدعی دعویٰ کرتا ہے تو اس سے دعویٰ مسترد نہیں ہوگا۔کیونکہ گواہ کسی چیز کے اثبات کے لیے ہوتے ہیں نہ کہ نفی کے لیے اور یہ بات بھی ہے کہ یہ مدعیٰ علیہ کے دادا کا نام ثابت کرنے میں خصم نہیں ہے (یعنی جھگڑا کرنے والا نہیں ہے) تو اس کے گواہ نہ تو اثبات میں قبول ہوں گے اور نہ نفی میں۔ (مطلب یہ ہے کہ اس مدعی نے دو باتیں کی ہیں (۱) ایک یہ کہ میت کا باپ فلاں ہے۔(۲) دوسری یہ کہ وہ آدمی نہیں ہے جس کا تذکرہ مدعی نے کیا تھا۔) تو پہلی بات میں تو اثبات ہے لیکن یہ مدعیٰ علیہ اس بارے میں خصم نہیں بن سکتا۔تو اس اثبات میں گواہ قبول نہیں ہوں گے اور دوسری بات نفی کی ہے تو اس وجہ سے بھی اس میں گواہ قبول نہیں ہوں گے۔(''فصولین فصل نمبر ۱۰'')

15:۔خلاصۃ الفتاویٰ لطاہر بن عبد الرشید البخاری ص109، جلد3- 4 کتاب الدعویٰ، باب الفصل الحادی عشر فی دعوی العتق والحریۃ، ناشر: مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، پاکستان۔الطبعہ، بدون طبعہ وبدون تاریخ۔

16:۔جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی سماوہ الحنفی(المتوفی823ھ) ص151، جلد1، فصل نمبر10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع۔الطبعہ، بدون الطبعہ وبدون التاریخ

مسئلہ نمبر 16: اثبت بنوۃ العم بذکر الاسامی الی الجد فبرھن خصمہ انہ اقر انہ فلان ابن فلان آخر یندفع المدعی۔ وکذا یندفع لو برھن انہ ادعیٰ علیٰ آخر انہ ابن عمہ وذکر اسم ابیہ وجدہ وحکم بنسبہ من ذالک الرجل ولو برھن ان ابا المیت فلان غیر ما اثبتہ المدعی لا

یندفع المدعی اذ البینتان للاثبات لا للنفی ولانہ لیس بخصم فی اثبات اسم الجد فلا یقبل علی الاثبات ولا علی النفی ۔

مسئلہ نمبر 17: ایک آدمی کے قبضہ میں ایک گھر تھا۔ دوسرے نے اس پر دعویٰ کیا کہ یہ گھر میرا ہے اور اس پر گواہ پیش کیے اور مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ گھر فلاں غائب آدمی کا ہے۔ اور اس نے اس مدعی سے خریدا ہے۔ اور مجھے اس کا وکیل بنایا ہے تو یہ گواہ قبول ہوں گے۔ اور یہ قابض مدعی کی خصومت سے بچ جائے گا اور ان گواہوں کی بنیاد پر فلاں غائب آدمی کے لیے اس گھر کے خریدنے کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔(قاضی خان)

مسئلہ نمبر 17: دار فی ید رجل ادعیٰ رجل انھا لہ واقام البینۃ ، واقام الذی فی یدہ البینۃ ان ھٰذہ الدار لفلان الغائب اشتراھا من المدعی ووکّلنی بھا ، تقبل بینتہ وتندفع عنہ الخصومۃ ، ولا یلزم الغائب الشراء من ھٰذالمدعی ۔

مسئلہ نمبر 18: ایک آدمی نے ایک میت کے وارث ہونے کا دعویٰ کیا کہ میں فلاں میت کا چچازاد بھائی ہوں اور وہ ایسا چچا تھا جو کہ میت کے والد کا باپ شریک بھائی تھا(یعنی وہ عم علاتی تھا۔)اور نسب پر گواہ پیش کیے اور گواہوں نے حسبِ ضابطہ اس کے والد اور دادا اور میت کے والد اور دادا کے نام بتائے اور مدعی علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میت کا باپ فلاں آدمی تھا اور وہ اس کے علاوہ تھا، جس کا مدعی نے ذکر کیا ہے۔ تو مدعیٰ علیہ کے گواہ قبول نہیں ہوں گے۔ کیونکہ گواہی کسی چیز کے اثبات کے لیے ہوتی ہے نہ کہ نفی کے لیے۔ اور یہاں مدعیٰ علیہ کے گواہ نفی پر پیش ہوئے ہیں اور یہ مدعی کے دادا کے نام ثابت کرنے میں خصم نہیں ہے(کہ اس کا نام فلاں تھا اور فلاں نہیں تھا۔)اور یہی حکم ہے اگر مدعی اپنے والد کے وارث ہونے کا دعویٰ کر رہا تھا اور مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس مدعی کا باپ دوسرا آدمی ہے، جس کا یہ دعویٰ کر رہا ہے وہ نہیں ہے۔ تو مدعیٰ علیہ کے گواہ قبول نہیں ہوں گے۔

(قاضی خان)

17:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص نمبر 264، جلد 2 باب الدعویٰ، فصل فی دعوی المنقول۔ الناشر: دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010ھ

مسئلہ نمبر 18: رجل طلب المیراث وادعیٰ انہ عم المیت ، یشترط لصحّتہ ان یفسّر فیقول : عمہ لابیہ وامہ ، اولابیہ ، اولامہ ، ویشترط ایضا ان یقول : ووارثہ لا وارث لہ غیرہ ۔ واذا

اقام البینۃ لا بد للشھود ان ینسبوا المیت والوارث حتیٰ یلتقیا الیٰ اب واحد ویقول : ھو وارثہ لا وارث لہ غیرہ : وکذالک فی الاخ والجد اذا شھدوا انہ جد المیت ابو ابیہ، لا بد ان یقولوا : ھو وارثہ لاوارث لہ غیرہ۔ فان شھدوا بذالک او شھدوا انہ اخ المیت لابیہ وامہ اولابیہ ، ووارثہ لا یعلمون لہ وارثا غیرہ جاز، ولا یشترط فی ھٰذا ذکر الاسماء ۔

مسئلہ نمبر19: اگر کسی شخص نے وارث ہونے کا دعویٰ کیا اور کہا کہ میں فلاں میت کا چچازاد بھائی ہوں، ایسا چچا جو اس میت کے والد کا باپ شریک بھائی (یعنی علاتی بھائی) تھا۔ اور اس شخص نے اوپر دادا تک نام ذکر کیے جبکہ مدعٰی علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ مدعی اپنی زندگی میں کہا کرتا تھا کہ میں فلاں (یعنی میت کے باپ) کا ماں شریک بھائی ہوں نہ کہ باپ شریک۔ تو مدعٰی علیہ کے گواہ قابل قبول نہیں ہیں۔ لیکن اگر مدعٰی علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ فلاں قاضی نے فیصلہ کیا ہے اور اس مدعی کے باپ کا نسب ایسے فلاں شخص سے ثابت کیا ہے جو اس کے علاوہ ہے، جس کا مدعی نے دعویٰ کیا ہے (تو پھر مدعٰی علیہ کے گواہ قابل قبول ہیں۔) (قاضی خان باب الدعاوٰی)

**مسئلہ نمبر 19: رجل طلب المیراث وادعیٰ انہ عم المیت ، یشترط لصحّتہ ان یفسّر فیقول : عمہ لابیہ وامہ ، اولابیہ ، اولامہ ، ویشترط ایضا ان یقول : ووارثہ لا وارث لہ غیرہ ۔ واذا اقام البینۃ لا بد للشھود ان ینسبوا المیت والوارث حتیٰ یلتقیا الیٰ اب واحد ویقول : ھو وارثہ لا وارث لہ غیرہ : وکذالک فی الاخ والجد اذا شھدوا انہ جد المیت ابو ابیہ، لا بد ان یقولوا : ھو وارثہ لاوارث لہ غیرہ فان شھدوا بذالک او شھدوا انہ اخ المیت لابیہ وامہ اولابیہ ، ووارثہ لا یعلمون لہ وارثا غیرہ جاز، ولا یشترط فی ھٰذا ذکر الاسماء ۔
برھن علیٰ انہ ابن عم المیت وذکرالنسب فبرھن خصمہ ان جد المیت فلان غیرما بینہ المدعی لو لم یقض بالاول لا یقضیٰ بشیئ للتعارض ولو قضیٰ بالاول لا یقضیٰ بالثانی ۔**

18:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص281، کتاب الدعویٰ، فصل فی دعوی الملک بسبب۔

19: ۔ جامع الفصولین لشیخ بدرالدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی سماوہ الحنفی (المتوفیٰ 823ھ) ص152، جلد1، فصل نمبر10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع

ملا خسرو نے درر غرر کے اس فصل میں کہا ہے جس میں قیمتاً خریدنے کے مسائل کا ذکر ہے۔ اگر کسی آدمی نے دعویٰ کیا کہ میں فلاں میت کا عصبہ نسبی ہوں (مثلاً میں اس کے باپ کی طرف سے چچا ہوں) اور نسب بیان کیا۔ اور جس کا اس کے ساتھ جھگڑا تھا (یعنی مدعٰی علیہ) اس نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس میت کا نسب اس کے علاوہ ہے جو اس مدعی نے بتایا ہے۔ تو اگر اس کے وارث

ہونے کا فیصلہ ہوا ہو تو مدعیٰ علیہ کے گواہوں پر فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر فیصلہ نہیں ہوا ہو تو جانبین کے گواہ ساقط ہو جائیں گے۔ کیونکہ دونوں (گواہوں میں) باہمی تعارض پیدا ہو گیا اور کسی کے گواہ کے اولیٰ ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔
اور اگر مدعی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں اس میت کا چچازاد بھائی ہوں، ایسا چچا جو ماں باپ دونوں کی طرف سے (یعنی عمِ عینی) تھا۔ اور مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ مدعی اس میت کا چچازاد بھائی ہے، ایسا چچا کہ جو اس میت کے باپ کے ساتھ صرف ماں میں شریک (یعنی عمِ خیفی) تھا۔ یا اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس میت نے اقرار کیا تھا کہ میں اس کا (یعنی اس مدعی کا چچازاد بھائی ہوں، ایسا چچا جو صرف ماں کی طرف سے تھا۔) تو ان دونوں صورتوں میں جب قاضی نے پہلے مدعی کے گواہوں پر فیصلہ نہ کیا ہو تو مدعی کا دعویٰ مسترد ہو جائے گا۔ لیکن اگر فیصلہ کیا ہو تو پھر دعویٰ مسترد نہیں ہو گا۔ کیونکہ مدعی کی پیش کردہ گواہی میں قاضی کے حکم اور فیصلہ کی وجہ سے مضبوطی آگئی ہے۔ بر خلاف پہلی صورت کے کہ وہاں دعویٰ مسترد ہو گا کیونکہ وہاں قاضی نے فیصلہ نہیں کیا تھا۔ ملا خسرو (محمد بن فراموز بن علی الشھیر بمولیٰ خسرو) کا بیان ختم ہوا۔ اور یہ بات مخفی نہیں ہے کہ ان دونوں مسئلوں میں حق کی مخالفت کی گئی ہے (یعنی دونوں مسئلے حق کے خلاف ہیں) جیسا کہ عقلاء پر یہ بات واضح ہے۔ کیونکہ اس حکم کی مخالفت کی گئی ہے جو قاضی خان نے اپنے فتاویٰ میں واضح طور پر بیان کیا ہے (جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے) اور فصول عمادی کتاب میں ذکر ہے کہ اگر کسی نے ایسے انگور کے باغ کا دعویٰ کیا جو کسی اور کے قبضے میں تھا۔ اور کہا کہ یہ باغ مجھے اپنے نانا سے میراث میں ملا ہے، ایسا نانا جو میری ماں کا باپ تھا۔ اور میرا نام محمد ہے ماں کا نام خیرۃ اور اس کے والد کا نام محمد بن حارث تھا اور قابض (یعنی مدعیٰ علیہ) نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ مدعی پہلے یہ کہا کرتا تھا کہ میں عائشہ کا بیٹا ہوں اور وہ علی بن حسین کی بیٹی تھی۔

ملا خسرو والے مسئلے کی تخریج: برھن انہ ابن عمہ لابیہ وامہ، وبرھن الدافع انہ ابن عمہ لامہ فقط، او علیٰ اقرار المیت بانہ ابن عمہ لامہ فقط، کان دفعا قبل القضاء بالاوّل لا بعدہ ، لتأکدہ بالقضاء بخلاف الاول ۔ *

---

* دورالحکام شرح غرر الاحکام لمحمد بن فراموز بن علی الشہیر ملا خسرو (المتوفی: 885ھ) ص355، جلد2۔ کتاب الدعویٰ باب دعوی الرجلین۔ الناشر: دار احیاء الکتب العربی، الطبعہ بدون طبعہ وبدون تاریخ۔

تو شیخ عطاء بن حمزہ نے جواب دیا ہے کہ اس سے اس مدعی کا دعویٰ مسترد ہو جاتا ہے۔ تو اس کی مثال اس طرح ہوئی جیسا کہ کوئی ایسی چیز کا دعویٰ کرے جو کسی اور کے قبضے میں ہو۔ یعنی یہ کہے کہ یہ چیز مجھے اپنے باپ سے میراث میں ملی ہے اور بعد میں یہ دعویٰ کرے کہ مجھے یہ اپنی ماں سے میراث میں ملی ہے۔

شمس الاسلام اوز جندی (محمود بن عبد العزیز الاوز جندی، شمس الدین ابو القاسم، القاضی الحنفی) نے اس قسم کے مسائل میں یہ فتویٰ دیا ہے کہ اس سے مدعی کا دعویٰ مسترد نہیں ہوتا۔ اور مدعیٰ علیہ کے گواہ اپنے دعویٰ پر قبول نہیں کیے جائیں گے۔ اور اس زمانے کے بعض علماء نے اس حکم میں اوز جندی کی پیروی کی ہے اور ظہیر الدین مرغینانی اسی پر فتویٰ دیا کرتے تھے۔ اور یہ حکم ہمارے نزدیک حق ہے۔ ذخیرہ کتاب کے مصنف (محمود بن احمد بن عبد العزیز بن مازہ، برہان الدین مرغینانی) نے کہا ہے (اس حکم کی دلیل میں) کہ اگر مدعیٰ علیہ کے گواہ قبول ہو جائے یا تو مدعی کے نانا کے نام کے اثبات میں قبول ہو جائیں گے۔ لیکن مدعیٰ علیہ اس بابت میں خصم نہیں ہے (اس کو جھگڑے کا حق حاصل نہیں ہے) یا اس میراث کی نفی میں قبول ہو جائیں گے، جس کا مدعی نے دعویٰ کیا ہے جبکہ نفی کے گواہ معتبر نہیں ہیں۔ (اس طرح کا بیان تفصیل کے ساتھ پہلے گزر چکا ہے)" فصولین"

میں کہتا ہوں کہ امام ملا خسرو نے جو بات ذکر کی ہے وہ اس نے عطاء بن حمزہ کے جواب سے لی ہے لیکن ملا خسرو نے اس میں کوتاہی کی ہے۔ اس لیے کہ اس مسئلے میں کسی اختلاف ذکر نہیں کیا ہے باوجود یہ کہ اس کا وہ اختلاف اکثر علماء کے نزدیک معتبر ہے۔ اور جامع الفصولین میں جامع الفتاویٰ سے نقل کیا گیا ہے کہ اگر کسی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں فلاں میت کا چچازاد بھائی ہوں اور نسب بیان کیا اور جس کا اس کے ساتھ جھگڑا تھا (یعنی مدعیٰ علیہ) وہ اس بات پر گواہ پیش کرے کہ اس میت کا دادا فلاں تھا، اس کے علاوہ تھا جس کا مدعی نے ذکر کیا ہے۔

عطا بن حمزہ السغدی والے مسئلے کی تخریج :ادعیٰ ارثا عن جدہ ابی امہ ، فقال: انا محمد ، واسم امی خیرہ ، وابوھا زید بن بکر بن سعد ، فبرھن الدافع انہ زعم قبل ھٰذا انہ ابن عائیشہ بنت علی بن حسین ، قیل یندفع : واختارہ السغدی ۔ وقیل : لا یندفع ۔ وبہ افتیٰ الاوز جندی وظہیرالدین المرغینانی ، قال صاحب الذخیرہ: ھٰذا ھوالصواب عندنا ۔ وعلل عمادالدین فی فصولہ بان بینتہ لو قبلت اما ان تقبل علیٰ اثبات اسم الجد المدعی وانہ لیس بخصم فیہ او لنفی ما ادعاہ من الارث وھی علی النفی لا تقبل۔*

---

* جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی ساوہ الحنفی (المتوفی 823ھ) ص 152، جلد 1، فصل نمبر 10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع

تو اگر قاضی نے پہلے مدعی کے گواہوں پر فیصلہ نہ کیا ہو تو اب کوئی فیصلہ نہیں کرے گا کیونکہ جانبین کے گواہوں کا آپس میں تعارض آگیا (جب گواہوں کی گواہی میں تعارض آجائے تو وہ ساقط ہو جاتے ہیں۔) اور اگر پہلی گواہی پر قاضی نے فیصلہ کیا ہو تو اب مدعیٰ علیہ کے گواہوں پر فیصلہ نہیں کرے گا۔ اور اگر مدعی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں فلاں میت کا چچازاد بھائی ہوں (ایسا چچا) جو

ماں اور باپ دونوں کی طرف سے تھا (یعنی عم عینی) اور مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ مدعی اس میت کا چچازاد بھائی ہے (ایسا چچا) جو ماں کی طرف سے تھا نہ کہ باپ کی طرف سے۔ تو پہلی گواہی پر اگر قاضی نے فیصلہ نہیں کیا ہو تو مدعی کا دعویٰ ساقط ہو جائے گا۔ اور اس طرح کا حکم ہے کہ اگر مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس میت نے اقرار کیا تھا کہ یہ آدمی (مدعی) ماں کی طرف سے میرا چچازاد بھائی ہے، باپ کی طرف سے نہیں (یعنی حقیقی چچا کا بیٹا ہے علاتی چچا کا بیٹا نہیں۔) تو اگر قاضی نے پہلے مدعی کے لیے فیصلہ نہ کیا ہو تو اسکا دعویٰ ساقط ہو جائے گا۔ اور فصولین میں جامع النوازل سے یہ بات منقول ہے کہ اگر کوئی آدمی اپنے نانا کے وارث ہونے کا دعویٰ کرتا تھا، ایسا نانا جو اس کی ماں کا باپ تھا اور یہ کہا کرتا تھا کہ میرا نام محمد ہے اور میری ماں کا نام مرّہ ہے جبکہ اس کے باپ کا نام زید تھا۔ زید بکر کا بیٹا ہے اور وہ سعہ کا بیٹا تھا اور جس کا اس کے ساتھ وارث ہونے میں جھگڑا ہو (یعنی مدعیٰ علیہ) وہ اس باپ پر گواہ پیش کرے کہ اس مدعی نے یہ کہا ہے کہ میں عائشہ کا بیٹا ہوں اور وہ علی کی بیٹی تھی، علی حسین کا بیٹا تھا تو بعض علماء نے کہا کہ اس سے مدعی کا دعویٰ ساقط ہو جاتا ہے۔ اور عطاء بن حمزہ السعدی نے بھی یہ بات پسند کی ہے اور بعض نے کہا ہے کہ مدعی کا دعویٰ ساقط نہیں ہوتا اور اسی پر فتویٰ ہے۔ اوزجندی، ظہیر الدین مرغینانی اور مصنف ذخیرہ نے کہا ہے کہ ہمارے نزدیک یہ حکم حق ہے۔ ''فصولین'' کا مضمون ختم ہوا۔

میں کہتا ہوں کہ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ جو حکم ملا خسرو نے ذکر کیا ہے وہ اس بیان کے مطابق ہے جو جامع الفتاویٰ میں ذکر ہے۔ (لیکن اس حکم میں ایک زبردست اختلاف موجود ہے) تو میں نہیں جانتا کہ ملا خسرو نے اس کی پیروی اس گمان پر کی ہے کہ یہ حکم حق ہے۔ اگرچہ اس میں اختلاف موجود ہے یا انہوں نے اس کی پیروی اس لیے کی ہے کہ ان کو یہ اختلاف معلوم نہیں تھا۔ اللہ بہتر جانتا ہے۔

مسئلہ نمبر 20: اگر کسی شخص نے دوسرے شخص پر یہ دعویٰ کیا کہ ان کے ذمے میری اتنی رقم ہے اور جواب میں اس نے کہا کہ میرے ذمے ان کے ہرگز کچھ بھی نہیں ہے یا یہ کہا کہ میرے ذمے ہرگز کچھ نہیں تھا تو جب مدعی اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کرے اور مدعیٰ علیہ اس بات پر گواہ پیش کرے کہ میں نے وہ قرض کی رقم ساری اس کو دے دی ہے یا اس بات پر گواہ پیش کرے کہ اس نے یہاں مجھے اس سے بری کر دیا ہے (یعنی وہ رقم اس نے مجھے معاف کی ہے) تو یہ گواہ قابل قبول نہیں ہوں گے۔ اور اگر مدعی نے پہلے سے جواب میں یہ کہا تھا کہ میرے اور آپ کے درمیان کسی چیز کا معاملہ نہیں ہوا تھا اور مدعی نے اپنے دعویٰ پر مثلاً اس بات پر گواہ پیش کیے کہ آپ نے مجھ سے فلاں چیز ادھار خریدی تھی لہٰذا وہ رقم میری آپ کے ذمہ ہے۔ اور مدعیٰ علیہ اس بات پر گواہ پر پیش کرے کہ وہ رقم میں نے ادا کی ہے یا آپ نے مجھے اس سے بری کیا ہے تو پھر یہ گواہ قبول نہیں ہوں گے۔ اور امام ابو یوسف ؒ فرماتے ہیں

کہ قبول ہوں گے۔اور اگر مدعیٰ علیہ نے بات برابر کر دی۔اس طرح کہ اس نے کہا کہ ہمارے درمیان کسی قسم کا بھی معاملہ نہیں ہوا تھا۔لیکن ان گواہوں نے ان سے سنا ہے کہ اس نے بری کر دیا ہے (مجھے وہ رقم معاف کی ہے۔) ("جامع الفصولین")

مسئلہ نمبر 20: ادعیٰ شراہ فقال ذوالید : لم ابع اوقال: لا یبیع بیننا اوقال: لم یجر بیننا بیع فلما برھن المدعی علی الشراء ، برھن ذوالید ان المدعی رد علیہ المبیع تقبل بینتہ وینتقض البیع ۔ وھٰذا کمالو قال : لیس اولم یکن لہ علیّ شیئ قط ، فلما برھن علیہ ، برھن ھو علیٰ قضائہ او ابرائہ تقبل ۔ ولو قال لم یکن بینی وبینک معاملہ فی شیئ لا یقبل منہ المخرج فی الدَین ۔ وقال ابو یوسفؒ : تقبل ، لو وفق بان قال : لم یکن بیننا معاملہ الا ان شھودی سمعوا منہ انہ ابرأنی ۔

مسئلہ نمبر 21: ایک نصرانی مر گیا۔تو ایک مسلمان اور ایک نصرانی دونوں میں سے ہر ایک نے اس بات پر نصرانی گواہ پیش کیے کہ اس نصرانی کے ذمہ میری اتنی رقم ہے تو طرفین ؒ کے نزدیک سب سے پہلے مسلمان کا قرضہ ادا کیا جائے گا (یعنی مسلمان کا قرضہ ادا کرنے کے بعد اگر مزید مال باقی بچا تو اس میں سے نصرانی کا قرضہ ادا کیا جائے گا) اور امام ابو یوسف ؒ فرماتے ہیں کہ دونوں (آپس میں) تقسیم کریں گے (اگر پورا پورا ملا تو ٹھیک) اور اگر دونوں کو پورا پورا نہ ملا تو اپنے اپنے قرض کی شرح اور تناسب سے حصہ لیں گے اور اگر ان دونوں مدعیوں میں سے ہر ایک نے ایسے غلام پر نصرانی گواہ پیش کیے جو زندہ نصرانی کے قبضہ میں تھا (یعنی ہر ایک نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ غلام میرا ہے) تو یہ غلام مسلمان کا ہو جائے گا اور ابو یوسف ؒ سے روایت ہے کہ اس غلام میں دونوں مدعی برابر کے شریک ہوں گے (یعنی آدھا ایک کا اور آدھا دوسرے کا ہو جائے گا۔) (وجیز وغانم)

مسئلہ نمبر 21: نصرانی مات فاقام مسلم ونصرانی بینۃ نصرانیۃ علیٰ دَین لہ علی المیت یبدأ بدَین المسلم عندھما وقال ابو یوسفؒ : یتحاصان ۔ ولو اقام کل واحد بینۃ نصرانیۃ علیٰ عبد فی ید نصرانی فھو للمسلم وعن ابی یوسفؒ بینھما نصفان۔

20:۔جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی سماوہ الحنفی (المتوفیٰ 823ھ) ص 141، جلد 1، فصل نمبر 10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع۔

21:۔وجیز الفتاویٰ، مخطوطہ لمحمد بن محمد بن محمد رضی الدین السرخسی، صاحب المحیط۔کتاب الشہادۃ باب شہادۃ اھل الذمہ وملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی (المتوفیٰ 1030ھ) ص 186 کتاب الدعویٰ۔الناشر : دار الاداوۃ للنشر۔الطبعۃ الاولیٰ: 2016

مسئلہ نمبر 22: ایک نصرانی دو بیٹوں کو چھوڑ کر مر گیا، ایک مسلمان تھا اور دوسرا نصرانی۔تو مسلمان نے مسلمان یا نصرانی گواہ پیش کیے اس بات پر کہ ہمارا وہ باپ مسلمان ہونے کی حالت میں مرا ہے اور نصرانی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ وہ کفر کی حالت میں

مرا ہے۔ تو مسلمان کے لیے میراث کا حکم کیا جائے گا اور اس میت پر نمازِ جنازہ پڑھایا جائے گا۔ جیسا کہ ایک بچہ پیدا ہو جائے اور اس کے والدین میں سے ایک مسلمان اور دوسرا کافر ہو تو شریعت کا حکم یہ ہے کہ یہ بچہ مسلمان ہے (وجیز نے ذمیوں کی شہادت کے باب میں) یہ مسئلہ نقل کیا ہے۔ (وجیز وغانم)

مسئلہ نمبر 22: کافر مات ولہ ابنان مسلم وکافر ، فاقام المسلم بینۃ مسلمۃ او کافرۃ علیٰ انہ مات مسلما ، واقام الکافر بینۃ علیٰ موتہ کافرا ، یقضیٰ بالارث للمسلم ویصلیٰ علیہ ، کالمولود بین مسلم وکافر (بأسلامہ) .

مسئلہ نمبر 23: کسی آدمی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ چیز میری ہے اور مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ مدعی کے ان گواہوں نے (اپنے لیے) اس چیز کا دعویٰ کیا تھا لہٰذا مدعی کے گواہ مردود ہوں گے۔ (جامع الفصولین: فصل نمبر 10)

مسئلہ نمبر 23: برھن ان لہ فبرھن خصمہ ان شھودہ ادعوہ تبطل بینۃ المدعی .

مسئلہ نمبر 24: کسی آدمی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ زید کے قبضے میں جو لڑکا ہے جبکہ اس کا نسب معلوم نہ ہو یہ میرا اس بیوی سے بیٹا ہے اور قابض یعنی زید اس بات پر گواہ پیش کرے کہ یہ لڑکا میرا بیٹا ہے اور اس کی نسبت ماں کی طرف نہیں کی تو فیصلہ مدعی غیر قابض کے حق میں کیا جائے گا۔ (وجیز وغانم)

مسئلہ نمبر24: مجھول النسب ، اقام آخر البینۃ انہ ابنہ من ھٰذہ المرأۃ ، واقام ذوالید بینۃ انہ ابنہ ، ولم ینسبہ الیٰ ام ، قضی للخارج .

22:۔ وجیز الفتاویٰ، مخطوطہ لمحمد بن محمد بن محمد رضی الدین السرخسی، صاحب المحیط۔ کتاب الشہادۃ باب شہادۃ اھل الذمہ وملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔ لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی (المتوفی 1030ھ) ص 187 کتاب الدعویٰ۔ الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔ الطبعۃ الاولیٰ: 2016۔

23:۔ جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی سماوہ الحنفی (المتوفی 823ھ) ص 150، جلد 1، فصل نمبر 10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع الطبعہ بدون الطبعہ وبدون التاریخ۔

24:۔ وجیز الفتاویٰ، مخطوطہ۔ باب دعویٰ نسب المجھول وملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔ ص 187 کتاب الدعویٰ۔ الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔ الطبعۃ الاولیٰ: 2016

مسئلہ نمبر 25: ایک بالغ لڑکے نے ایک مرد اور ایک عورت پر گواہ پیش کیے کہ میں ان دونوں کا بیٹا ہوں۔ جبکہ کسی اور مرد اور عورت نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ لڑکا ہمارا بیٹا ہے تو لڑکے کے گواہ اولیٰ ہیں اور اس کا نسب اس مرد اور عورت سے (جن کا اس نے دعویٰ کیا ہے) ثابت ہو جائے گا۔" وجیز نے مجھول النسب کے دعویٰ کے باب میں اس کو نقل کیا ہے۔" (وجیز وغانم)

مسئلہ نمبر25: غلام احتلم ، اقام بینۃ علیٰ رجل وامرأتہ انہ ابنھما ، واقام رجل آخر وامرأتہ البینۃ ان الغلام ابنھما ، فبینۃ الغلام اولیٰ ، ویثبت نسبہ من اللذین ادعاھما ۔

مسئلہ نمبر26: اگر دو آدمیوں میں سے ہر ایک نے کسی بچے کے نسب کے بارے میں اس بات پر گواہ پیش کیے (کہ یہ بچہ میرا ہے۔) تو یہ بچہ دونوں مدعیوں کا ہو جائے گا۔ "دونوں کی طرف اس کے بیٹے ہونے کی نسبت کی جائے گی" ۔اور اگر ایک نے پہلے گواہ پیش کیے اور قاضی نے اس پر فیصلہ بھی کیا تو پھر دوسرے مدعی کے گواہ قبول نہیں ہوں گے۔("اشباہ کتاب القضاء")

مسئلہ نمبر26: تنازعا فی ولاء رجل بعد موتہ فبرھن کل انہ اعتقہ وھو یملکہ فالمیراث بینھما ، کمالو برھن علیٰ نسب ولد کان بینھما وای بینۃ سیقت وقضی بھا لم تقبل الاخریٰ ۔

مسئلہ نمبر27: کسی آدمی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ زید مر گیا ہے اور (اس نے) میری ماں کے لیے یہ میراث چھوڑا ہے پھر وہ بھی مر گئی ہے اور یہ میرے لیے میراث چھوڑا ہے اور جس کے ساتھ اس مدعی کا جھگڑا تھا(یعنی مدعیٰ علیہ) وہ اس بات پر گواہ پیش کرے کہ تمہاری ماں جس کی میراث کا آپ نے دعویٰ کیا ہے اس زید سے پہلے مر چکی ہے، جس کے بارے میں آپ نے کہا کہ وہ پہلے مر گیا ہے۔ تو بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس سے اس مدعی کا دعویٰ دفع ہو سکتا ہے۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ موت کا وقت قاضی کے حکم کے تحت نہیں آتا۔("جامع الفصولین")

مسئلہ نمبر27: برھن انہ مات وترک ھٰذا میراثا لامی وماتت امی وترکتہ لی وحکم لہ وبرھن خصمہ ان امّک التی تدعی ارثھا ماتت قبل فلان الذی تدعی انہ مات اوّلا قیل تندفع وقیل لا، لان زمان الموت لا ید خل تحت الحکم، فلاتثبت بینۃ خصمہ موت فلانۃ قبل موت فلان۔

25:۔ وجیز الفتاویٰ، مخطوطہ۔ باب دعویٰ نسب المجھول وملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔ ص 187 کتاب الدعویٰ۔ الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔ الطبعۃ الاولیٰ: 2016

26:۔ الاشباہ والنظائر علیٰ مذھب ابی حنیفۃ النعمان بن ثابت۔ مؤلف زین الدین بن ابراھیم بن محمد المعروف بابن نجیم المصری (المتوفی 970ھ) ص 202-203، کتاب القضاء۔ الناشر: دار المکتب العلمیہ بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 1419ھ 1999۔

27:۔ جامع الفصولین ص 155، جلد 1، فصل نمبر 10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ

مسئلہ نمبر28: ایک جانور زید کے قبضے میں تھا۔ کسی مدعی نے اس پر گواہ پیش کیے کہ یہ جانور میرا ہے۔ میں نے زید کو بطورِ اجارہ دیا ہے یا اس بات پر کہ میں نے زید کو بطورِ عاریت دیا ہے اور زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ میرا ہے میرے گھر میں پیدا ہوا ہے تو زید کے لیے اس جانور کا فیصلہ کیا جائے گا۔ کیونکہ یہ گھریلو پیدائش کا دعویٰ کرتا ہے اور مدعی غیر قابض اجارہ یا عاریت کا دعویٰ کرتا

ہے اور گھریلو پیدائش *اجارہ اور عاریت وغیرہ سے مقدم یعنی اولیٰ ہے۔اور اگر مدعی غیر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ میرا ہے۔میرے گھر میں پیدا ہوا ہے یعنی (میرے اپنے جانور سے) اور قاضی نے مدعی کے حق میں فیصلہ کیا ہو اس کے بعد زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ میرا ہے۔میرے گھر میں پیدا ہوا ہے تو فیصلہ زید* *کے حق میں کیا جائے گا ملک مطلق کے برخلاف۔("جامع الفتاویٰ دعاوٰی میں" وغانم)

مسئلہ نمبر28: دابۃ بید رجل ، فبرھن الخارج انھا لہ آجرھا من ذی الید او اعارھامنہ، وبرھن ذوالید انھا لہ نتجت عندہ من دابتہ ، یقضیٰ بھا لذی الید، لانہ یدعی ملک النتاج، والآخر یدعی نحو اجارۃ او اعارۃ ، والنتاج اسبق من نحو اجارۃ واعارۃ ۔ ولو برھن الخارج علیٰ نتاج دابۃ فحکم لہ بھا ثم برھن ذوالید علیٰ نتاج عندہ یحکم لہ ، بخلاف الملک المطلق ۔

28:. ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی (المتوفی 1030ھ) ص188 کتاب الدعویٰ۔الناشر: دارالاداوۃ للنشر۔الطبعۃ الاولیٰ: 1437ھ 2016 وجامع الفتاویٰ لقرق امیر الحمیدی (ل1145)

حاشیہ:۔* یہ مسئلہ پہلے گزر چکا ہے۔۱۲مترجم

**اس جملہ کی بظاہر تین صورتیں بن سکتی ہیں۔پہلی صورت یہ ہے کہ مدعی غیر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے ہو کہ یہ جانور میرا ہے اور اس پر فیصلہ بھی ہو چکا ہو اس کے بعد قابض اس بات پر گواہ پیش کرے کہ یہ میرا ہے تو قابض کے گواہ قابل قبول نہیں ہیں۔دوسری صورت یہ ہے کہ مدعی غیر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے ہوں کہ یہ جانور میرا ہے میرے گھر میں پیدا ہوا ہے اور اس پر فیصلہ بھی ہو چکا ہو اس کے بعد قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ میرا ہے تو یہ گواہ بھی قابل قبول نہیں ہیں۔تیسری صورت یہ ہے کہ مدعی غیر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے ہو کہ یہ جانور میرا ہے اور اس پر فیصلہ ہو چکا ہو اب قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ میرا ہے۔میرے گھر میں پیدا ہوا ہے۔لیکن یہاں یہ تیسری صورت مراد نہیں ہے کیونکہ اس صورت میں قابض کے گواہ قبول کیے جاتے ہیں۔۱۲مترجم

مسئلہ نمبر29: فتاویٰ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ اگر مدعی غیر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ جانور میرا ہے۔میرے گھر میں پیدا ہوا ہے اور قابض نے بھی اسی طرح گواہ پیش کیے اور قاضی نے قابض کے حق میں فیصلہ کیا ہو یا ابھی تک فیصلہ نہ کیا ہو کہ (اسی اثناء میں) مدعی غیر قابض نے کہا کہ آپ گھر کی پیدائش کے اس مسئلے میں جھوٹے ہیں کیونکہ آپ نے اقرار کیا تھا کہ میں نے یہ جانور بیچا تھا پھر اس کے بعد فلاں شخص سے خریدا تھا، تو قاضی یہ دفع سنے گا۔اور مدعی غیر قابض کے گواہ قابل قبول ہونگے۔کیونکہ

قابض کا اس جانور کو بیچنے کے بعد دوبارہ خریدنا ایک نئی ملکیت ہے۔اس کی وجہ سے گھریلو پیدائش کا دعویٰ اور اس چیز * کا دعویٰ جو اس طرح کا ہو مسترد ہو جاتا ہے۔اور بعض دوسری کتابوں میں مذکور ہے کہ مدعی غیر قابض نے (ایک جانور کی گھر میں پیدا ہونے کا) دعویٰ کیا تو قابض نے اس کو کہا کہ آپ اس دعویٰ میں جھوٹے ہیں۔کیونکہ آپ نے اقرار کیا ہے (آپ نے کہا ہے) کہ یہ جانور میں نے فلاں سے خریدا ہے۔تو اس سے مدعی کا دعویٰ دفع ہو سکتا ہے ("جامع الفتاویٰ دعاوی میں" وغانم)

مسئلہ نمبر29: لو اقام الخارج وصاحب الید بینۃ بالنتاج فقضیٰ القاضی لذی الید ، اولم یقضی حتیٰ قال الخارج : انک مبطل فی دعوی النتاج ، لانک اقررت انک بعت ھٰذہ الدابۃ، ثم اشتریتھا من فلان ، یسمع ھٰذاالدفع وبینتہ ، لانہ اذاباع ثم اشتریٰ فھٰذا ملک حادث ، فبطل دعوی النتاج ونحوہ . وذکر فی بعض آخر : ادعیٰ الخارج النتاج ، فقال ذوالید : انک مبطل فی ھٰذہ الدعویٰ ، لانک اقررت انک اشتریتھا من فلان ، فھٰذا دفع لدعوی المدعی .

مسئلہ نمبر30: اگر کسی نے ایسی زمین کا دعویٰ کیا جس میں آبادی (تعمیر) موجود ہو کہ یہ میری ہے اور اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے اور قاضی نے اس کے حق میں فیصلہ کیا۔اس کے بعد مدعیٰ علیہ نے دعویٰ کیا کہ اس زمین پر تعمیر میں نے کی ہے جبکہ مدعی کے گواہوں نے مدعی کے لیے صرف زمین کی گواہی دی ہو،آبادی یعنی تعمیر کی نہیں تو قاضی مدعیٰ علیہ کے اس دعویٰ کو سنے گا اور اگر مدعی کے گواہوں نے پہلے مدعی کے لیے زمین اور آبادی دونوں کی گواہی دی ہو تو پھر قاضی مدعیٰ علیہ کا دعویٰ نہیں سنے گا۔("جامع الفتاویٰ دعاوی میں" وغانم)

مسئلہ نمبر30: لو ادعیٰ ارضا فیھا بناء واقام البینۃ فقضی لہ ، ثم ان المقضیّ علیہ ادعیٰ انہ احدث البناء ، وقد کانوا شھدوا بالارض لا غیر ، یسمع دعواہ ، ولو شھدوا بالارض والبناء ایضا لا(یعنی لا یسمع دعواہ).

29:. ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی (المتوفی 1030ھ) ص188 -189 کتاب الدعویٰ۔الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔الطبعۃ الاولیٰ: 1437ھ 2016 وجامع الفتاویٰ لقرق امیر الحمیدی (ل 1145)۔ 30:. ایضا محولہ بالا ص189

* جیسا کہ ملکیت میں ایسا سبب جو بار بار نہ ہو۔مثلاً دودھ دوہنا اور اون کاٹنا وغیرہ۔۱۲مترجم

مسئلہ نمبر31: کسی آدمی نے دعویٰ کیا اور اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ چیز مجھے باپ سے میراث میں ملی ہے۔اور اسکا جس کیساتھ اس چیز کے متعلق جھگڑا ہے۔(مثلاً زید) اس نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ آپ کے والد نے اس بات کا اقرار کیا تھا کہ یہ چیز زید کی ملکیت ہے۔تو قاضی اس دفع کو سنے گا۔(اور مدعی کا دعویٰ مسترد ہو جائیگا۔) اور اگر دوبارہ مدعی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ آپ نے میرے باپ کیلئے اقرار کیا ہے (کہ یہ چیز اسکی ہے۔) تو قاضی یہ دفع بھی سنے گا۔اور یہ دونوں دفعات (یعنی مدعی اور

مدعیٰ علیہ کا دفع آپس میں) ٹکرا گئے۔ (جب ٹکرا گیے) تو بغیر کسی معارضہ کے میراث کے گواہ قبول ہو جاینگے۔ (کیونکہ اس کا کوئی معارض باقی نہیں رہا۔) پھر اگر زید نے بیان کیا کہ اس مدعی کے باپ نے فلاں تاریخ کو اقرار کیا تھا اور مدعی نے مدعیٰ علیہ کے اقرار کی تاریخ نہیں بتائی تو مدعی کے گواہ قبول ہونگے۔ (جامع الفصولین فصل نمبر ۱۰)

مسئلہ نمبر31: ادعاہ ارثاعن ابیہ وبرھن ، فبرھن خصمہ ان اباک اقرّ انہ ملکی ، یسمع الدفع ۔ فلو برھن المدعی انک اقررت انہ ملّک ابی یسمع ایضا۔ وقد تعارض الدفعتان فتقبل بینۃ الارث بلا تعارض ۔ فلو ارّخ المدعیٰ علیہ اقرار المورث ولم یؤرخ المدعی اقرار المدعیٰ علیہ تقبل بینۃ المدعی ۔

مسئلہ نمبر32: کسی آدمی نے میت کے وارث ہونے کا دعویٰ کیا کہ میں اس میت کا بیٹا ہوں اور میری عمر بایئس سال ہے اور اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے اور میت کے ورثاء نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس مدعی کی عمر اٹھارہ سال ہے۔ تو یہ دفع صحیح ہے اسکی وجہ سے مدعی کے گواہ مسترد ہو سکتے ہیں۔ (قنیہ)

مسئلہ نمبر32: رجل ادعیٰ ورثۃ رجل انہ ابن المیت وھو ابن اثنین وعشرین سنۃ ، واقام علیہ بینۃ واقامت الورثۃ بینۃ ان سن المدعی ثمانیۃ عشر سنۃ فھٰذا دفع صحیح ۔

31:. جامع الفصولین لشیخ بدرالدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی ساوہ الحنفی (المتوفی 823ھ) ص155، جلد1، فصل نمبر10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع۔ الطبعہ بدون الطبعہ وبدون التاریخ

32:. قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص314، کتاب الشہادات باب التھاتر فی الشہادات. الطبعہ: بدون طبعہ وبدون تاریخ

مسئلہ نمبر33: کسی شخص نے دوسرے پر دعویٰ کیا کہ اس نے ایک لڑکے کو حکم دیا تھا کہ اس گدھے کو مارو اور میری انگور کی باغ سے (باہر) نکالو۔ تو اس لڑکے نے اتنا مارا جسکی وجہ سے وہ مر گیا۔ اور اپنے اس دعویٰ پر گواہ پیش کیے۔ اور مدعیٰ علیہ نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ وہ زندہ ہے۔ تو یہ گواہ قابل قبول نہیں ہیں۔ کیونکہ انہوں نے مقصود کی نفی پر گواہی دی ہے (یعنی موت کی نفی پر) اور گواہ اثبات کیلئے ہوتے ہیں نہ کہ نفی کیلئے۔ (قنیہ شہادت کے تواتر کے باپ میں)۔ (قنیہ)

مسئلہ نمبر33: ادعی علیٰ رجل انہ امر صبیا لیضرب حمارہ ویخرجہ عن کرمہ فضربہ الصبی حتیٰ مات واقام علیہ بینۃ واقام المدعیٰ علیہ بینۃ ان ذالک الحمار حیّ لا تقبل بینتہ لانہا قامت علی النفی مقصودا۔

مسئلہ نمبر34: ایک شخص اپنی بیوی اور دوسری بیوی کی اولاد کو چھوڑ کر مر گیا۔ تو اولاد نے اس بات کا دعویٰ کیا کہ یہ عورت ہمارے باپ پر مرنے سے چھ ماہ قبل حرام تھی اور اپنے اس دعویٰ پر گواہ پیش کیے۔ اور بیوی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں اس کیلئے موت کے وقت حلال تھی۔ تو بیوی کے گواہ اولیٰ ہیں۔ (قنیہ)

مسئلہ نمبر34: مات رجل عن زوجۃ واولاد من زوجۃ اخریٰ فادعی الاولاد انہا کانت حراما قبل موتہ بستۃ اشہرواقاموا بینۃ ، واقامت بینۃ انہا کانت حلالاوقت الموت ، فشہود المرأۃ اولیٰ۔

مسئلہ نمبر35: عام راستے میں ایک آدمی کی بیت الخلاء تھی یا اونٹوں کا باڑہ تھا یا کوئی دوسری ایسی جگہ تھی۔ پھر کسی دوسرے آدمی نے اس پر دعویٰ کیا کہ یہ پہلے نہیں تھی، اب بنائی گئی ہے۔ اور اس کے مالک نے کہا کہ یہ پرانی ہے۔ اور دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے۔ تو جس نے جدید تعمیر کا دعویٰ کیا ہے، اس کے گواہ اولیٰ ہیں۔ (قنیہ)

مسئلہ نمبر35: لہ کنیف فی طریق العامۃ ، فزعم غیرہ انہ محدث وزعم صاحبہ انہ قدیم واقاما البینۃ ، فالبینۃ ، بینۃ من یدعی انہ محدث۔

33:. قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ للشیخ مختار بن محمد، ص314، کتاب الحظ دات باب التھاتر فی الحظ دات الطبعہ: بدون طبعہ وبدون تاریخ

34:. ایضا محولہ بالا، ص315، باب دو متعارض شہادتوں کے باب میں

35:. ایضا محولہ بالا

مسئلہ نمبر36: زید نے بکر سے ایک بیل خریدا۔ اس کے بعد خالد نے زید پر دعویٰ کیا کہ یہ بیل میرا ہے۔ میری اپنی گائے سے پیدا ہوا ہے۔ اور قاضی نے خالد کے حق میں فیصلہ سنا کر بیل خالد کے حوالہ کر دیا۔ اور زید نے بکر سے قیمت وصول کرنے کا ارادہ کیا۔ (کہ میں اس سے اپنی رقم واپس وصول کرنے کا مطالبہ کرتا ہوں۔) تو بکر نے زید اور خالد کے سامنے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ بیل میرے گھر میں پیدا ہوا ہے۔ میری اپنی گائے نے جنا ہے۔ تو بکر کے گواہ اولیٰ ہیں۔ اور اسی پر ساکی ؒ نے فتویٰ دیا ہے۔ اور دلیل میں یہ کہا ہے کہ قابض (یعنی زید) نے اس بیل کی ملکیت بکر سے حاصل کی ہے۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ قابض نے گواہ پیش

کیے ہو۔(اور جب بھی گھریلو پیدائش کے سبب مدعی غیر قابض کے حق میں فیصلہ کیا جائے۔اوراسکے بعد قابض گھریلو پیدائش پر گواہ پیش کرے تو قابض کے گواہ اولیٰ ہوتے ہیں۔) تو اس وجہ سے(اس مسئلہ میں بھی) بکر کے گواہ اولیٰ ہونگے۔(قنیہ)

مسئلہ نمبر36: ادعیٰ علیہ ثورا ، انہ لہ نتج عندہ من بقرتہ المملوکۃ لہ ، فحکم وسلم الیہ واراد ذوالید الرجوع علی بائعہ بالثمن ، فاقام بائعہ بینۃ ان ھٰذا الثور نتج عندی من بقرتی المملوکۃ بمحضر منہ ومن المستحق ، فبینۃ البائع اولیٰ ۔ وبہ افتی السالکی وقال :لان ذاالید تلقی الملک من جھۃ البائع ، فکان ذاالید اقامھا ، فکان اولیٰ۔

مسئلہ نمبر37: اگر کسی شخص نے دعویٰ کیا کہ یہ غلام میرا ہے۔اور ایک ماہ قبل مجھ سے غائب ہوا ہے۔اور قابض نے کہا کہ یہ ایک سال سے میرا ہے۔تو مدعی غیر قابض کے حق میں فیصلہ کیا جائے گا۔اور قاضی مدعیٰ علیہ کے گواہوں کیطرف توجہ نہیں دے گا۔ دلیل اسکی یہ ہے کہ جو تاریخ مدعی نے بتائی ہے،وہ غلام کے غائب ہونی کی تاریخ ہے۔کہ اس تاریخ کو میرے قبضہ سے نکل گیا ہے۔ یہ(اس کی) ملکیت کی تاریخ نہیں ہے۔(گویا کہ میں اس تاریخ سے اس کا مالک بن گیا ہوں) ۔تو مدعی غیر قابض کا یہ دعویٰ ملک مطلق کا دعویٰ ہے اور تاریخ کے ذکر سے خالی ہے۔جبکہ قابض نے اپنی ملکیت کی تاریخ کا ذکر کیا ہے۔لیکن تاریخ کا اس طرح ذکر کرنا کہ دوسرے نے تاریخ کا ذکر نہ کیا ہو،امام صاحبؒ کے نزدیک معتبر نہیں ہے۔تو گویا قابض نے مدعی غیر قابض کیطرح ملک مطلق کا دعویٰ کیا ہے۔ (گویا دونوں نے تاریخ نہیں بتائی لیکن صرف ملک مطلق کا دعویٰ کیا ہے۔) تو ایسی صورت میں مدعی غیر قابض کے گواہ اولیٰ ہوتے ہیں۔اس لئے یہاں(اس مسئلے میں) بھی مدعی غیر قابض کے گواہوں پر فیصلہ کیا گیا۔(درر غرر)

36:.قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص316،کتاب الھٰۃ دات باب التھاتر فی الھٰۃ دات.الطبعہ: بدون طبعہ وبدون تاریخ

مسئلہ نمبر37: (ادعیٰ ان ھٰذاالعبد لی ، غاب منی منذ شھر وقال ذوالید : لی منذ سنۃ یقضیٰ للمدعی) ولا یلتفت الیٰ بینۃ المدعیٰ علیہ ، لان ما ذکر المدعی تاریخ غیبۃ العبد عن یدہ ، لا تاریخ ملکہ فکان دعواہ فی الملک مطلقا خالیا عن التاریخ ، وصاحب الید ذکر التاریخ لٰکن التاریخ حالۃ الانفراد لا یعتبر عند ابی حنیفۃؒ ، فکان دعویٰ صاحب الید ، دعویٰ مطلق الملک کدعوی الخارج فیقضیٰ ببینۃ الخارج ۔

مسئلہ نمبر 38: کسی شخص نے گدھے کا دعویٰ کیا کہ یہ میری ملکیت ہے۔ اور آٹھ ماہ قبل مجھ سے غائب ہوا ہے۔ اور قابض نے کہا کہ سترہ ماہ ہونے کو ہے کہ میں نے یہ گدھا خریدا ہے۔ اور دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو مدعی غیر قابض کے گواہ اولیٰ ہیں۔ (قنیہ دو متعارض شہادتوں کے باب میں)

مسئلہ نمبر38: ادعیٰ حمارا انہ ملکی غاب عنی مند ثمانیۃ اشھر وقال : ذوالید اشتریتہ منہ سبعۃ عشر شھرا واقام البینۃ ، فبینۃ المدعی اولیٰ ۔

مسئلہ نمبر 39: کسی آدمی نے دعویٰ کیا کہ یہ چیز میں نے زید قابض سے خریدی ہے اور رقم ادا کی ہے۔ اور زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ چیز میرے پاس فلاں شخص کی امانت ہے۔ تو اس سے مدعی کا دعویٰ مسترد نہیں ہو گا۔ کیونکہ اس نے زید پر ایک فعل (یعنی ایک کام) کا دعویٰ کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ زید پر لازم ہے کہ یہ چیز میرے حوالہ کرے۔ یہ حکم اس وقت ہے کہ جب مدعی نے اس بات کا دعویٰ کیا ہو کہ یہ چیز میں نے اس سے خریدی ہے لیکن ابھی تک اس پر قبضہ نہیں کیا ہے۔ اور اگر یہ دعویٰ کیا کہ میں نے اس سے یہ چیز خریدی ہے اور قبضہ بھی کیا ہے اور گواہوں نے بھی اس طرح گواہی دی اور باقی مسئلہ کی صورت یہی ہو تو زید نے جو بات اس کے جواب میں کہی ہے یعنی (یہ چیز میرے پاس فلاں شخص کی امانت ہے۔) تو اس سے اسکا دعویٰ مسترد ہو گا یا نہیں۔

37:. دورالحکام شرح غرر الاحکام لمحمد بن فراموز بن علی الشہیر بملا خسرو (المتوفیٰ: 885ھ) ص345، جلد2۔ کتاب الدعویٰ باب دعوی الرجلین۔ الناشر: دار احیاء الکتب العربی، الطبعۃ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ

38:۔ قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص316 - 317، کتاب الشہادات باب دعوی الرجلین۔ الطبعہ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ

ابوالھیثم (۱) نے تین قضاۃ یعنی ابوحازم (۲) ابوسعید بردعی (۳) اور ابوطاہر دباس (۴) سے یہ بات نقل کی ہے کہ زید اس کے ذریعے مدعی کی خصومت سے بچ سکتا ہے۔ کیونکہ کسی چیز کا قبضہ کیساتھ خریدنے کا دعویٰ کرنا گویا کہ ملک مطلق کا دعویٰ کرنا ہے۔ (یعنی یہ ایسا ہے جیسا کہ ملکیت کا دعویٰ کیا ہو اور سبب ملک بیان نہ کیا ہو۔)

کیا آپکو یہ بات معلوم نہیں کہ اس میں گواہی کی صحت کیلئے نام لینا اور خاص کرنا ضروری نہیں ہے۔ یہاں تک کہ اگر کسی شخص نے کسی دوسرے سے کہا کہ میں نے آپ سے اتنی قیمت پر ایک غلام خریدا ہے اور تم نے مجھے حوالہ بھی کیا ہے۔ اور اس نے اپنے (اس دعویٰ پر) گواہ پیش کیے تو یہ گواہ قبول ہونگے اگرچہ غلام مجہول ہو۔

مسئلہ نمبر39: ادعیٰ انہ شراہ من ذی الید ونقد ثمنہ ، فبرھن ذوالید انہ ودیعۃ فلان ، لاتندفع لانہ ادعیٰ علیٰ ذی الید فعلا وھو وجوب تسلیم المبیع ۔ ولو برھن علیٰ نحوالودیعۃ فی دعوی الملک المطلق لانہ یدعی علیہ التسلیم ھٰذا لو ادعی الشراء بلا قبض ۔ فلو ادعیٰ الشراء مع قبض وشھدا کذالک ولمسألۃ بحالھا ، ھل تندفع ام لا ؟ ذکر ابو الھیثم عن القضاۃ الثلاثۃ ، ابی حازم وابی سعید البردعی وابی طاہر الدباس ، ان الخصومۃ تندفع ، لان دعوی الشراء مع قبضہ ، دعویٰ مطلق الملک ۔ الا یریٰ ان اعلامہ لم یکن شرطا لصحۃ البینۃ ، حتیٰ لو قال: لغیرہ بعت منک (قنّا) بکذا وسلمتہ ، تقبل بینتہ ولو کان القن مجھولا ۔ وقال غیرھم من مشائخنا: لاتندفع ، اذاالفعل المذکور وھو الشراء معتبرا ، فلم تصر دعویٰ مطلق الملک ، ولذا لا یحکم للمدعی با لزوائد المنفصلۃ ۔ ولا یرجع الباعۃ بعضھم علیٰ بعض ، ولو جعل بمنزلۃ دعویٰ مطلق الملک کان الامر بخلاف ۔ وکذا لو برھن المدعی ان ذالید رھنہ منہ او آجرہ او وھبہ لہ اوتصدق لہ علیہ وانہ قبضہ ، وبرھن ذوالید ان فلانا او دعہ، لاتندفع عنہ الخصومۃ وھو الصحیح والظاھر من المذھب ۔

39:۔جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی سماوہ الحنفی(المتوفیٰ 823ھ) ص132، جلد1، فصل نمبر10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع۔

حاشیہ :۔(۱)عتبہ بن خیثمہ بن محمد بن حاتم القاضیابوالہیثم النیلا بوری۔(۲)عبدالحمید بن عبدالعزیزابو حازم السکونی، قاضی القضاۃ (۳)احمد بن الحسین ابو سعید البردعیشیخ الحنفیہ ببغداد۔(۴)محمد بن محمد بن سفیان الدّبّاسابو طاہر الفقیہ، امام اہل الرای بالعراق

اور ہمارے دوسرے علماء نے کہا ہے کہ زید کے اس جواب (کہ یہ میرے پاس فلاں کی امانت ہے) سے مدعی کا دعوی* مسترد نہیں ہوتا۔ (یعنی زید اس کی وجہ سے خصومت سے نہیں بچ سکتا) کیونکہ جس کام کا دعویٰ مدعی نے کیا ہے، وہ خرید نا ہے اور اس کا(یعنی خریدنے کا) اعتبار ہے تو یہ ملک مطلق کا دعویٰ نہیں ہے۔(یعنی جس میں ملکیت کا سبب بیان نہ کیا ہو بلکہ اس میں سبب کو بیان کیا گیا ہے جو کہ خرید نا ہے۔) اور یہی وجہ ہے کہ اس مدعی کیلئے ان چیزوں کا فیصلہ نہیں ہوتا جو(چیزیں) دعویٰ کی چیزوں سے الگ ہو۔اور بعض فروخت کنندہ بعض سے قیمت واپس نہیں لے سکتے۔اور اگر دعویٰ قیمتاً خریدنے کیطرح ملک مطلق کا دعویٰ ہو تو پھر یہ دونوں باتیں موجود ہو نگی۔(مطلب یہ ہے کہ اگر کسی نے یہ دعویٰ کیا کہ یہ گائے میری ہے) اور ملکیت کا سبب بیان نہ کیا اور اس پر گواہ بھی پیش کیے تو جب گائے میں اس کی ملکیت ثابت ہو جائے تو گائے کیساتھ (گائے کے) بچے میں بھی ملکیت ثابت

ہو جائیگی۔اور اگر وہ گائے کسی نے دوسرے شخص پر فروخت کی ہو اور دوسرے نے کسی اور پر فروخت کی ہو، تو گائے میں مدعی ہی کی ملکیت ثابت ہو جائیگی اور باقی جس آدمی نے جس سے خریدی ہے وہ اس سے اپنی (ادا کی ہوئی) قیمت واپس لے لے گا۔یہ دونوں باتیں اس وقت ہے کہ جب مدعی نے ملک مطلق کا دعویٰ کیا ہو یعنی صرف ملکیت کا دعویٰ کیا ہو اور ملکیت کا سبب بیان نہ کیا ہو۔اور اگر دعویٰ قیمتاً خریدنے کا ہو تو پھر سابقہ جو دو باتیں گزری ہے وہ نہیں ہو گی۔تو معلوم ہوا کہ قیمتاً خریدنے کا دعویٰ ملک مطلق کے دعویٰ کی طرح نہیں ہے۔اور اگر مدعی ملک مطلق کا دعویٰ کرے اور مدعیٰ علیہ امانت کا دعویٰ کرے تو اس کی وجہ سے (مدعیٰ علیہ) خصومت سے بچ سکتا ہے۔لیکن اگر مدعی نے خریدنے کا دعویٰ کیا ہو تو پھر مدعیٰ علیہ امانت کا دعویٰ کرنے کی وجہ سے مدعی کے دعویٰ سے نہیں بچ سکتا۔اور اسطرح کا حکم ہے کہ جب مدعی اس بات پر گواہ پیش کرے کہ فلاں چیز جو زید کے قبضہ میں ہے، زید نے مجھے بطور رہن یا بطور اجارہ یا بطور تحفہ (ہبہ) یا بطور صدقہ دی ہے۔اور میں نے اس پر قبضہ بھی کیا ہے۔جب کہ زید اس بات پر گواہ پیش کرے کہ یہ فلاں غائب آدمی نے میرے پاس بطور امانت رکھی ہے۔تو زید اس کی وجہ سے خصومت سے نہیں بچ سکتا۔(یعنی مدعی کا دعویٰ اس وجہ سے ساقط نہیں ہوگا) اور دو مذاہب میں سے یہ حکم صحیح اور ظاہر ہے۔(یعنی اس کے بارے میں دونوں اقوال موجود ہے لیکن یہ قول ظاہر ہے۔) (فصولین فصل نمبر ۱۰)

حاشیہ:۔* قاضی خان نے دعویٰ الدور میں اس بات کو صحیح قرار دیا ہے کہ اس سے دفع ہو جاتا ہے۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ نمبر40: تصرف کرنے والے نے اس بات کا اقرار کیا کہ یہ زمین زید (جو کہ غائب ہے) کی ہے۔ایک دوسرے آدمی نے آکر اسمیں کاشت کاری کی اور کہا کہ یہ زمین میری ہے۔اس کے بعد زید نے آکر اس پر دعویٰ کیا۔تو کاشتکار قابض ہے۔اگر دونوں نے گواہ پیش کیے تو زید کے گواہ اولیٰ ہیں۔(قنیہ)

مسئلہ نمبر40: اقرالمتصرف ان هٰذه الارض لفلان الغائب ، فجاء رجل وزرعها وقال : الارض ، ارضی ۔ ثم جاء المقر لہ یدعیها فالزارع ذوالید حتیٰ لو اقاما البینۃ فالمقر لها اولیٰ ۔

مسئلہ نمبر41: زید کے پڑوسی نے زید کے گھر پر دعویٰ کیا کہ یہ گھر میرے والد نے ساٹھ سال پہلے بنایا ہے اور زید نے بھی اسی طرح کا دعویٰ کیا کہ یہ میرے والد نے (ساٹھ سال پہلے) بنایا ہے اور دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے۔تو یہ دعویٰ

کرنا کافی نہیں ہے جب تک ایسا نہ کہے کہ میرا والد مر چکا ہے اور یہ گھر مجھے ان سے میراث میں ملا ہے۔ اگر دونوں نے اس طرح کہا اور (اپنے اپنے دعویٰ پر) گواہ پیش کیے تو قابض زید کے گواہ اولیٰ ہونگے۔(قنیہ)

مسئلہ نمبر41: ادعیٰ علیہ عمارۃ دار ، انّ اباہ بناھا منذ ستین سنۃ ، وادعاھا ذوالید کذالک ، واقام بینۃ ۔ قال: ھٰذالقدر لایکفی فی الدعویٰ حتیٰ یقول : مات ابی وترکھا میراثا لی ولو قالا ذالک واقاما بینۃ ، فبینۃ ذوالید اولیٰ ۔

مسئلہ نمبر42: کسی شخص نے دوسرے پر کھیت کا دعویٰ کیا اور کہا کہ جو کھیت اسکے قبضہ میں ہے، یہ مجھے اپنی دادی سے میراث میں ملا ہے اور اس پر گواہ پیش کیے۔ اور قابض نے کہا کہ اس مدعی کی دادی کا صرف ایک بیٹا ہے جو کہ غائب ہے۔ اور معلوم نہیں کہ وہ مرا ہے یا زندہ۔ اور اتنی مدت بھی نہیں گزری کہ اس پر مرنے کا حکم لگایا جائے۔ اور قابض نے بھی اپنی بات پر گواہ پیش کیے۔
تو قاضی اسکا یہ دعویٰ نہیں سنے گا۔ کیونکہ یہ غیر کی ملکیت ثابت کرنے میں اجنبی (غیر) آدمی ہے۔(یعنی اسکو یہ کہنے کا حق حاصل نہیں کہ یہ غائب کا بیٹا ہے۔)(قنیہ)

مسئلہ نمبر42: ادعیٰ علیہ ضیعۃ ، ارثا من جدتہ فلانۃ، واقام بینۃ فقال ذوالید : کان لجدتہ ابن غائب ولم یعلم حیوٰتہ ولا موتہ ولم تمض مدّۃ یحکم بموتہ واقام بینۃ ، لا یسمع وفضولی فی اثبات ملک للغیر ۔

40:۔قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص320، کتاب الشہا دات باب فیما یتعلق یکون المدعیٰ فی ید المدعیٰ علیہ شرطا لصحۃ الدعویٰ والشہا دۃ وبیان من یکون ذاالید فی ... رالطبعہ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ۔ 41:۔قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص329، کتاب الشہا دات، باب دعویٰ اولیۃ الملک باالنتاج وما فی معناہ۔ الطبعہ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ۔ 42:۔ایضا محولہ بالا۔ ص332، باب الدفع فی الدعویٰ

مسئلہ نمبر43: ورثاء کا رشتہ داروں کی تاریخ وفات میں اختلاف پیدا ہوا۔(کہ کون پہلے مرا ہے اور کون بعد میں) اور ہر ایک نے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے۔ تو گواہ اسکے اولیٰ ہونگے جو میراث کی زیادتی* کا دعویٰ کرے۔)(قنیہ)

مسئلہ نمبر43: مات عن زوجۃ واخ وابنہ مات ایضا فقال الاخ : مات اخی بعد موت ابنہ وقالت الزوجۃ : بل مات اخوک قبل موت ابنہ ، فالقول للمراۃ ۔ والاصل فی ھٰذاالجنس ان الورثۃ متیٰ اختلف فی تاریخ موت الاقارب اواصلہ فالبینۃ ، بینۃ من یدعی زیادۃ الارث والقول ، قول من ینکر ۔

مسئلہ نمبر44: اگر کسی نے یہ دعویٰ کیا کہ میں فلاں میت کا چچازاد بھائی اور وارث ہوں۔ میرے علاوہ اس کا کوئی اور وارث نہیں۔ اور کسی دوسرے شخص نے دعویٰ کیا کہ میں اس کا بھائی ہوں۔ میرے علاوہ اس کا کوئی اور وارث نہیں۔ اور تیسرے شخص نے دعویٰ

کیا کہ میں اسکا بیٹا ہوں۔ میرے علاوہ اسکا کوئی اور وارث نہیں۔ اور فیصلہ کے وقت ہر ایک نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے۔ تو تینوں کیلئے نسب کا فیصلہکیا جائے گا۔ اگرچہ میراث صرف بیٹے کو ملے گی، دوسروں کو نہیں۔(قنیہ)

مسئلہ نمبر44: ادعیٰ انہ عم المیت ووارثہ لا وارث لہ غیرہ وادعیٰ آخر انہ اخوہ لاوارث لہ غیرہ وادعیٰ ثالث انہ ابنہ لاوارث لہ غیرہ واقاموا بینۃ عند الحاکم جمیعا ، یقضیٰ بنسب الکل وان کان المیراث للابن لا غیر۔

43:۔قنیۃالمنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد۔ ص336، باب الدعاوی والاختلاف فی المواریث

44:۔ایضا محولہ بالا ص338، باب دعوی الولد وسائر الدعاوی والاختلاف فیماتعلق بالنسب

حاشیہ:۔* درالمنتقیٰ میں لکھاہے کہ اگر ہر ایک وارث نے گواہ پیش کیے کہ میرا والد پہلے مراہے۔ تو یہ گواہ امام صاحب کے نزدیک ساقط ہو جائینگے۔ اور اگر ہر ایک نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میرا والد بعد میں مراہے۔ تو بھی گواہ ساقط ہو جائینگے۔ اور اگر ان میں سے ایک نے گواہ پیش کیے کہ میرا والد بعد میں مراہے تو اس کے گواہ قابل قبول ہونگے۔ کیونکہ اسکا کوئی معارض نہیں ہے۔ اور یہی حکم اس وقت بھی ہے کہ جب(ان میں سے) ایک نے دعویٰ کیا اور صرف اسی نے قسم اٹھائی۔ ۱۲مترجم

مسئلہ نمبر45: زید نے بکر سے ایک باندی خریدی۔ اور اس باندی نے زید کے ہاں بچہ جنا۔(پھر زید اور بکر کا بچے کے بارے میں اختلاف ہوا۔) بکر نے کہا کہ یہ بچہ میرا ہے۔ خرید وفروخت کے بعد ابھی تک چھ ماہ نہیں گزرے کہ اس باندی نے یہ بچہ جنا ہے*۔ اور زید نے کہا کہ تیرا دعویٰ باطل(غلط) ہے۔ کیونکہ بیع کے بعد چھ ماہ سے زیادہ عرصہ گزرا ہے کہ اس باندی نے یہ بچہ جنا ہے۔ تو زید کی بات اولیٰ(معتبر) ہے۔ اور اگر زید نے یہ کہا کہ یہ باندی آپ کے ہاں حاملہ نہیں تھی اور بکر نے کہا کہ حاملہ تھی۔ تو بکر کی بات اولیٰ ہے۔ اور اگر ان دونوں میں سے جس نے بھی اپنے دعوے پہ گواہ پیش کیے تو امام ابویوسف ؒ کے نزدیک زید کے گواہ اولیٰ ہونگے۔ کیونکہ یہ بیع کی صحت** کو ثابت کرتے ہیں۔ اور امام صاحبؒ کے نزدیک بکر کے گواہ اولیٰ ہیں۔ کیونکہ یہ(اس بچے) کی آزادی کو ثابت کرتے ہیں۔(،، قنیہ،،)

مسئلہ نمبر45: امۃ ولدت عند المشتری ، فقال البائع : ھو ولدی ، ولدتہ لاقل من ستۃ اشھر من البیع وقال المشتری: دعواک باطلۃ لانھا ولدتہ لاکثر من ستۃ اشھر فالقول للمشتری بخلاف ماذا قال المشتری: لم یکن العلوق عندک والبائع یقول : کان عندی ، فالقول لہ ۔ فان اقام احدھما بینۃ یقضیٰ لہ ۔ وان اقاما البینۃ فعند ابی یوسف ؒ بینۃ المشتری اولیٰ لاثباتھا صحۃ البیع وعند محمد ؒ بینۃ البائع اولیٰ لاثباتھا الحریۃ ۔

مسئلہ نمبر46: (کسی نے قابض پر زمین کا دعویٰ کیا کہ یہ میری ہے) (اور اس پر گواہ پیش کیے) اور قابض نے رہن یا اجارہ وغیرہ پر گواہ پیش کیے (کہ یہ مجھے فلاں غائب نے بطور رہن دی ہے وغیرہ) تو مدعی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ آپ نے قاضی کی مجلس میں نہیں بلکہ کسی اور جگہ کہا ہے کہ یہ زمین میری ملکیت ہے۔ تو مدعیٰ علیہ رہن کا دعویٰ کرنے کیوجہ سے مدعی کے جھگڑے سے نہیں بچ سکتا۔ کیونکہ اس نے پہلے ایسی بات کہی ہے جو رہن کے دعویٰ کی صحت کے لیے مانع ہے۔(فصولین)

45:۔قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص338، باب دعوی الولد وسائر الدعاوی والاختلاف فیما یتعلق بالنسب

حاشیہ:۔*: حمل کی کم سے کم مدت چھ ماہ ہے۔ تو بکر کہتا ہے کہ یہ میرا ہے آپکا نہیں۔ کیونکہ آپکے ہاں اسکے چھ ماہ مکمل نہیں ہوئے۔ ۱۲مترجم

**: اور بکر کے گواہ بیع کی صحت کو ثابت نہیں کرتے کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ جس باندی سے مالک کا بچہ پیدا ہو جائے۔ وہ بچہ آزاد ہوتا ہے۔ اور وہ باندی مالک کے مرنے کے بعد آزاد ہوتی ہے۔ اب مالک اسکو بیچ نہیں سکتا۔ اگرچہ قاضی اس بیع کے جائز ہونے کا فیصلہ کرے۔ اسی طرح مجمع الانھر میں ذکر کیا گیا ہے۔ ۱۲مترجم

مسئلہ نمبر46: برھن ذوالید علی الرھن فبرھن المدعی انہ قال فی غیر مجلس القضاء انہ ملکی یصیر خصما ، لانہ سبق منہ ما یمنع صحۃ دعوی الرھن۔

مسئلہ نمبر47: کسی شخص نے ملک مطلق کا دعویٰ کیا(کہا کہ یہ چیز میری ہے اور سبب ملک بیان نہ کیا۔) پھر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ آپ نے مجھ سے خریدی تھی۔ لیکن بعد میں ہم نے اقالہ کیا تھا۔ یعنی یہ بیع ہم نے ختم کر دی تھی۔ تو اس سے مدعی کا دعویٰ دفع نہیں ہوگا۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک نے ملک مطلق کا دعویٰ کیا ہے۔(کہ یہ میری ہے) تو مدعی غیر قابض کے گواہ اولیٰ (معتبر) ہونگے۔(کیونکہ ایسی صورت میں مدعی غیر قابض کے گواہ اولیٰ(معتبر ہوتے ہیں) اور بعض نے یہ کہا ہے کہ مناسب یہ ہے کہ قابض کے گواہ اولیٰ (معتبر) ہو۔ اس کی مکمل تفصیل ذخیرہ نامی کتاب میں موجود ہے۔(ذخیرہ وغانم)

مسئلہ نمبر47: ادعیٰ ملکا مطلقا وبرھن ، فبرھن ذوالید انک اشریتہ منی ثم اقلناہ ، لا یندفع ، اذ کل منھما ادعیٰ ملکا مطلقا فبینۃ الخارج اولیٰ ۔

مسئلہ نمبر48: مدعی غیر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ چیز میں نے زید سے خریدی ہے۔اور قابض نے بھی گواہ پیش کیے کہ میں نے یہ (چیز) زید سے خریدی ہے۔اور دونوں نے بیع کی تاریخ بتائی۔لیکن مدعی غیر قابض کی تاریخ (قابض کی تاریخ سے) پہلی تھی۔اس کے بعد قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ جو تاریخ آپ نے بتائی ہے یہ چیز اس وقت بکر کے پاس بطور رہن تھی اور میں نے جس وقت خریدی تھی اس وقت زید نے رہن سے آزاد کی تھی۔لہٰذا میری بیع جائز تھی۔تو اس کا حکم یہ ہے کہ یہ دفع صحیح نہیں ہے۔(مدعی کا دعویٰ مسترد نہیں ہوگا۔) کیونکہ قابض کا اس رہن میں کوئی حق نہیں ہے۔کیونکہ بکر نے رہن کا دعویٰ نہیں کیا ہے۔تو کیسے رہن کا دعویٰ صحیح ہو سکتا ہے ۔ (فصولین)

46:۔جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی ساوہ الحنفی(المتوفی 823ھ) ص134، جلد1، فصل نمبر10، الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع۔

47:۔لجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی(المتوفی1030ھ) ص194-195 کتاب الدعویٰ۔الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔الطبعۃ الاولیٰ: 2016۔

مسئلہ نمبر48: برھنا علی الشراء من واحد ، وتاریخ الخارج اقدم فبرھن ذوالید ان المبیع کان رھنا فی تاریخک عند فلان ولم یرض بشرائک فجاز شرائی لکونہ بعد فک الرھن ، لا یصح ھٰذالدفع اذ لا حق لذی الید فی ذالک الرھن ، اذ المرتھن لم یدع الرھن فکیف تصح دعوی الرھن کذا ۔

مسئلہ نمبر49:اگر کسی نے یہ دعویٰ کیا کہ یہ چیز میں نے اپنے والد سے خریدی ہے اور اس پر گواہ پیش کیے۔جب کہ قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ میرے والد کے مرنے تک اسکی تھی، تو خریدنے والے کے گواہ اولیٰ ہیں۔(فصولین)

مسئلہ نمبر49: انہ لو ادعیٰ انی اشتریتہ من ابیک وبرھن ذوالید : انہ ملک ابیہ الیٰ موتہ فبینۃ الشراء اولیٰ ۔

مسئلہ نمبر50: کسی نے یہ دعویٰ کیا کہ یہ گھر مجھے اپنے باپ سے میراث میں ملا ہے اور قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ گھر کسی اور شخص کا تھا۔(جسکا نام زید تھا مثلاً) اور اس نے مجھے فروخت کیا ہے۔تو قاضی یہ دفع نہیں سنے گا۔(اسکی وجہ سے مدعی

کا دعویٰ مسترد نہیں ہو سکتا۔) کیونکہ اگر یہ گھر فروخت کرنے والے (یعنی زید) کے قبضہ میں ہوتا (اور یہ مدعی اس پر دعویٰ کرتا کہ یہ مجھے اپنے باپ سے میراث میں ملا ہے) اور قابض یعنی زید گواہ پیش کرتے کہ یہ گھر میری ملکیت ہے تو اس سے مدعی کا دعویٰ دفع نہ ہوتا۔اسی طرح جس نے اس گھر کی ملکیت فروخت کرنے والے سے حاصل کی ہے (یعنی اس سے خریدا ہے) کیلئے بھی یہی حکم ہے۔(فصولین)

مسئلہ نمبر50: ادعاه میراثا عن ابیہ فقال ذوالید : کان ملکا لفلان آخر وباعہ منی ، لا یسمع ۔ لان الدار لو کان بید بائعہ وبرھن انہ ملکی لا تندفع دعوی المدعی فکذا من یتلق (الملک منہ) ۔

مسئلہ نمبر51: اگر کسی نے یہ دعویٰ کیا کہ میں نے فلاں تاریخ کو فلاں جگہ زید کو ہزار روپیہ بطور قرض دی تھے اور زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں اس دن کہی اور تھا تو یہ گواہ قابل قبول نہیں ہیں اور اس سے مدعی کا دعویٰ مسترد نہیں ہوگا۔ (فصولین فصل نمبر10)

مسئلہ نمبر51: لو ادعیٰ انہ اقرضہ الف درھم فی یوم کذا فی مکان کذا فبرھن خصمہ انہ کان فی ذالک الیوم فی مکان آخر ، غیر ذالک المکان فانہ لا یقبل ۔

48:۔جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی سماوہ الحنفی (المتوفی823ھ) ص138-139،جلد1،فصل نمبر10،الفصل العاشر فی التناقض فی الدعویٰ وفی دعاوی الدفع

49:۔ایضا محولہ بالا ص143

50:۔ایضا محولہ بالا ص150

51:۔ایضا محولہ بالا ص152

باب اول:

فصل دوم:۔ گواہی کے مسائل

اس فصل میں کل بارہ(12)مسائل ہیں۔یہ بارہ(12)مسائل نو(9)کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں۔
جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔
فصل دوم: گواہی کے مسائل۔

کل کتب(9) کل مسائل(12)

کتب	مسائل
(1) قنیۃ المنیہ	(1) ایک (1) مسئلہ
(2) قاضی خان	(2) دو(2) مسائل
(3) وجیز	
(4)صدر الشریعہ (شرح الوقایہ)	(3) تین (3) مسائل

(5) درر شرح غرر	(4) ایک (1) مسئلہ
(6)ہدایہ	(5) ایک(1) مسئلہ
(7) مشتمل الاحکام	(6) ایک (1) مسئلہ
(8) مجمع البحرین	(7) ایک (1) مسئلہ
(9)جامع الفصولین	(8) ایک (1) مسئلہ
	(9) ایک (1) مسئلہ

کل کتب:۔نو(9) کل مسائل:۔ بارہ(12)

فصل دوم:۔ گواہی کے مسائل

مسئلہ نمبرا: دوآدمیوں نے زید کے خلاف کسی بات یا کسی کام کی گواہی دی۔(ایسی بات یا ایسا کام) جسکی وجہ سے(*) زید پر اجارہ یا غلام کو مکاتب بنانا یا بیع یا قصاص یا کوئی مال یا طلاق یا غلام و باندی کا آزاد کرنا لازم ہو جاتا ہو۔اور دونوں گواہوں نے اس کام کرنے کا دن اور جگہ بھی بتائی۔ جبکہ زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں اس دن اس جگہ نہیں تھا۔ تو حکم یہ ہے کہ اس کے خلاف گواہ قابل قبول نہیں ہے۔اور یہی حکم ان گواہوں کا ہے جو اس بات پر گواہی دے کہ فلاں شخص نے یہ بات نہیں کہی ہے یا یہ کام نہیں کیا ہے یا اقرار نہیں کیا ہے تو اس قسم کی گواہی مقبول نہیں ہے۔(قنیہ باب دفع الدعویٰ۔)

مسئلہ نمبر1:شاھدان شھدا علیٰ رجل بقول اوفعل یلزمہ بذالک اجارۃ او کتابۃ او بیع او قصاص او مال او طلاق او عتاق فی موضع وصفاہ او فی یوم سمیاہ فاقام المشھود علیہ بینۃ انہ لم یکن فی ذالک الموضع ولا فی ذالک الیوم فی ذالک الموضع لم یقبل منہ البینۃ علیٰ ذالک۔

مسئلہ نمبر2:دوآدمیوں نے اس بات کی گواہی دی کہ فلاں عورت کا شوہر مارا گیا ہے یا اس بات کی گواہی دی کہ وہ مر گیا ہے۔ جبکہ دو اور آدمیوں نے اس بات کی گواہی دی کہ وہ زندہ ہے تو قتل اور موت کی گواہی اولی ہے۔(قاضی خان باب الشہادۃ۔)

مسئلہ نمبر2: اذا شھد رجلان ان زوج فلان قتل اومات ، وشھد آخران انہ حیّ ، کانت شھادۃ الموت والقتل اولیٰ ۔

1:۔قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص333، کتاب الشہادات باب الدفع فی الدعویٰ الطبعہ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ

2:۔فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ص نمبر361، جلد2، کتاب الشہادات فصل فی الشاھد یشھد بعد ما اخبر بزوال الحق وما یحل لہ ان یشھد والشہادۃ علی الکتاب۔الناشر: دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔الطبعہ الاولیٰ 2010ھ

حاشیہ:۔

(*) مثلاً یہ کہا کہ اس زید نے فلاں دن، فلاں جگہ اپنی زمین بکر کو بطور اجارہ دی ہے یا اپنے غلام کو مکاتب بنایا ہے (یعنی اپنے غلام کو کہا ہے کہ مجھے اتنی رقم ادا کرنے کے بعد تم آزاد ہو۔) یا بکر کو کوئی چیز بیچی ہے یا بکر کو قتل کیا ہے یا بکر کو اتنی رقم دی ہے یا اپنے فلاں بیوی کو طلاق دی ہے یا اپنے غلام یا (باندی) کو آزاد کیا ہے۔۱۲مترجم

مسئلہ نمبر3: اگر کسی معتبر اور ثقہ آدمی نے کسی عورت کو اسکے غائب شوہر کے موت کی خبر دی جب کہ دو اور آدمیوں نے اسکے زندہ ہونے کی خبر دی۔ تو جس نے موت کی خبر دی ہے۔ اگر وہ یہ کہے کہ میں نے اپنی آنکھوں سے اسکو مرا دیکھا ہے۔ یا یہ کہا کہ میں نے اسکے جنازہ میں شرکت کی تھی۔ تو اس عورت کیلئے دوسرے شوہر سے نکاح کرنا جائز ہے۔ اگرچہ زندگی کی خبر دینے والوں نے زندگی کی ایسی تاریخ بتائی ہو جو ثقہ آدمی (جس نے موت کی خبر دی ہے) کی ذکر کردہ تاریخ کے بعد ہو۔ اور شیخ امام ابو بکر محمد بن فضل ؒ نے کہا ہے کہ دو آدمیوں کی گواہی اولیٰ ہے۔(قاضی خان باب الشہادۃ۔)

مسئلہ نمبر3: واذا اخبر المرأۃ عدل بموت زوجھا الغائب ، واخبرھا اثنان بحیاتہ ، ان کان الذی اخبر الموت اخبرھا بمعاینۃ الموت ، او اخبر انہ شھد جنازتہ ، حلّ لھا ان تتزوج آخر ۔ وان کان الذان اخبرا بحیاتہ ارّخا بتاریخ لاحق ، قال الشیخ الامام ابو بکر محمد بن الفضلؒ شھادتھما اولیٰ ۔

مسئلہ نمبر4: اگر ایک شخص نے ایک گواہ کی تعدیل کی اور دوسرے نے اس پر جرح کی۔(یعنی ایک آدمی نے کہا کہ یہ گواہ ثقہ ہے (گواہی کا لائق ہے۔) اور دوسرے نے طعن(جرح) کی(اسکے بارے میں برا کہا۔ تو شیخین ؒ کے نزدیک جرح اولیٰ ہے۔

اور امام محمدؒ کے نزدیک قاضی اس گواہ کے بارے میں کسی سے تحقیق کریگا۔ لیکن اگر ایک آدمی نے جرح کی اور دو نے تعدیل، تو تعدیل اولیٰ ہے۔(وجیز مسائل عدالت وتزکیہ وغانم)(*)

مسئلہ نمبر4: اذاعدّل الشاھد واحد وجرحہ آخر ، فالجرح اولیٰ عندھما ، وعند محمدؒ : اعادالمسألۃ فان جرحہ واحد وعدّلہ اثنان ، فالتعدیل اولیٰ ۔ عدلہ جماعۃ وجرحہ اثنان ، فالجرح اولیٰ ۔

3:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانی الحنفی۔ ص نمبر 361، جلد 2، کتاب الشہادات فصل فی الشاھد یشھد بعد ما اخبر بزوال الحق وما یحل لہ ان یشھد والشہادۃ علی الکتاب۔ الناشر: دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010ھ

4:۔ وجیز الفتاویٰ، مخطوطہ لمحمد بن محمد بن محمد رضی الدین السرخسی، صاحب المحیط۔ کتاب الشہادۃ باب شہادۃ اھل الذمہ وملجاء القضاۃ عند تعارض البینات۔ لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی (المتوفی 1030ھ) ص 198 کتاب الشہادات۔ الناشر: دار الاداوۃ للنشر۔ الطبعۃ الاولیٰ: 2016

حاشیہ:۔ (*)صاحبینؒ کا قول یہ ہے کہ قاضی ان گواہوں کی ظاہری حالت پر مطمئن نہیں رہے گا۔ بلکہ پہلے ظاہراً و باطناً گواہوں کی حقیقت حال معلوم کرے۔ اور امام صاحبؒ کے نزدیک حدود اور قصاص کے علاوہ دوسرے مقدمات میں جب تک خصم نے طعن (جرح) نہ کی ہو، تحقیق کرنے کی ضرورت نہیں۔ جرح اور تعدیل کیلئے دیکھئے کتاب دوم کے مسائل شہادت۔ ۱۲مترجم

مسئلہ نمبر5: اگر مدعی نے گواہ کی عدالت پر گواہ پیش کیے (کہ میرے یہ گواہ معتبر اور گواہی کے لائق ہیں۔) اور مدعا علیہ نے جرح مجرد پر گواہ پیش کیے۔ جیسے کہ اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس مدعی نے اپنے گواہ اجرت پر لیے تھے، تو عدالت کے گواہ اولی ہیں۔(صدر الشریعہ۔)

مسئلہ نمبر5: ان المدعی اذا اقام البینۃ علی العدالۃ فاقام الخصم البینۃ علی الجرح ان کان الجرح جرحا مجرد لایعتبر بینۃ الجرح ۔

مسئلہ نمبر6: اگر ایک طرف بیع کے گواہ ہو اور دوسری طرف رہن کے گواہ ہو، تو بیع کے گواہ اولی ہونگے۔ ملا خسرو نے غرر نامی کتاب میں دعویٰ کے مسائل میں یہ کہا ہے کہ بیع کے گواہ جس وجہ سے بھی ہو، رہن کے گواہوں سے اولی ہیں۔(درر)

مسئلہ نمبر6: (الشراء والمھر اولیٰ من ھبۃ وصدقۃ مع قبض) (ورھن معہ) ای مع قبض اولیٰ من ھبۃ معہ ۔۔۔ والبیع ولوبوجہ اقویٰ من الرھن ۔

مسئلہ نمبر 7: اگر دو مدعیوں میں سے ایک نے اپنے دعویٰ پر دو گواہ پیش کیے اور دوسرے نے چار، تو یہ دونوں برابر ہے۔(یعنی کثرت شہادت سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔) کیونکہ دو گواہوں کی گواہی پوری حجت ہے۔ اور حجت کی ترجیح اور اولویت کثرت سے نہیں ہوتی بلکہ قوت اور مضبوطی سے ہوتی ہے۔ جیسا کہ علم اصول فقہ میں یہ ثابت ہے۔(ہدایہ)

مسئلہ نمبر7: وان اقام احد المدعيين شاهدَين ، والآخر اربعۃ : فهما سواء ، لان شهادة كل شاهدَين علۃ تامۃ كما فی حالۃ الانفراد والترجيح لايقع بكثرة العلل ، بل بقوة فيها علیٰ ما عرف .

5:۔شرح الوقایہ مع منتهی النکایہ علیٰ شرح الوقایہ لامام صدر الشریعہ عبید اللہ بن مسعود المحبوب الحنفی(المتوفی: 747ھ) ص148، جلد2، کتاب الشہادۃ والرجوع عنہا ، باب القبول وعدمہ۔الناشر: مکتبۃ الوراق للنشر والتوزیع۔الطبعۃ الاولی: 2006

6:۔درر الحکام شرح غرر الاحکام محمد بن فراموز بن علی الشہیر بملا خسرو(المتوفی: 885ھ)ص346، جلد2۔کتاب الدعویٰ باب دعوی الرجلین۔الناشر: دار احیاء الکتب العربی،الطبعۃ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ

7:۔الھدایہ شرح بدایۃ المبتدی لامام برھان الدین ابی الحسن علی بن ابی بکر المرغینانی(593۔511ھ) ص66-67، جلد1، کتاب الدعویٰ، باب مایدعیہ الرجلان الناشر: مکتبۃ البشریٰ للطباعۃ والنشر والتوزیع۔الطبعہ الجدیدہ، 1432۔2011

مسئلہ نمبر8: اگر ایک طرف نکاح کے گواہ ہو اور دوسری طرف طلاق کے یا ایک طرف غلام کی ملکیت کے گواہ ہو اور دوسری طرف غلام کی آزادی کے گواہ ہو۔ تو طلاق اور آزادی کے گواہ اولیٰ ہیں۔(مثلاً اگر کسی آدمی نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے اور عورت نے اس بات (**) پر گواہ پیش کیے کہ اس نے مجھے طلاق دی ہے۔ تو عورت کے گواہ اولیٰ ہیں۔ یا اگر کسی نے گواہ پیش کیے کہ یہ غلام میرا ہے۔ اور غلام نے گواہ پیش کیے کہ تم نے مجھے آزاد کیا ہے۔ تو آزادی کے گواہ اولیٰ ہیں ۔(وجیز کتاب الشہادۃ وغانم)

مسئلہ نمبر 8: ولو اجتمعت بينۃالنكاح وبينۃالطلاق، او بينۃالملک وبينۃالعتق، فبينۃالطلاق والعتاق اولیٰ۔

مسئلہ نمبر9: اگر غلامی اور اصلی آزادی کے گواہ جمع ہو جائے۔(مثلاً کسی شخص نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ زید میرا غلام ہے۔ اور زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں غلام نہیں ہوں۔) تو آزدی کے گواہ اولیٰ ہیں۔(مشتمل الاحکام، وغانم)

مسئلہ نمبر9: اذا اجتمعت بينۃالرق وبينۃحريّۃ الاصل، فبينۃالحريّۃ اولیٰ۔

مسئلہ نمبر10: اگر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں نے اپنا گھر زید پر ربیع الثانی کے مہینے میں ایک ہزار روپیہ پر فروخت کیا تھا۔ اور زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ میں نے یہ گھر اس سے جمادالاخری کے مہینے میں پانچ سو روپے کے عوض رہن رکھا ہے تو شیخین کے نزدیک بیع کے گواہ اولیٰ ہیں اور امام محمدؒ کے نزدیک رہن کے گواہ اولیٰ ہیں۔ (دررالحکام و مجمع البحرین۔)

مسئلہ نمبر10: رجل ادعیٰ انہ باع دارہ التی فی یدہ من فلان بالف درھم فی شھر رمضان،واقام علیٰ ذالک بینۃ، فادّعیٰ فلان انہ ارتھن منہ ھٰذہ الدار بخمسمائۃ فی شوال، قال ابوحنیفۃؒ وابویوسفؒ:

8:۔ وجیز الفتاویٰ، المخطوطہ، لمحمد بن محمد بن محمد رضی الدین السرخسی، صاحب المحیط، کتاب الشہادات و ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ ص199 کتاب الشہادات۔ الناشر: الدار العربیۃ للطباعۃ والنشر۔ الطبعۃ الاولیٰ 1437، 2016

9:۔ ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ ص199 کتاب الشہادات۔ الناشر: الدار العربیۃ للطباعۃ والنشر۔ الطبعۃ الاولیٰ 1437، 2016

حاشیہ:۔ (**) اگر دونوں نے تاریخ بتائی ہو اور عورت کی تاریخ (شوہر کے بیان کردہ تاریخ سے) پہلے ہو تو مرد کے گواہ اولیٰ ہیں۔ اسی طرح اگر غلام کی تاریخ مالک کے بیان کردہ تاریخ سے پہلے ہو تو پھر مالک کے گواہ اولیٰ ہیں۔ ۱۲ مترجم محمد ابراہیم عفی عنہ

یمضیٰ البیع فی رمضان۔ وقال محمدؒ: بینۃالرھن اولیٰ۔

مسئلہ نمبر11: دو آدمیوں نے اس بات پر گواہی دی کہ بکر نے اس زید کو فلاں دن فلاں جگہ اتنی رقم بطور قرض دی ہے یا زید نے یہ کام کیا ہے اور زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ جو جگہ ان گواہوں نے بتائی ہے، میں اس دن اس جگہ نہیں تھا۔ اس دن میں فلاں جگہ میں تھا۔ تو زید کے گواہ قابل قبول نہیں ہیں۔ کیونکہ نفی پر پیش ہوئے ہیں اور یہ جو کہا ہے کہ زید فلاں جگہ میں تھا۔ اگرچہ ظاہری طور اس میں ایک چیز کا اثبات ہے لیکن معنی کے لحاظ سے یہ بھی نفی ہے۔ کیونکہ اسکا مقصد یہ ہے کہ زید اس جگہ نہیں تھا جو مدعی کے گواہوں نے بتائی ہے۔ (فصولین فصل نمبر12)

مسئلہ نمبر11: شھد انہ اقرضہ یوم کذا او وضع شیئا فی مکان کذا، فبرھن المدعیٰ علیہ انہ لم یکن فی ذالک الیوم فی ذالک المکان ذکرہٗ(اَلْاُوْلَانِ)وکان فی مکان کذا، لا تقبل لانھا قامت علی النفی لان قولھما کان فی مکان کذا نفی معنیً ولو کان اثباتا صورۃً اذالغرض نفی ما قامت علیہ البینۃالاولیٰ۔

مسئلہ نمبر12 : اگر کسی نے قاضی کے سامنے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ زید کے ذمے میرے ہزار روپے ہیں۔اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے اس کے بعد ایسے گواہ بھی پیش کیے کہ اس کے ذمے میری سو اشرفیاں ہیں۔اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔تو امام ابو یوسف ؒ نے کہا ہے کہ زید پر دونوں رقم ادا کرنا لازم ہیں اور امام ہشام بن رستم نے امام محمد ؒ سے نقل کیا ہے کہ کچھ بھی لازم نہیں ہے۔(وجیز کتاب الاقرار وغانم)

مسئلہ نمبر 12: اقام بینۃ عند القاضی ان لہ علیٰ ھٰذا الف درھم، لا شیئی لہ علیہ غیرھا، ثم اقام ایضا بینۃ انہ لہٗ علیہ مئۃدینار لیس علیہ غیرھا، قال ابویوسفؒ: ''یلزمہ المالان''وذکر ہشام بن رستم عن محمدؒ: انہ لا یلزمہ شیئی۔

10:۔شرح مجمع البحرین وملتقی النیرین لامام مظہر الدین ابی العباس احمد بن علی بن تغلب البغدادی المعروف بابن الساعاتی(694-651) ص254،ج9،کتاب ﷲ دات، فصل فی الاختلاف فی ﷲ دۃ۔الناشر: دار الفلاح للبحث العلمی وتحقیق التراث،الطبعہ الاولی: 1437،2016

11:۔جامع الفصولین لشیخ بدر الدین محمود بن اسماعیل الشہیر بابن قاضی سماوہ الحنفی(المتوفٰی 823ھ) ص172،جلد1،فصل نمبر10،فصل فی ﷲ دۃ علی النفی

12:۔وجیز الفتاویٰ،المخطوطہ،لمحمد بن محمد بن محمد رضی الدین السرخسی،صاحب المحیط،کتاب الاقرار وملجاء القضاۃ عند تعارض البینات لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ص200کتاب ﷲ دات۔الناشر:الدار العربیۃ للطبعۃ والنشر۔الطبعۃ الاولیٰ1437

باب اول:

فصل سوم

اس فصل میں دو(2)مباحث ہیں۔مبحث اول ماذون کے مسائل

اور مبحث دوم حجر(غیر ماذون کے مسائل)

مبحث اول:ماذون کے مسائل

مبحث اول میں صرف ایک(1)مسئلہ ہے۔یہ ایک(1)مسئلہ ایک(1)کتاب سے اخذ کیا گیا ہے۔

جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل سوم: مبحث اول:۔ ماذون کے مسائل :

کل کتب ایک(1) **کل مسائل ایک(1)**

(1) وجیز	(1) ایک(1) مسئلہ

فصل سوم: مبحث اول:(ماذون کے مسائل)

(جس غلام یالڑکے وغیرہ کو خرید وفروخت کی اجازت ملے۔اس کے متعلق مسائل)

مسئلہ نمبر 1: جس غلام کومالک کی طرف سے تجارت کی اجازت ملی ہو(یعنی عبدماذون)اس نے اقرار کیاکہ اجازت ملنے سے پہلے میرے ذمہ زید کاقرضہ تھایااس چیز کااقرار کیاکہ جواس نے زید سے غصب کی تھی(یعنی زید سے زبردستی لی تھی) یازید نے اسکے پاس بطورامانت رکھی تھی یازید نے بطور عاریت لی تھی۔ پھر(اس نے) وہ چیز ضائع کردی یااس نے اقرار کیاکہ زید نے مجھے بطور نیم سودپرروپے دیئے تھے۔تواگرزید نے اس سے کہاکہ توجھوٹاہے۔یہ سب(معاملات) اجازت ملنے کے بعد ہوئے ہیں توغلام کو ان باتوں میں سے کسی بات میں بھی سچاتصور نہیں کیاجائے گااور یہ سب اس پراب لازم ہوں گے۔اوراگرزید نے تصدیق کرلی کہ آپ سچے ہیں۔توخاص طورپرغصب اب اس پرلازم ہوجائے گی اوراسکے علاوہ غلام کی آزادی تک باقی رہے گی اورامام ابویوسف ؒ کے نزدیک فوری طورپرلی جائیگی۔چاہے زید نے تصدیق کی ہویاتکذیب۔اوراس طرح کاحکم ہے اس نابالغ لڑکے اور نیم پاگل آدمی کا

جسکو تجارت کی اجازت ملی ہو (مثلاً اگر زید کے لیے گزشتہ باتوں کا اقرار کیا) تو اگر زید نے تصدیق کی کہ واقعی یہ اجازت نہ ملنے کے زمانے کی بات ہے تو فی الحال اس پر غصب لازم ہوگا اور اگر زید نے تکذیب کی تو سب لازم ہونگے اور اگر غلام یا لڑکے نے گواہ پیش کیے کہ یہ ہم نے اجازت ملنے سے پہلے کیے ہیں اور زید نے گواہ پیش کیے کہ تم نے اجازت ملنے کے بعد کیے ہیں تو زید کے گواہ اولیٰ ہیں۔ (وجیز)

مسئلہ نمبر1: لو اقر المأذون بدَین کان علیہ، وھو محجور من: غصب او ودیعۃ او عاریۃ، استھلکھا اومضاربۃ، فان کذّبہ رب المال وقال: ھٰذا کلہ فی حال اذنک، لم یصدّق العبد فی شیئ منہ، ولزمہ کلہ للحال، وان صدقہٗ لزمہ الغصب خاصۃ، ویتأخر ماسواہ الی حال عتقہ، وعند ابی یوسفؒ : یؤخذ بہ للحال، صدّقہ فی الاضافۃ ام کذّبہ، وکذالک الصبی المأذون والمعتوہ، یلزمہ الغصب فی التصدیق وکلہ فی التکذیب۔ وان اقام العبد والصبی البینۃ انھما فعلا قبل الاذن واقام المقرّ لہ البینۃ انھما فعلا بعد الاذن، فبینۃالمقر اولیٰ۔

1:۔وجیز الفتاویٰ،المخطوطہ، لمحمد بن محمد بن محمد رضی الدین السرخسی، صاحب المحیط، کتاب الشہادات وملجاء القضاۃ عند تعارض البینات لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ص201، کتاب الشہادات۔۔الناشر: الدار العربیۃ للطبعۃ والنشر۔الطبعۃ الاولیٰ 1437، **2016**

باب اول:

فصل سوم۔ مبحث دوم: ۔ حجر (غیر ماذون کے مسائل)

اس مبحث دوم میں بھی صرف ایک (1) مسئلہ ہے۔ یہ ایک (1) مسئلہ ایک (1) کتاب سے اخذ کیا گیا ہے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل سوم۔ مبحث دوم: غیر ماذون کے مسائل :

کل کتب (1) کل مسائل (1)

(1) قنیۃ المنیہ	(1) مسئلہ	ایک (1)

فصل سوم: مبحث دوم: حجر (غیر ماذون کے مسائل)

مسئلہ: (اس آدمی کے متعلق جس کو تصرفات سے روکا گیا ہو۔)

مسئلہ نمبر 1: اگر کوئی بچپن میں صحیح اور عقلمند ہو۔ لیکن بعد میں اس کو خرید و فروخت سے منع کر دیا گیا (مثلاً عقل میں فتور آگیا یا فضول خرچی اور بے راہ روی شروع کر دی تو قاضی نے تصرف سے منع کر دیا۔) پھر مذکورہ شخص اور سے خریدنے والا دونوں کا باہمی اختلاف پیدا ہوا۔ تو اس (غیر ماذون شخص نے) کہا کہ یہ چیز آپ نے مجھ سے اس وقت خریدی ہے، جس وقت مجھے تصرف سے روکا گیا تھا (لھٰذا یہ بیع نہیں ہوئی۔) اور خریدار نے کہا کہ میں نے اس وقت خریدی ہے جب آپ تندرست اور عقلمند تھے۔ تو اس شخص کی بات معتبر ہو گی جس کو تصرف سے روکا گیا ہو۔ اس لئے کہ خریداری ایک حادث چیز ہے۔ تو اس کی نسبت قریبی وقت

کیطرف کرینگے۔(اور وہ ممانعت کا وقت ہے)۔اور اگر دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے تو اس شخص کے گواہ اولیٰ ہیں جو خریدار ہے۔("قنیہ نے دعاوی میں ذکر کیا ہے")

مسئلہ نمبر1: ولو حجر علیہ بعد صلاحہ واختلف هو مع المشتری ، فقال : اشتریتہ منیّ حال الحجر وقال المشتری : لا ، بل حال صلاحک فا لقول للمحجور لان الشراء حادث فیحال الیٰ اقرب الاوقات فالمشتری یدعی اسبق وهو ینکر . وان اقاما البینۃ فبینۃ المشتری اولیٰ۔

1:۔قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص337-338، کتاب الشہادات، باب الاختلاف بین المتبایعین فی صحۃ العقد وفسادہ۔الطبعہ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ

باب اول:

فصل چہارم: ۔ سرقہ (چوری) کے متعلق مسائل

اس فصل میں دو(2)مسائل ہیں۔یہ دو(2)مسائل ایک(1)کتاب سے اخذ کئے گئے ہیں۔
جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل چہارم: چوری کے مسائل :

کل کتب (1) کل مسائل(2)

(1) قنیۃ المنیہ	(1) دو(2) مسائل

کل کتب:۔ایک(1) **کل مسائل:۔دو(2)**

فصل چہارم: چوری کے متعلق مسائل

مسئلہ نمبر1: اگر مدعی غیر قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ سامان تقریباً ڈیڑھ ماہ قبل مجھ سے چوری ہوا تھااور قابض نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ یہ سامان فلاں آدمی کی ملکیت تھی اور اب سے ایک سال پہلے اس کو اپنے والد سے بطورِ میراث ملا تھا۔ پھر میں نے اس سے خرید لیا تو امام اعظم ابو حنیفہ ؒ اور امام ابو یوسف ؒ کے نزدیک یہ دفع صحیح ہے (یعنی اس سے مدعی غیر قابض کا دعویٰ مسترد ہو جاتا ہے۔) ''قنیہ نے دو متعارض شہادتوں کے باب میں ذکر کیا ہے''۔(قنیہ)

مسئلہ نمبر1: لو اقام الخارج بینۃعلیٰ ان ھٰذالمتاع سرق منیّ منذ شھر ونصف واقام ذوالید بینۃ انہ ملک فلان ، ورثہ من ابیہ قبل ھٰذالبینۃ ثم اشتریتہ منہ فھٰذا دفع عند ابی حنیفۃ ؒ وابی یوسف ؒ ۔

مسئلہ نمبر2: کسی شخص نے دوسرے کے گدھے پر دعویٰ کیا کہ یہ گدھا میرا ہے۔ ایک ماہ قبل مجھ سے چوری ہوا تھا اور گواہ بھی پیش کیے اور قابض نے بھی گواہ پیش کر دیئے کہ یہ گدھا میرا ہے تقریباً ایک سال سے میرے قبضے میں ہے اور یہ شخص چوری کا جو وقت بتا رہا ہے اس وقت یہ میرے قبضے میں تھا۔ تو اس سے مدعی کے گواہ مسترد نہیں ہوں گے۔("قنیہ نے دعاوی میں ذکر کیا ہے")

مسئلہ نمبر2: ادعیٰ علیہ حمارا انہ ملکہ سرق منہ منذ شهرَین واقام بینۃ وذوالید بینۃ ، ان هٰذا الحمار ملکہ وفی یدہ منذ سنۃ وحین یزعم انہ سرق منہ کان فی یدہ ، لا یندفع بها بینۃ المدعی ۔

1:۔قنیۃ المنیہ لتتمیم الغنیہ لشیخ مختار بن محمد، ص316، کتاب الشہادات، دو متعارض شہادتوں کے باب میں۔الطبعہ: بدون طبعۃ وبدون تاریخ۔

2:۔ایضا محولہ بالا ص334، کتاب الشہادات، باب الدفع فی الدعویٰ

باب اول:

فصل پنجم: ۔ وکالت کے مسائل

اس فصل میں دو(2) مسائل ہیں۔ یہ دو(2) مسائل ایک(1) کتاب سے اخذ کئے گئے ہیں۔

جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل پنجم: وکالت کے مسائل :

کل کتب (1)   کل مسائل (2)

(1) قاضی خان	(1) دو (2) مسائل

فصل پنجم: وکالت سے متعلق مسائل

مسئلہ نمبر1: ایک شخص کے پاس دوسرے کی امانت تھی۔ایک تیسرے شخص نے آکر اس پر دعویٰ کیا کہ میں امانت رکھوانے والے کا وکیل ہوں۔ایک سال قبل اس نے مجھے وکیل بنایا تھا اور مجھے کہا ہے کہ میری یہ امانت ان سے وصول کر لے اور اپنے دعویٰ پر گواہ پیش کیے۔ جبکہ امانت دار نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ امانت رکھوانے والے نے اس کو وکیل بنایا تھا لیکن بعد میں اس کو وکالت سے معذول کر دیا تھا۔تو یہ گواہ قبول ہوں گے۔اسی طرح اگر اس بات پر گواہ پیش کیے کہ اس وکیل کے جو گواہ ہیں یہ غلام ہیں (ان کی گواہی معتبر نہیں ہے) تو یہ بھی قبول ہوں گے۔(قاضی خان)

مسئلہ نمبر1: رجل فی یدیہ ودیعۃ لرجل ، فجاء رجل وادعیٰ انہ وکیل المودع فی قبض الودیعۃ وکّلہ فی ذالک منذ سنۃ واقام البینۃ ، فاقام الذی فی یدیہ الودیعۃ ان المؤکِل اخرجہ من ھٰذہ الوکالۃ ، قبلت بینتہ ۔ وکذالو اقام البینۃ ان شھود الوکیل عبید ، قبل ذالک منہ ۔

مسئلہ نمبر2: زید کے قبضے میں ایک گھر تھا۔ بکر نے وکیل کے ذریعے اس گھر کا دعویٰ کیا اور زید نے بکر کی ملکیت کے دعوے اور وکالت سے انکار کر دیا (یہ کہا کہ بکر نے تجھے وکیل نہیں بنایا اور تجھے نہیں کہا کہ میری طرف سے گھر کی ملکیت کا دعویٰ کرے) اور مدعی نے اپنے وکیل بنانے پر گواہ پیش کیے جب کہ زید نے اس بات پر گواہ پیش کیے کہ بکر نے اقرار کیا تھا کہ اس وکیل کے گواہ جھوٹے ہیں اور اجرت پر گواہ لیے ہیں۔ تو مدعی کے گواہوں کی گواہی باطل اور مسترد ہو جائے گی۔ اور اگر زید کے گواہوں نے یہ گواہی دی کہ ان گواہوں نے اقرار کیا ہے (کہ ہم جھوٹے گواہ ہیں اور ہمیں اجرت پر بلوایا گیا ہے) تو اس صورت میں وکیل کے گواہوں کی گواہی باطل نہیں ہو گی۔ البتہ اگر زید کے گواہوں نے اس بات پر گواہی دی کہ وکیل کے گواہوں نے اقرار کیا ہے کہ ہم پر حدِ قذف (*) جاری ہوئی ہے یا اس طرح اقرار کیا کہ ہم مدعی کے ساتھ اس گھر میں شریک ہیں، جس کے ہم زید کے خلاف گواہی

1:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانی الحنفی۔ ص نمبر 313 جلد 2 باب الدعویٰ والبینات باب ما یبطل دعوی المدعی قبل القضاء اوبعدہ۔ الناشر: دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010

حاشیہ:۔ (*) کوئی شخص کسی پر زنا کی تہمت لگائے یا زنا کی گالی دے دے اور وہ رپورٹ درج کروادے۔ اور تہمت لگانے والا اس زنا کو ثابت نہ کر سکے یعنی چار گواہ اس زنا پر نہ ہو۔ تو تہمت لگانے والے پر اسی کوڑے جاری ہوں گے۔ اس سزا کو حدِ قذف کہا جاتا ہے۔ ۱۲ مترجم

دے رہے ہیں۔ تو ان دونوں صورتوں میں مدعی کے گواہوں کی گواہی باطل ہو جائے گی۔ (" قاضی خان نے دعاوی میں ذکر کیا ہے")

مسئلہ نمبر2: رجل فی یدیہ دار، ادعاھا رجل بوکالۃ رجل ، فانکر المدعیٰ علیہ دعواہ الملک والوکالۃ ، فاقام الوکیل بینۃ علی الوکالۃ ، فاقام المدعیٰ علیہ البینۃ علیٰ اقرار المؤکِل ان شھود الوکیل شھود زور او استأجرھم ، بطلت شھادۃ شھود المدعی ، فان شھدوا بذالک علیٰ اقرار الشاھدَین لا تبطل شھادتھم الاّ اذا شھدوا علیٰ اقرار الشاھدَین انھما محدودانِ فی قذف ، او انھما شریکان فیما شھدا علی المدعیٰ علیہ ، فحینئذ تبطل شھادتھما ۔

2:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانی الحنفی۔ ص نمبر 315 جلد 2 باب الدعویٰ والبینات باب ما یبطل دعوی المدعی قبل القضاء اوبعدہ۔ الناشر: دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2010

(آخری بات عالم کی شان کے بارے میں)

اس فصل میں مفتی کے لئے ہدایات بیان کی گئے ہیں۔

عصر حاضر میں علماء میں سے جو مفتی ہوتا ہے، اس سے جب کسی مسئلے یا کسی واقعے کے متعلق دریافت کیا جائے۔ تو اس کو چاہیے کہ وہ اس مسئلے کے متعلق آئمہ احناف رحمہم اللہ کی رائے جو ظاہر الروایہ ہو اور اس میں کسی قسم کا اختلاف نہ ہو تو (وہ مفتی) اسی پر فتویٰ دے دیں۔ اور اس کے خلاف اپنی کوئی رائے قائم نہ کرے۔ اگرچہ یہ مفتی بڑا عالم اور مجتہد کیوں نہ ہو۔ کیونکہ ہمارے آئمہ نے جو حکم جاری کیا ہے وہ حق اور سچ ہے۔ جبکہ مفتی مجتہد ہونے کے باوجود بھی ان کی اجتھاد کو نہیں پہنچ سکتا۔ مفتی صاحب ان لوگوں کی رائے اور دلائل ہرگز قبول نہ کرے۔ جن کی رائے ہمارے آئمہ کے مخالف ہو۔ کیونکہ ہمارے آئمہ کو بھی یہ تمام دلائل معلوم

تھے اور انہوں نے ان میں اچھی طرح چھان بین کر کے صحیح اور غلط (قوی اور ضعیف) دلائل میں امتیاز کیا ہے۔ ہمارے آئمہ سے مراد امام اعظم ابو حنیفہ ؒ، امام ابو یوسف ؒ اور امام محمد ؒ (اللہ ان پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائیں) ہیں۔

اور اگر یہ مسئلہ مختلف فیہ ہو آئمہ احناف ؒ کے درمیان تو پھر مفتی کو چاہیے کہ وہ سب سے پہلے امام اعظم ؒ کے قول پر فتویٰ دے۔ پھر اس کے بعد امام ابو یوسف ؒ اور پھر امام محمد ؒ اور اس کے بعد دیگر۔۔۔ آئمہ احناف ؒ کی رائے کو اختیار کرے۔ اگر یہ (مسئلہ) احناف میں سے امام صاحبؒ اور صاحبینؒ کے درمیان ہو تو پھر دیکھا جائیگا کہ یہ اختلاف اختلافِ زمانہ کی وجہ سے ہے۔ جیسے: امام صاحبؒ گواہوں کی صرف ظاہری حالت کا اعتبار کر کے فرماتے ہیں، کہ قاضی ان کی گواہی کو قبول کریں اور ان کے بارے میں خفیہ طور پر کوئی تحقیق نہ کی جائے۔ جبکہ صاحبینؒ کے نزدیک خفیہ طور پر تحقیق کرنے کے بعد ان کے گواہی قبول کی جائیگی۔ تو ایسی صورت میں مفتی صاحبینؒ کے قول پر فتویٰ دے گا۔ کیونکہ لوگوں کی حالتیں تبدیل ہو چکی ہیں۔ (صرف ظاہر پر مطمئن نہیں ہونا چاہیے۔) مزارعت، معاملات اور اس جیسے دیگر مسائل میں بھی متاخرین علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ صاحبینؒ کے قول پر فتویٰ دیا جائیگا اس کے علاوہ دیگر مسائل کے بارے میں بعض علماء فرماتے ہیں کہ مجتہد کو اختیار ہے کہ جس بات پر اس کو تشفی ہو اسی پر عمل پیرا ہو۔

عبداللہ ابن مبارک ؒ فرماتے ہیں کہ اما صاحبؒ کے قول کے علاوہ کو قبول نہیں کیا جائیگا۔ اور شرح طحاوی میں مذکور ہے کہ اگر عالم مجتہد نہ ہو تو سوائے مزارعت اور معاملات کے مسائل کے امام صاحبؒ کے قول کے علاوہ کو قبول کرنا جائز نہیں ہے۔

اور مزارعت اور معاملات میں صاحبینؒ کے قول کو لیا جائیگا۔

اس بات میں علماء کا اختلاف ہے کہ مجتہد کون ہو سکتا ہے؟ تو بعض فرماتے ہیں کہ اگر کسی سے دس (۱۰) مسائل پوچھے جائیں اور ان میں سے جو اٹھ (۸) کا جواب درست دے دیں، تو وہ مجتہد ہے۔ بعض فرماتے ہیں کہ مجتہد کیے لیے ضروری ہے کہ اس کو مبسوط ازبر (یاد) ہو اور ناسخ و منسوخ اور محکم اور مؤل کو جاننے کے ساتھ ساتھ لوگوں کی عادات اور عرف سے بھی واقف ہو۔ اور اگر وہ مسئلہ ظاہر الروایہ میں موجود نہ ہو تو پھر دیکھا جائیگا کہ اگر وہ مسئلہ ہمارے آئمہ کے اصول و قواعد کے موافق ہو تو اس پر عمل کیا جائیگا۔

اور اگر اس بارے میں ہمارے آئمہ کا کوئی قول نہ ملے تو پھر دیکھا جائیگا کہ متاخرین اس مسئلے میں کسی بات پر متفق ہیں، تو اسی پر فتویٰ دیا جائیگا و گرنہ بصورت دیگر اس میں اجتہاد اور غور فکر کیا جائیگا۔ جس بات پر اس کو اطمینان ہو جائے تو اسی پر فتویٰ دے۔

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں کہ اسی کی مہربانی سے اچھی باتیں اور اچھے کام انتہاء کو پہنچتے ہیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں (اس عربی کتاب کی تصنیف جس نے کی ہے ان کا نام محمد گیلانی ہے۔ (وہ فرماتے ہیں) میں اس کتاب کے مسودہ لکھنے سے (1044ھ) کو شوال کے چودویں (14) تاریخ کو پیر کے دن فارغ ہوا۔ (والحمد للہ علیٰ ذالک)

باب دوم:

اس باب میں تین (۳) فصلیں ہیں۔

فصل نمبر ا: کتاب نمبر2: ﴿طریقہ واضحہ﴾

فصل نمبر ۲: مقدمہ

فصل نمبر ۳: مجمل گواہی کے مسائل

فصل نمبرا میں مصنف ؒ نے کتاب کی اہمیت بیان کی ہے۔ نیز کتاب لکھنے میں جن کتب سے استفادہ کیا ہے، ان کتابوں کے نام بھی ذکر کئے ہے۔

فصل نمبر میں مصنف ؒ نے صاحب قبضہ (یعنی قابض) اور غیر قابض کی پہچان کرائی ہے۔اسی طرح مصنف ؒ نے قابض اور مدعی غیر قابض، منقولی اور غیر منقولی چیزوں کے متعلق کچھ مسائل کا تذکرہ کیا ہے۔

فصل نمبر میں مصنف ؒ نے مجمل گواہی کے مسائل اور ان کا حکم،اسی طرح کاغذ سے دعویٰ کرنے یا گواہی دینے کے متعلق مسائل اور ان کا حکم بیان کیا ہے۔

باب دوم:

فصل نمبر ا۔کتاب نمبر ۲ (طریقہ واضحہ)

فصل نمبر ا:۔کتاب نمبر2: ﴿طریقہ واضحہ﴾

تمام تعریفیں اس پروردگار کے لیے ہیں جس نے ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کو قطعی حجتوں اور واضح دلیلوں (یعنی معجزوں) کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے۔اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو ان پر (یعنی محمد ﷺ پر) اس وقت تک جب تک مدعی اور مدعی علیہ رہے اور دعوؤں میں فیصلے کو طلب کریں قاضیوں کی مجلسوں میں (یعنی قیامت تک۔) پس بسم اللہ اور تعریف اور درود و سلام کے بعد محمود بن حمزہ ؒ فرماتے ہیں جو مفتی ہیں دمشق (شام) کے۔پس جب میں نے دیکھا کہ لوگوں میں سے اکثریت گواہیوں کے طلب میں گڑبڑ کرتے ہیں اور اس کے ضبط اور تحقیق میں سستی سے کام لیتے ہیں۔پس میں نے ارادہ کیا کہ قاضی اور مفتی کے لئے ایک ایسا آسان سا طریقہ ایجاد کروں یعنی میں اس کیلئے ایسا نقشہ بناؤں کہ اس کی موجودگی میں دوسری کتابوں کو دیکھنے اور فتاؤوں

کو ڈھونڈھنے کی ضرورت نہ پڑے۔ پس میں امید کرتا ہوں کہ اس نقشے نے اکثر مسائل کا احاطہ کیا ہوگا(اور کوئی غور طلب مسئلہ اس سے خالی نہیں ہوگا) اگرچہ اس سے پہلے یہ سب مسائل کتابوں کی شکل میں موجود ہیں۔ جیسے کہ کتاب ترجیح البینات جس کا مصنف شیخ غانم عراقی ہے اور اس کے علاوہ کتاب فصول جس کا مصنف شیخ حسن عدوی ہے اور کتاب میزان جس کا مصنف شیخ عبدالباقی

ہے۔اور اس کے علاوہ بہت سارے رسالے لکھ چکے ہیں۔ لیکن ان کتابوں سے ہر آدمی مسئلہ نہیں نکال سکتا اور نہ ہی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پس میں نے اپنی کتاب کو ایسی ترتیب دی ہے کہ میں نے دونوں مد مقابل کی گواہیوں کو ایک ترازو کے دونوں جانب رکھا۔ معتبر گواہوں کو میں نے دائیں طرف رکھا اور غیر معتبر گواہوں کو بائیں طرف رکھا اس وجہ سے کہ معتبر اور غیر معتبر میں تمیز ہو جائے(صفحہ کے شروع میں جن گواہوں کو معتبر لکھا ہوا ہے وہ آخر تک معتبر اور جن گواہوں کو غیر معتبر لکھا ہوا ہے وہ آخر تک غیر معتبر ہونگے)اور جس کتاب سے میں نے مسئلہ لیا ہے اس کتاب کا نام اس مسئلے کے نزدیک ایک جانب لکھا،اس وجہ سے کہ اگر کسی آدمی کو ضرورت ہو، اگر کوئی اس کو دیکھنا چاہے تو دیکھ لے۔اور مقدمہ کے شروع میں ان مسائل کو لاؤں گا جن میں ایک مدعی کے گواہ معتبر ہوں گے اور دوسرے کے غیر معتبر ہونگے پھر اس کے بعد ان مسائل کو لاؤں گا جن میں دونوں مدعیوں کے گواہ برابر ہوں گے اور فیصلہ ہوگا دونوں کے لیے مشترکہ طور پر۔ پھر اس کے بعد ایک خاتمہ بیان کروں گا تواتر کے بیان میں کیونکہ ان دونوں کی زیادہ ضرورت پیش آتی ہے۔ پس اگر دو آدمی ایک چیز کا دعٰوی کر رہے تھے اور دونوں کا سبب ملکیت ایک تھا۔مثال کے طور پر ہر ایک یہ کہہ رہا تھا کہ یہ چیز میں نے خریدی ہے۔ میں اس قسم کے مسائل لاؤں گا بیع میں اور اگر سبب ایک نہیں تھا جیسا کہ ایک اجارہ کا اور دوسرا رہن یا ہبہ کا دعٰوی کر رہا تھا(یعنی فلاں نے مجھے ہبہ کی ہے)اس قسم کے مسائل کو لاؤں گا۔اگرچہ اس کتاب کی تصحیح کرنے والے کم ہیں اور صفحات بھی کم ہیں لیکن اس کا مرتبہ بہت بلند ہے اور فائدہ بھی عام ہے ان علماء کے نزدیک جو ماہر ہیں۔

جیسا کہ شاعر نے کہا ہے:

اگر عشق کے خنجر سے دل زخمی نہ ہو جائے

تو عاشقی کے درد و غم سے ہر گز باخبر نہیں ہوگا۔

اور جو کچھ بھی میں نے لکھا ہے۔ میں نے اس کو حنفی مذہب کے کتابوں سے لیا ہے۔ جیسے کہ جامع الصغیرلامام محمد ؒ)، ہدایہ، جامع الصغیرلامام سرخسی ؒ)، خانیہ، ذخیرہ، بحر، وجیز (کردری)، درر، در مختار، ہندیہ، مجلہ، انقروی، فتاوی امام علی افندی کا، تنقیح، جامع الاجارتین، فیض کرکی، حاوی قدسی، جامع الفصولین، شرح تسہیل، میزان المتداعیین، ترجیح البینات غانم بغدادی کی (کتاب اول) فتاوٰی قاری الھدایہ قھلتانی، خیریہ، نتیجہ، فیضیہ، بھجہ، شرح المنار، فصول بدائع، اور تلویح (یہ سب کتابوں کے نام ہیں) اور اس کتاب کو میں نے اس بادشاہ کے زمانے کے یادگاروں میں سے ایک اچھا یادگار بنایا ہے جو بادشاہوں کی اچھائیوں کا مجموعہ ہے۔ (یعنی آل عثمان یعنی سلطان ابن سلطان غازی عبدالحمید خان) (اللہ سے دعا ہے کہ اس کی سلطنت کو آخر تک باقی رکھے) اور اس کتاب کا نام میں نے الطریقۃ الواضحہ الی البینۃ الراجحہ (یعنی بہترین گواہی کے لئے واضح راستہ) رکھا ہے۔ اور میں اس ذات سے سوال کرتا ہوں اور اس کے رسول کے واسطے سے دعا کرتا ہوں کہ میری اس کتاب کو خاص اپنے لیے قبول کریں۔ پس وہی ذات بڑی مہربان اور رحم کرنے والا ہے اور اللہ ہی میرے لیے کافی ہے اور ہر کام کو بنانے والا ہے۔

باب دوم:۔ فصل نمبر ۲ : مقدمہ

فصل نمبر ۲: ﴿مقدمہ﴾

جب مدعی غیر قابض اور قابض کے پہچاننے اور گواہ قائم کرنے پر اکثر مسائل موقوف ہیں۔ پس ان دونوں کا بیان ضروری ہوا (یعنی اس وقت یہ کہ آدمی یہ پہچانے کہ مدعی غیر قابض کس کو کہتے ہیں اور قابض کس کو۔ پس اکثر مسئلوں میں یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ کونسے گواہ متعبر ہیں اور کونسے غیر معتبر ہیں۔ پس اس وجہ سے ہم نے ان دونوں کی پہچان کرائی۔ چنانچہ صاحب قبضہ وہ آدمی ہے کہ جس کے قبضے میں وہ چیز ہو جس پر دعوٰی کیا جاتا ہے یا کیا گیا ہے اور وہ اس سے فائدہ اٹھاتا ہے اور مدعی غیر قابض وہ آدمی ہے کہ وہ اس طرح نہ ہو۔ قابض کے تصرف میں ہونے سے یہ مراد نہیں ہے کہ فیصلے کے وقت اس کے قبضے میں ہو بلکہ یہ بات برابر ہے کہ اس وقت بھی ہو اور اس سے پہلے بھی ہو۔ مثال کے طور پر زید نے ابھی قبضہ کیا ایسی زمین پر جو دوسرے کے قبضے میں تھی۔ پس اس وجہ سے زید صاحب قبضہ نہیں ہو سکتا یا زید نے دوسرے کے ہاتھ میں کوئی چیز دیکھی اور اس سے لے لی کہ یہ میری ہے اور گواہ بھی پیش کئے (پس اس وجہ سے صاحب قبضہ نہیں ہو سکتا اور نہ ہی اس کے حق میں گواہی قبول ہو سکتی ہے۔) اس لئے کہ وہ حقیقت میں مدعی ہے نہ کہ صاحب قبضہ۔ (اور یہ قاعدہ ہے کہ جس وقت دونوں مطلق ملکیت کا دعوٰی کر رہے ہو یعنی دونوں یہ کہتے ہو کہ یہ میری ہے۔ پس اس صورت میں گواہ مدعی کی معتبر ہونگے تو اس صورت میں زید کے گواہ معتبر ہونگے) اسی طرح قھلتانی کتاب کے دعوٰی کے مسائل میں ایسا ذکر ہے۔ پھر جو چیزیں منتقل کی جاتی ہیں۔ جیسے کتاب، گھوڑا، اسلحہ، ہتھوڑا وغیرہ وغیرہ، پس اس میں قبضہ ثابت

ہوتا ہے یا تو اقرار سے یا شہادت سے یا گواہی سے (مثلاً لوگ دیکھتے رہتے ہیں کہ وہ منقولی چیزیں زید کے قبضے میں ہیں یا زید خود اقرار کرتا ہے کہ میرے قبضے میں ہے۔ پس معلوم ہوا کہ زید صاحب قبضہ ہے۔) یا زید اسی منقولی چیز کا انکار کر رہا تھا کہ میرے قبضہ میں نہیں ہے تو جس نے اس پر دعوٰی کیا ہے، اس نے دو گواہ پیش کئے۔ انہوں نے گواہی دی کہ وہ چیز زید کے قبضے میں ایک سال سے ہے، تو قاضی اس گواہی کو سنئے گا اور زید کو صاحب قبضہ شمار کیا جائے گا۔ ایسا ہی ہندیہ کی کتاب (باب ''تنازع ایدی(ا)'') میں کہا گیا ہے۔ باقی رہا قبضہ کا ثبوت ان چیزوں میں جو منقولی نہ ہو۔ (جیسے زمین، گھر، دکان وغیرہ) تو فتاوی خانیہ کے دعوؤں کے مسائل میں یہ ذکر ہے کہ (اگر ایک مدعی دعویٰ کر رہا تھا دوسرے پر زمین کا اور مدعی علیہ نے اقرار کیا تھا کہ وہ زمین میرے قبضے میں ہے۔) تو اگر مدعی نے مدعٰی علیہ کے زمین پر قبضہ کے اقرار کے بعد گواہ قائم کیے کہ یہ زمین میری ہے۔

حاشیہ:۔ا؎ ہندیہ کے اس باب میں یہ بیان نہیں ہے۔ البتہ دعویٰ العین میں اس کا ذکر موجود ہے۔ ۱۲ مترجم

تو شیخ امام ابو بکر محمد بن فضل صاحب نے فرمایا ہے کہ مدعی کے یہ گواہ مقبول نہیں ہیں، جب تک مدعی اس بات پر گواہ قائم نہ کرے کہ یہ زمین مدعی علیہ کے قبضے میں ہے۔ پس اگر مدعی نے اس بات پر گواہ قائم نہ کیے کہ یہ زمین مدعٰی علیہ کے قبضے میں ہے اور اس بات پر گواہ قائم کیے کہ یہ زمین میری ہے۔ جب کہ مدعٰی علیہ نے پہلے ہی اپنے قبضے کا اقرار کیا ہو اور قاضی اس گواہی کی وجہ سے مدعی کے حق میں فیصلہ کرے (کہ زمین تیری ہوگئی۔ تو) امام محمد ؒ نے جامع صغیر (کتاب) میں فرمایا ہے کہ قاضی کا حکم نافذ نہیں ہوگا۔ قاضیخان کی بات ختم ہوگئی۔ اور فتاویٰ خیریہ کے دعوؤں کے مسائل میں کہا گیا ہے کہ یہ ثابت شدہ بات ہے کہ غیر منقولی چیزوں میں مدعی اور مدعٰی علیہ کے ایک دوسرے کی تصدیق کرنے سے قبضہ ثابت نہیں ہوتا۔ لیکن اگر دعویٰ غصب کا ہو (کہ اس نے مجھ سے زبردستی لی ہے) یا دعویٰ قیمتاً خریدنے کا ہو (تو پھر ثابت ہوگا) مطلب یہ ہے کہ اگر مدعٰی علیہ اقرار کر رہا تھا کہ وہ زمین میرے قبضے میں ہے۔ اور مدعی بھی اس کی تصدیق کر رہا تھا کہ جی ہاں! آپ کے قبضے میں ہے۔ تو یہ قدر (گواہی) قبضے کے ثبوت کے لیے کافی نہیں ہے۔ اس لیے کہ ہو سکتا ہے کہ قبضے کا مالک کوئی غائب آدمی ہو اور مدعی اور مدعٰی علیہ نے آپس میں اس بات پر اتفاق کیا ہو کہ آپ قبضے کا مالک بن جاؤ گے اور میں آپ پر ملکیت کا دعویٰ کرونگا۔ تو میرے گواہ معتبر ہوں گے۔ اور دوسرے آدمی کی زمین لے لیں گے۔ اس وجہ سے ہم نے کہا کہ اتنی بات کافی نہیں ہے۔ بلکہ اگر مدعٰی علیہ نے قبضہ کا اقرار کیا ہو تو پھر سب سے پہلے مدعی کے لیے اس کے قبضے پر گواہ قائم کرنا ضروری ہے، اس کے بعد اپنی ملکیت پر گواہ قائم کرے گا۔ لیکن اگر مدعی ایسا دعویٰ کر رہا تھا کہ یہ زمین میں نے مدعی علیہ سے خریدی ہے اور اس کے قبضے میں ہے یا اس نے مجھ سے زبردستی لی ہے۔ جبکہ مدعٰی علیہ نے بھی اقرار کیا ہو کہ یہ زمین میرے قبضے میں ہے۔ تو اس صورت میں مدعی کیلئے ضروری نہیں ہے کہ وہ مدعٰی علیہ کے قبضے پر گواہ قائم کرے۔ لیکن اس بات پر گواہ قائم کرے گا کہ اس سے میں نے یہ چیز خریدی ہے یا اس بات پر کہ زمین تو میری ہے لیکن اس نے مجھ

سے چھین لی ہے۔اس بیان کی وضاحت اس بات سے ہوتی ہے جس کا ذکر جامع الفصولین کتاب میں ہے۔(اس میں کہا ہے) کہ اگر ایک آدمی نے دوسرے پر منقولی چیز کا دعویٰ کیا اور مدعیٰ علیہ نے اپنے قبضے میں ہونے کا اقرار کیا تو اس کا ایسا اقرار کرنا جائز ہے لیکن غیر منقولی میں جائز نہیں ہے جب تک مدعی مدعیٰ علیہ کے قبضے پر گواہ قائم نہ کرے۔ پھر اگر مدعیٰ علیہ نے قبضے سے انکار کیا (اور کہا کہ میرے قبضے میں نہیں ہے) اور مدعی کے پاس مدعیٰ علیہ کے قبضے میں ہونے پر گواہ نہ تھے، تو مدعیٰ علیہ کو قسم دی جائے گی کہ آپ قسم اٹھاؤ کہ میرے قبضے میں نہیں ہے۔" کحم(ا) "

حاشیہ:۔ا۔یہ اشارہ ہے کتاب الاحکام کی طرف۔ لیکن میرے پاس جامع الفصولین کا جو نسخہ موجود ہے اس میں اس جگہ پر کحم کا حوالہ نہیں ہے۔ بلکہ (خ) دیا ہے اور اشارہ ہے قاضی خان کی طرف۔ ۱۲مترجم

اگر کسی نے دوسرے پر زمین کا دعویٰ کیا" مثلا" اور مدعیٰ علیہ نے انکار کیا کہ وہ میرے قبضہ میں نہیں ہے اور مدعی کے پاس گواہ نہیں تھے، تو مدعیٰ علیہ سے قسم لی جائیگی اپنے قبضے پر اقرار ہونے تک۔ اگر مدعیٰ علیہ نے اپنے قبضے کا اقرار کیا تو پھر ملکیت پر قسم دی جائے گی۔(اس طرح کہ وہ یہ کہے کہ وہ زمین مدعی کی ملکیت میں نہیں ہے) اگر مدعیٰ علیہ نے مدعی کی ملکیت کا اقرار کیا۔ تو قاضی مدعیٰ علیہ کو حکم دے گا کہ آپ اس زمین کو چھوڑیں اور اس میں کوئی تصرف نہ کریں اور اگر صورت مسئلہ اس طرح ہو کہ مدعیٰ علیہ نے پہلے اپنے قبضے کا اقرار کیا ہو۔ اسکے بعد مدعی نے گواہ قائم کیے اس بات پر کہ یہ زمین میری ہے۔ تو مدعی کے گواہ قبول نہیں ہوں گے جب تک اس بات پر گواہ پیش نہ کرے کہ یہ زمین مدعی علیہ کے قبضے میں ہے۔ اور اگر مدعی نے مدعی علیہ کے قبضے پر گواہ پیش نہ کیے اور اپنی ملکیت پر مدعی علیہ کے قبضے کے اقرار کے بعد گواہ پیش کیے اور قاضی نے مدعی کے لیے اس زمین کا حکم صادر فرمایا تو قاضی کا یہ حکم نافذ نہیں ہو گا جب تک مدعی گواہ پیش نہ کرے یا قاضی (ا) کو معلوم نہ ہو کہ وہ زمین مدعیٰ علیہ کے قبضے میں ہے۔(جامع الفوصلین کی بات ختم ہوئی۔)

اور جنگل کے درختوں میں قبضہ اس طریقہ سے معلوم ہو گا کہ آدمی اس سے درخت کاٹتا رہے اور بھیجتا رہے یا اس کے مثل کوئی اور فائدہ اس سے اٹھاتا رہے (تو یہ اس کے قبضہ کا مالک ہو گا) اور جنگلی بانس میں اس طریقہ سے معلوم ہو گا کہ آدمی اپنے ضرورت کے استعمال کیلئے یا بیچنے کیلئے اس سے بانس کاٹتا ہو۔ اس طرح ہندیہ کتاب کے باب تنازع الایدی میں مذکور ہے۔

پھر یاد کر واس بات کو کہ اگر گواہ قبضہ پر گواہی دے، تو قاضی ان گواہوں سے پوچھے گا کہ تم نے اس قبضہ پر جو گواہی دی ہے، یہ گواہی سننے کی ہے یا دیکھنے کی ہے۔(یہ) اس لیے کہ کبھی کبھی دو آدمی ایک آدمی سے اس بات کا اقرار سن لیتے ہیں کہ فلاں چیز میرے قبضہ میں ہے، تو یہ گمان کر لیتے ہیں کہ اب ہمارے لیے اس قبضہ پر گواہی دینا جائز ہے۔اور یہ بات فقہ کے اکثر علماء پر مجمل رہتی ہے۔ توانکے خیال میں نہیں آتی، جب تک گواہ یہ نہ کہے کہ ہم نے اس کا قبضہ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے، توانکی گواہی قبول نہیں کی جائیگی۔ایسا ہی فتاویٰ خیر یہ کے دعویٰ کے مسائل میں مذکور ہے۔

حاشیہ:۔(۱) بحر الرائق، قاضی خان، جامع الفصولین اور ملتقی الابحر میں اس جگہ قاضی کے علم کا بھی اعتبار ہے۔اور خلاصہ میں صرف شہادت کا ذکر ہے۔اور شامی میں اس جگہ کہا ہے کہ مفتٰی بہ قول یہ ہے کہ قاضی صرف اپنے علم کے بناء پر فیصلہ نہیں کرے گا۔ ۱۲ مترجم

پھر (یہ بات یاد رکھو) کہ جب کسی نے ایک ایسی چیز کا دعویٰ کیا کہ وہ ایک آدمی کے قبضہ میں حاضر و موجود تھی، کہ یہ میری ہے اور مدعیٰ علیہ نے انکار کیا (کہ یہ آپ کی نہیں ہے) اور مدعی نے اپنے دعویٰ پر گواہ قائم کئے اور قاضی سے کہا کہ آپ میرے لیے اس مدعا علیہ کے نفس کا ضامن لے لیں کہ میرے گواہ کے تزکیہ تک (کہیں غائب نہ ہو جائے) تو قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ قاضی مدعی علیہ کو اس بات پر مجبور نہ کرے۔ لیکن جس دلیل کو استحسان کہا جاتا ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ قاضی مدعیٰ علیہ کو مجبور کرے گا کہ آپ ضرور ضامن دیدو (ایسا ضامن جو ثقہ ہو اور اس کے چھپنے کا ڈر نہ ہو) پس جب مدعیٰ علیہ نے اپنا ضامن دیدیا، تو بہتر یہ ہے کہ اس سے ایک وکیل مقدمہ کے لیے بھی لیا جائے (اور اگر مدعیٰ علیہ نے وکیل دیدیا، تو مدعی اس سے وکیل کا ضامن بھی طلب کر سکتا ہے۔) اسکا فائدہ یہ ہوگا کہ اگر مدعیٰ علیہ چھپ جائے تو قاضی اسکے وکیل پر حکم نافذ کر سکتا ہے۔اور جس چیز کا دعوی (۱) کا کیا گیا ہے، اسکا ضامن بھی اس سے لیا جائے۔اسلئے کہ قاضی حکم نہیں کر سکتا جب تک مدعیٰ علیہ (یا اسکا قائم مقام) اور مدعیٰ بہ چیز حاضر نہ ہو۔اور اگر ایک آدمی ضامن بھی ہو جائے اور وکیل بھی، تو یہ جائز ہے۔اور قاضی یہ کام (۲) اس وقت کرے گا جب مدعی اسکا مطالبہ کرے۔اور اگر مدعیٰ علیہ نے اپنے ضامن دینے سے انکار کیا، تو قاضی مدعی کو کہے گا کہ آپ رات کے وقت اسکی نگرانی (خیال) کرو اور دن کو اسکے ساتھ چلو اور اس پر خود نظر رکھو یا دوسرے کے ذریعے۔یہ حکم جو گزر گیا، تب ہے کہ جب مدعی اپنے دعوی پر گواہ قائم کرے۔اور اگر مدعی نے دعوی کیا ہو اور گواہ قائم نہ کیے ہو اور قاضی سے مطالبہ کیا کہ میرے لیے اس سے ضامن لے لیں۔تو (اس میں دو صورتیں ہیں) اگر مدعی نے کہا کہ میرے گواہ غائب ہیں۔تو قاضی اس کے لیے مدعیٰ علیہ سے ضامن نہیں لے گا اور اگر مدعی نے یہ کہا کہ میرے گواہ شہر میں موجود ہیں۔تو قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ اس کے لیے ضامن لے لیں اور استحسان کی دلیل یہ کہتا ہے کہ قاضی مدعیٰ علیہ سے قاضی کی دوسری مجلس تک ضامن لے گا (یعنی قاضی جس

وقت دوبارہ فیصلے کے لیے بیٹھے، اس قت تک یہ ضامن ہوگا۔)اور اسی طرح حکم ہے کہ اگر مدعی نے صرف ایک گواہ قائم کیا ہو۔ تو مدعیٰ علیہ سے اس کے حاضر ہونے کا ضامن اور مدعیٰ بہ چیز کو حاضر کرنے کا ضامن اور مقدمے کا وکیل اور وکیل کے حاضر ہونے کا ضامن لے گا۔ پس اگر مدعیٰ علیہ نے وکیل دیا اور ضامن نہیں دیا یا ضامن دیا اور وکیل نہیں دیا۔ تو قاضی یہ مدعی کے رضامندی کے بغیر قبول نہیں کرے گا۔

حاشیہ:۔ ۱؎ اگر منقولی ہو۔ ۱۲ مترجم

۲؎ شامی میں بحر الرائق سے منقول ہے اور مجمع الانھر میں بھی کہا گیا ہے کہ اگر مدعی جاہل ہو تو قاضی اس کے لئے اسکے درخواست کے بغیر ضامن لے گا۔ ۱۲ مترجم

اور اگر مدعیٰ بہ چیز منقولی ہو اور مدعی نے قاضی سے کہا کہ میں نفس کے ضامن اور اس چیز کے ضامن لینے پر راضی نہیں ہوں۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ یہ چیز کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھی جائے۔ تو اگر مدعیٰ علیہ خود بااعتماد تھا، اس سے یہ ڈر نہیں کہ وہ یہ چیز چھپائے گا۔ تو قاضی مدعی کی یہ بات قبول نہیں کرے گا اور اگر مدعیٰ علیہ فاسق تھا، اس سے یہ ڈر تھا تو پھر قاضی یہ چیز کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھے گا اور اگر مدعیٰ بہ چیز منقولی نہیں تھی اور مدعی نے قاضی سے کہا کہ آپ یہ چیز کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھو۔ تو قاضی اس کی یہ بات نہیں مانے گا۔ مگر یہ کہ اگر وہ پھلدار درخت ہو، تو پھر مانے گا۔ اور اگر مدعیٰ بہ چیز جانور ہو یا لونڈی ہو کہ اسے کھانے پینے کی ضرورت پڑتی تھی اور مدعیٰ علیہ نے ضامن دینے سے انکار کر دیا اور مدعی اس کی حفاظت پر قدرت نہیں رکھتا تھا اور قاضی سے مطالبہ کیا کہ یہ آپ کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھو۔ تو قاضی مدعی سے کہے گا کہ اگر آپ کی مرضی ہو تو میں یہ کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھوں گا اور خوراک خرچہ آپ پر ہوگا۔ برابر ہے یہ بات کہ آپ کے گواہ ثقہ ثابت ہو جائیں یا نہیں یا میں آپ کے حق میں فیصلہ کروں یا نہیں۔ تو اگر مدعی اس بات پر راضی ہوا تو قاضی کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھے گا اور اگر مدعی اس بات پر راضی نہیں ہوا تو قاضی کسی بااعتماد آدمی کے پاس نہیں رکھے گا۔ اور اگر مدعی نے قاضی سے یہ مطالبہ کیا کہ آپ مدعیٰ بہ چیز اور مدعیٰ علیہ کے درمیان جدائی پیدا کریں (تاکہ مدعیٰ علیہ اس کو کچھ نہ کہہ سکے) تو اگر مدعی نے ابھی تک اپنے دعویٰ پر گواہ قائم نہیں کئے تھے اور یہ مطالبہ کیا تو قاضی اس کی یہ بات قبول نہیں کرے گا۔

اور ایسا ہی حکم ہے کہ اگر ایک فاسق گواہ یا دو فاسق گواہ قائم کئیں تھیں۔ (تو بھی قاضی مدعی کا یہ مطالبہ قبول نہیں کرے گا) اس لئے کہ فاسق کی بات معتبر نہیں ہے۔ کیا آپ دیکھتے نہیں کہ اگر ایک فاسق آدمی نے کہا کہ یہ پانی ناپاک ہے یا پاک ہے۔ تو اس کا قول ظاہر الروایت (۱) میں اس بارے میں معتبر نہیں ہے۔ اور اگر مدعی نے پہلے ایک ثقہ گواہ قائم کیا تھا یا ایسے دو عورتیں (گواہی

کے لیے) پیش کیئں تھیں کہ جن کی اچھائی اور برائی معلوم نہیں تھی۔ تو اگر دعویٰ عورت کے بارے میں تھا۔ یعنی وہ اس بات پر گواہی دے رہی تھیں کہ یہ باندی مدعی کی ہے تو اس باندی اور مدعیٰ علیہ کے درمیان دوری لائی جائیگی اور باندی کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھی جائیگی۔ اور ایسا ہی حکم ہے کہ اگر عورت نے دعویٰ کیا کہ میں اصل میں آزاد ہوں یا اپنے آقا نے مجھے آزاد کیا ہے یا گواہوں نے گواہی دی کہ اس عورت کو خاوند نے طلاق بائن دی ہیں (یعنی وہ طلاق جس میں رجوع نہیں ہو سکتا جب تک نیا نکاح نہ کرلیں) یا تین طلاق دی ہیں۔

حاشیہ: ۔ا۔ ظاہر الروایت کسے کہتے ہیں۔ اس کا بیان اس کتاب کے آخر میں دیکھیے۔ ۱۲ مترجم

تو قاضی اس عورت اور خاوند کے درمیان جدائی لائے گا اور یہ جدائی اس طریقے سے لائے گا کہ قاضی اس عورت کے ساتھ ایک صالح، پاک دامن عورت کو ملائے گا اور عورت خاوند کے گھر سے نہیں نکلے گی۔ اگر باندی اور مدعیٰ علیہ کے درمیان جدائی ہو گئی اور بعد میں مدعی کے گواہوں کا تزکیہ ثابت نہ ہو جائے اور مدعی نے کہا کہ میرے اور بھی گواہ موجود ہیں۔ تو علماء نے فرمایا ہے کہ یہ جدائی ختم نہیں کی جائیگی اور باندی مجلس کے آخر تک اس بااعتماد آدمی کے قبضہ سے نہیں لی جائیگی اور بعض علماء نے فرمایا ہے کہ کچھ دنوں کیلئے مدت مقرر کی جائیگی۔ جیسا کہ قاتل دعویٰ کرے کہ مجھے مقتول کے بیٹے نے (مثلا) اس قتل سے بری کیا ہے اور میرے گواہ بھی موجود ہیں۔ تو (اس صورت میں قاتل کو) کچھ دنوں کی مہلت دی جائیگی۔ اگر کسی نے ایک عورت کے نکاح کا دعوی کیا اور یہ عورت دوسرے آدمی کے قبضہ میں تھی اور مدعی نے اپنے دعوی ' پر گواہ قائم کئے۔ پس اگر مدعی نے قاضی سے مطالبہ کیا کہ آپ میرے گواہوں کی حالت کی تحقیق کرنے تک اس عورت اور اس آدمی کے درمیان جدائی کا حکم دے دیں یا اس عورت کو کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھیں۔ تو قاضی اس درخواست کو قبول کرے گا اور اگر مدعی نے یہ مطالبہ نہیں کیا۔ تو قاضی اپنی طرف سے یہ کام نہیں کرے گا۔ اور ایسا ہی حکم ہے کہ عورت نے نکاح کے فاسد ہونے کا دعویٰ کیا اور گواہ قائم کئے اور جدائی لانے کا مطالبہ کیا۔ اور ایسا ہی حکم ہے کہ اگر زید نے ایک باندی کا دعویٰ کیا اور یہ باندی بکر کے قبضہ میں تھی، تو زید نے کہا کہ یہ باندی میں نے بکر پر بیع فاسد کے ساتھ بیچی تھی اور بکر نے کہا کہ یہ باندی میں نے زید سے جائز طریقے سے قیمتاً خریدی ہے۔ تو یہ ایسا ہے کہ جسطرح عورت نکاح کے فاسد ہونے کا دعوی کرتی ہو۔ (پس اگر مدعی نے اپنے گواہی پر گواہ قائم کئے اور قاضی سے جدائی کا مطالبہ کر رہا تھا

۔تو قاضی اس کا یہ مطالبہ قبول کرے گا۔)اور اگر دعویٰ عورت کے علاوہ دوسرے چیز کے بارے میں تھا اور مدعی نے اپنے دعویٰ پر گواہ قائم کئے، تو قاضی مدعیٰ علیہ سے مدعیٰ علیہ کا ضامن اور دعوی کی ہوئی چیز کا ضامن اور مقدمے کا وکیل لے گا اور کسی بااعتماد آدمی کے پاس اس چیز کو رکھنے اور جدائی لانے کی یہاں ضرورت نہیں ہے۔ مگر ہاں! جس چیز پر دعوی کیا گیا ہے، اس کے گم ہونے کا یا ضائع ہونے کا خوف ہو، تو پھر ضرورت ہے۔اگر دو آدمیوں کے قبضہ میں ایک عورت ہو اور ہر ایک نے یہ دعویٰ کیا کہ یہ میری ہے۔تو قاضی یہ لونڈی ان دونوں کے پاس چھوڑے گا۔اور ہر ایک سے کہے گا کہ آپ اپنے دعویٰ پر گواہ قائم کریں۔ پس اگر دونوں مدعیوں میں سے ہر ایک یہ چاہتا تھا کہ یہ عمر بھر میرے ساتھ رہے اور دونوں مدعی اس بات پر جھگڑا کر رہے تھے۔ تو اس جھگڑے کو ختم کرنے کیلئے قاضی ان دونوں کو حکم دے گا کہ آپ دونوں ایک تیسرے آدمی کو گواہ قائم ہونے تک متعین کرو کہ یہ لونڈی اس کے پاس ہو گی۔ پس اگر ایک مدعی نے اپنی گواہی پر گواہ قائم کئے اور دوسرے نے قائم نہ کیے۔ تو قاضی گواہوں کی حالت معلوم ہونے تک یہ لونڈی کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھے گا۔اور اگر کوئی آدمی ایسی بڑی عورت پر نکاح کا دعویٰ کر رہا تھا، جو کسی کے قبضہ میں نہ ہو اور وہ نکاح سے انکار کر رہی تھی اور اپنے دعویٰ پر گواہ بھی قائم کر دیئے اور قاضی سے التماس کی کہ گواہوں کی حالت معلوم ہونے تک اس کو کسی بااعتماد آدمی کے پاس رکھیں۔ تو قاضی ایسا نہیں کرے گا۔ بلکہ عورت سے (حاضر ہونے تک) ضامن لے گا۔

اور ایسا ہی حکم ہے۔ اگر کسی شخص نے ایک ایسی باکرہ لڑکی پر دعویٰ کیا، جو اپنے والد کے گھر میں تھی۔(اور مدعی نے گواہ بھی قائم کر دیئے اور پھر قاضی سے مطالبہ کیا کہ اس کو کسی کے گھر میں میرے گواہوں کے حال معلوم ہونے تک رکھو۔) تو قاضی اس لڑکی کو (اپنے والد کے گھر سے) جدا نہیں کریگا (اور اسکے لئے ضامن لے گا۔)اور اگر مدعیٰ بہ چیز منقولی ہو اور وہ اتنی بھاری یا زیادہ تھی کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک بغیر مشقت کے منتقل نہیں ہو سکتی تھی۔ جیسے بڑی لکڑی، چکی کا پاٹ، بہت زیادہ بکریاں، ناپنے اور تولنے کی چیزیں، غلے کا ڈھیر اور کپڑوں کے بہت سارے تھان، تو اس کے حکم میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض فرماتے ہیں : کہ وہ چیز قاضی کی مجلس میں لائی جائیگی اور لانے جانے کی مشقت مدعیٰ علیہ پر ہو گی۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ وہ چیز جس جگہ پر پڑی ہو قاضی ایک ایسے آدمی کو وہاں بھیجے گا، جو اس چیز کے قریب مدعی کے گواہوں کی گواہی سنے۔اور ساتھ اور گواہ بھی بھیجے گا۔ پھر جب یہ واپس آجائیں تو قاضی کے سامنے ایسی گواہی دیں۔ کہ ہمارے سامنے مدعی کے گواہوں نے مدعی کے حق میں گواہی دی ہے۔اس کے بعد قاضی مدعی کے حق میں فیصلہ کرے گا۔اور جس آدمی کو قاضی نے اپنی طرف سے گواہی سننے کیلئے بھیجا ہو، وہ فیصلہ کرنے

والا نہیں ہے۔ تو پس ضروری بات یہ ثابت ہوئیکہ قاضی اس شہادت پر فیصلہ کریگا۔"یہ بات ختم ہوئی"۔ "ایسا ہی قاضی خان نے دعوؤں کے مسائل میں ذکر کیا ہے۔"

اگر کوئی دوسرے پر غصب کا دعویٰ کررہا تھا(کہ اس نے فلاں چیز مجھ سے زبردستی لی ہے۔) تو جس آدمی نے اس سے وہ چیز زبردستی لی ہے۔ اگر وہ اس کے پاس ہو، تو مدعی اس طرح کہے گا کہ یہ چیز میری ملکیت ہے اور میرے قبضہ میں تھی، جبکہ اس نے مجھ سے زبردستی لی ہے۔ یا اس طرح کہے گا کہ وہ چیز میری ملکیت ہے اور میرے قبضہ میں تھییہاں تک کہ اس آدمی نے اس پر ناحق قبضہ کیا۔ اور اگر مدعی نے اس طریقے پر دعویٰ کیا کہ یہ چیز میری ملکیت ہے اور میرے قبضہ میں تھیاور اس صاحب قبضہ نے اس پر ناحق قبضہ کیا ہے۔ تو یہ صاحب قبضہ پر غصب کا دعویٰ نہیں ہے،،۔"ایسا ہی فتاوی قاضی خان کے دعاوی کے مسائل میں مذکور ہے۔"

باب دوم: فصل نمبر ۳ : مجمل گواہی کے (متعلق) مسائل)

فصل نمبر ۳: ﴿مجمل گواہی کا کیا حکم ہے ؟اور کاغذ سے دعویٰ کرنا یا گواہی دینا کیسا ہے ؟﴾

جس وقت کسی گواہ نے دعویٰ کے ساتھ ساتھ ان ظہوری باتوں کی گواہی بھی دی، جو گواہی میں ضروری ہوتی ہے۔ اور دوسرا گواہ (مجمل طریقے پر) یہ کہے کہ میں اس پہلے والے گواہ کی گواہی پر گواہی دیتا ہوں۔ (یعنی میں بھی ایسی ہی گواہی دیتا ہوں۔) تو خصاف ؒ فرماتے ہیں: (کہ دوسرے گواہ کی گواہی) مقبول نہیں ہے۔ اور شمس الائمہ علامہ سرخسی ؒ نے ذکر کیا ہے کہ اگر قاضی اس پر جھوٹا ہونے کا گمان کررہا تھا اور اس پر جھوٹ کی تہمت لگی تھی، تو اس کی یہ مجمل گواہی قبول نہیں ہے اور اگر جھوٹ ہونے کا گمان نہ ہو، تو پھر مقبول ہے۔ اور اگر مدعی کاغذ سے دعویٰ کررہا تھا(یعنی اس نے دعویٰ کاغذ پر لکھا تھا اور کاغذ کو دیکھ کر دعویٰ کررہا تھا ۔) تو قاضی اس کا یہ دعویٰ سنے گا۔ اس لئے کہ یہ ممکن ہے کہ یہ کاغذ کو دیکھے بغیر دعویٰ نہ کرسکتا ہو۔ لیکن جس جس جگہ پر اشارہ کی ضرورت ہو تو وہاں پر اشارہ کرنا ضروری ہوگا۔(مثلاً اگر کوئی چیز ہو تو اس چیز کی طرف ہاتھ سے اشارہ کریگا۔) اور اگر گواہی کاغذ پر لکھی ہوئی تھی اور گواہ کاغذ سے گواہی دے رہا تھا اور جس جس جگہ پر اشارہ کی ضرورت تھی، وہاں اشارہ بھی کررہا تھا، تو ایسی گواہی

دینا جائز ہے۔اور اگر قاضی نے دو آدمیوں کو حکم دیا کہ کوئی دعویٰ کیلئے آجائے اور وہ دعویٰ کرنے سے عاجز اور بے خبر ہو اور آپ اس کو دعویٰ اور مقدمے کا طریقہ سکھا رہے تھے۔تو "کتاب المنتقیٰ میں لکھا ہے "کہ ایسا کرنے میں کوئی عیب اور برائی نہیں ہے "۔ایسا ہی فتاوی قاضی خان کے دعاوی کے مسائل میں مذکور ہے۔"اور اب شروع ہو رہے ہیں، کتاب ا لنکاح کے مسائل۔"

رب الارباب کی مدد سے اور خاص وہی توفیق دینے والا ہیں اور مسبب الاسباب ہیں۔

باب سوم:

نکاح، طلاق، نفقہ اور رضاعت کے مسائل

اس باب میں کل چار(4) فصلیں ہیں۔ان چار(4) فصلوں میں کل ساٹھ(60) مسائل ہیں۔ جن کی مختصر تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل اول: نکاح کے مسائل۔اس فصل میں کل(34) مسائل ہیں۔

فصل دوم: طلاق کے مسائل۔اس فصل میں کل(16) مسائل ہیں۔

فصل سوم: نفقہ کے مسائل۔اس فصل میں کل(9) مسائل ہے۔

فصل چہارم: رضاعت کے مسائل۔اس فصل میں صرف ایک(1) مسئلہ ہے۔

باب سوم:

فصل اول:۔ نکاح کے مسائل

اس فصل میں کل چونیتس(34)مسائل ہیں۔یہ چونیتس(34)مسائل پانچ(5)کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں۔جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل اول:

نکاح کے مسائل۔

کل کتب(5)   کل مسائل(34)

(1) ہندیہ (2) تنقیح (3) غانم (4) انقروی (5) قاضی خان	(1) تیرہ(13) مسائل (2) بارہ (12) مسائل (3) پانچ(5) مسائل (4) دو (2) مسائل (5) دو (2) مسائل

فصل اول:۔ نکاح کے مسائل

(اولی)	(غیر اولی)
مسئلہ نمبر1: مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے۔ جبکہ یہ نکاح کی تاریخ کا ذکر نہ کرے اور عورت بھی اقرار کرتی ہوں کہ اس نے مجھ سے نکاح کیا ہے۔ مسئلہ نمبر2: مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے جبکہ وہ عورت	دوسرے مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے اور اس نے بھی نکاح کی تاریخ کا ذکر نہ کیا ہو اور عورت اس کے نکاح کا انکار کرتی ہو۔(ہندیہ) دوسرے مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس عورت سے اسی تاریخ کو نکاح کیا ہے جبکہ وہ عورت اسکے نکاح

بھی اسکے نکاح کا اقرار کرتی ہو۔	کا انکار کرتی ہو۔(ہندیہ)
مسئلہ نمبر3: مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے اور وہ عورت بھی اس کے نکاح کا اقرار کرتی ہو۔ اور اس نے جو تاریخ بتائی ہے وہ دوسرے مدعی کی تاریخ سے پہلے ہو۔	دوسرے مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے جبکہ وہ عورت اس کے نکاح کا انکار کرتی ہو۔ اور اس نے جو تاریخ بتائی ہے۔ وہ پہلے مدعی کی تاریخ کے بعد ہو۔(ہندیہ)

مسئلہ نمبر1: رجلان ادعیا نکاح امرأۃ واقاما البینۃ، لا یقضیٰ لواحد منهما الا اذا اقرت المرأۃ لاحدهما، وهٰذا اذا لم یؤرّخا، او أرخا تاریخا واحداً وان ارّخا وتاریخ احدهما اسبق فهو لہ، وان کان تاریخهماسواء ولاحدهما ید فهی لہ، وان ارّخ احدهما دون الآخر، فصاحب التاریخ اولیٰ۔ وان کان لاحدهما تاریخ وللآخرید، فصاحب الید اولیٰ ، فان اقرت لاحدهما وللآخر تاریخ، فهی للذی اقرت لہ، وهذا کلہ فی حال حیاۃالمرأۃ، اما بعدموتها فان کان احدهما اسبق یقضیٰ لہ۔

مسئلہ نمبر 2: ایضا محولہ بالا

مسئلہ نمبر3: ایضا محولہ بالا

1:۔ ھندیہ، مؤلف: لجنۃ علماء برئاسۃ نظام الدین البلخي، ص82، ج4 کتاب الدعوی الباب التاسع فی دعوی الرجلین۔ الناشر: دار الفکر، للطباعۃ والنشر والتوزیع ،الطبعۃ الاولی30-1429، 2009.

2:۔ ایضا محولہ بالا

3:۔ ایضا محولہ بالا

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر4: مدعی غیر قابض (ا) کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے۔ جبکہ وہ عورت بھی اس کے نکاح کا اقرار کرتی ہو۔ اور اس نے جو تاریخ بتائی ہے وہ دوسرے مدعی کی تاریخ سے پہلے ہو۔	دوسرے مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے۔ جبکہ وہ عورت اس کے نکاح کا اقرار کرتی ہو۔ اور اس نے جو تاریخ بتائی ہے وہ دوسرے مدعی کی تاریخ کے بعد ہو۔(ہندیہ)
مسئلہ نمبر5: قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے۔	مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اسی تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے۔(ہندیہ)
مسئلہ نمبر6: قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس	مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو

عورت سے نکاح کیا ہے۔اور نکاح کی تاریخ نہ بتائے۔	اس عورت سے نکاح کیا ہے۔(ہندیہ)

مسئلہ نمبر4: رجلان ادعیا نکاح امرأۃ واقاما البینۃ، لا یقضیٰ لواحد منھما الا اذا اقرت المرأۃ لاحدھما، وھٰذا اذا لم یؤرّخا، او أرخا تاریخا واحداً وان ارّخا وتاریخ احدھما اسبق فھو لہ، وان کان تاریخھماسواء ولاحدھما ید فھی لہ، وان ارّخ احدھما دون الآخر، فصاحب التاریخ اولیٰ۔ وان کان لاحدھما تاریخ وللآخرید، فصاحب الید اولیٰ ، فان اقرت لاحدھما وللآخر تاریخ، فھی للذی اقرت لہ، وھذا کلہ فی حال حیاۃالمرأۃ، اما بعدموتھا فان کان احدھما اسبق یقضیٰ لہ۔

مسئلہ نمبر 5: ایضا محولہ بالا

مسئلہ نمبر 6: ایضا محولہ بالا

4:۔ھندیہ، مؤلف: لجنۃ علماء برئاسۃ نظام الدین البلخي، ص82، ج4 کتاب الدعوی الباب التاسع فی دعوی الرجلین۔الناشر: دار الفکر، للطباعۃ والنشر والتوزیع

5:۔ایضا محولہ بالا

6:۔ایضا محولہ بالا

حاشیہ: ۔ا۔اس مسئلہ میں پہلے تاریخ والے کے لئے عورت نے اقرار نہ کیا ہو بلکہ انکار کیا ہو، تو بھی اس کے (یعنی پہلے تاریخ والے کے) گواہ اولیٰ ہیں۔کیونکہ سبب کا اولیٰ ہوناسب سے پہلے تاریخ کا مقدم ہوناہے۔اگر یہ نہ ہو تو پھر قبضہ ہے، پھر دخول یعنی ہمبستری ہے۔پھر اقرار ہے۔اسی طرح بحر الرائق اور شامی میں ذکر ہے۔۱۲مترجم

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر7: قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے۔جبکہ عورت بھی اسکے نکاح کا اقرار کرتی ہو۔لیکن نکاح کی تاریخ کا ذکر نہ کرے۔	مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے اور یہ بھی نکاح کی تاریخ ذکر نہ کرے۔ (ہندیہ)
مسئلہ نمبر8: قابض کے گواہ ایک عورت کے نکاح پر۔نکاح کی تاریخ کا ذکر کئے بغیر۔	مدعی غیر قابض کے گواہ اس عورت کے نکاح پر۔نکاح کی تاریخ کا ذکر کئے بغیر۔(ہندیہ)
مسئلہ نمبر9: مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے۔جبکہ یہ تاریخ	قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے فلاں تاریخ کو اس عورت سے نکاح کیا ہے۔جبکہ یہ تاریخ (مدعی کی تاریخ) کے بعد۔

(قابض کی تاریخ سے) پہلے ہو۔	(ہندیہ)

مسئلہ نمبر 7: رجلان ادعیا نکاح امرأۃ واقاما البینۃ، لا یقضیٰ لواحد منهما الا اذا اقرت المرأۃ لاحدهما، وهٰذا اذا لم یؤرّخا، او أرخا تاریخا واحداً وان ارّخا وتاریخ احدهما اسبق فهو لہ، وان کان تاریخهماسواء ولاحدهما ید فهی لہ، وان ارّخ احدهما دون الآخر، فصاحب التاریخ اولیٰ۔ وان کان لاحدهما تاریخ وللآخرید، فصاحب الید اولیٰ ، فان اقرت لاحدهما وللآخر تاریخ، فهی للذی اقرت لہ، وهذا کلہ فی حال حیاۃالمرأۃ، اما بعدموتها فان کان احدهما اسبق یقضیٰ لہ۔

مسئلہ نمبر 8: ایضا محولہ بالا

مسئلہ نمبر 9: ایضا محولہ بالا

7:۔ هندیہ، مؤلف: لجنۃ علماء برئاسۃ نظام الدین البلخي، ص82، ج4 کتاب الدعوی الباب التاسع فی دعوی الرجلین۔ الناشر: دار الفکر، للطباعۃ والنشر والتوزیع ، الطبعۃ الاولیٰ 30-1429، 2009.

8:۔ ایضا محولہ بالا

9:۔ ایضا محولہ بالا

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر 10: مدعی غیر قابض (ا) کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے۔ اور دخول (یعنی ہمبستری) بھی کی ہے۔ جبکہ عورت بھی اقرار کرنے والی ہو۔ مسئلہ نمبر 11: قابض کے گواہ ایک عورت کے نکاح پر ایسا نکاح جو ظاہر اور باہر ہو۔ (یعنی لوگوں کے لئے ظاہر اور معلوم ہو۔)	دوسرے مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے۔ اور دخول (یعنی ہمبستری) بھی کی ہے۔ جبکہ عورت انکار کرنے والی ہو۔ (ہندیہ) مدعی غیر قابض کے گواہ اُس عورت کے نکاح پر جیسے بھی ہو۔ مگر تاریخ کے مقدم ہونے سے (یعنی اگر اس کے نکاح کی تاریخ پہلے تھی تو پھر اس کے گواہ اولیٰ ہیں۔ (ہندیہ)

مسئلہ نمبر10: لو اقاماالبینۃ علیٰ النکاح والدخول، فأقرت المرأۃ لاحدھما انہ دخل بھا اولاً فھو اولیٰ۔

مسئلہ نمبر 11: رجلان ادعیا نکاح امرأۃ واقاما البینۃ، لا یقضیٰ لواحد منھما الا اذا اقرت المرأۃ لاحدھما، وھٰذا اذا لم یؤرّخا، او أرخا تاریخا واحداً وان ارّخا وتاریخ احدھما اسبق فھو لہ، وان کان تاریخھماسواء ولاحدھما ید فھی لہ، وان ارّخ احدھما دون الآخر، فصاحب التاریخ اولیٰ۔ وان کان لاحدھما تاریخ وللآخرید، فصاحب الید اولیٰ ، فان اقرت لاحدھما وللآخر تاریخ، فھی للذی اقرت لہ،وان لم یوقّتا فالذی زکیت بینتہ اولیٰ۔

10:۔ھندیہ، مؤلف: لجنۃ علماء برئاسۃ نظام الدین البلخی، ص83،ج4کتاب الدعوی الباب التاسع فی دعوی الرجلین۔الناشر: دار الفکر، للطباعۃ والنشر والتوزیع، الطبعۃ الاولیٰ30-1429،2009

11:۔ایضا محولہ بالا ص82

حاشیہ:۔ ا؎ ہندیہ میں ذکر ہے کہ دو(۲) مدعی غیر قابض نے کسی عورت کے ساتھ نکاح اور دخول پر گواہ پیش کئے۔ تو جس کے لئے عورت نے پہلے دخول کا اقرار کیا ،تو اس کے گواہ اولیٰ ہونگے۔ لیکن اگر دونوں کا انکار کرنے والی ہو، تو قاضی اس کے اور دونوں(مدعیوں) کے درمیان جدائی لائے گا۔ اور ہر ایک(مدعی) پر دخول کیوجہ سے مہر یا مہر مثل میں سے جو بھی کم ہو، لازم ہوگا۔ ۱۲مترجم

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر12: زید کے گواہ اس بات کہ یہ عورت میری بیوی ہے۔ مسئلہ نمبر13: زید کے گواہ اس بات پر کہ میں نے زینب سے نکاح کیا ہے۔ اور نکاح کی تاریخ کا ذکر نہ کرے۔ مسئلہ نمبر1 4: شوہر یا بیوی کے گواہ اس بات پر کہ ہمارا یہ نکاح فاسد ہو چکا ہے۔	عورت کے گواہ اس بات پر کہ میں بکر کی بیوی ہوں جبکہ بکر اس کو بیوی(ماننے) سے انکار کرتا ہوں۔(غانم) ایک ایسی عورت کے گواہ جو زینب کی بہن ہو۔ یہ اس بات پر گواہ پیش کرے کہ زید نے مجھ سے نکاح کیا ہے۔(تنقیح) دوسرے کے گواہ اس بات پر کہ یہ نکاح صحیح ہے۔(تنقیح)

مسئلہ نمبر12: ولو ادعیٰ علیٰ امرأۃ انہا امرأتہ واقام البینۃ علیٰ ذالک، وادعت المرأۃ انہا امرأۃ ھذاالرجل۔ لرجل الآخر۔ واقامت البینۃ علیٰ ذالک، والرجل یجحد، تقبل بینۃالزوج المدعی ۔

مسئلہ نمبر 13: بینۃالرجل علیٰ نکاح امرأۃ بلاتاریخ اولیٰ من بینۃ امرأۃ اختھا علیٰ ان المدعی زوجَّھا۔

مسئلہ نمبر14: (سئل)فی ما اذا تعارضت بینۃ من یدعی فسادالنکاح من الزوجین مع بینۃ من یدعی صحتہٖ منھما فأی البینتین اولیٰ بالقبول؟

الجواب: البینۃ بینۃ من یدعی الفساد...... لان الصحۃ ثابتۃ بالظاہر الحال والفساد امرحادث یحتاج الیٰ اثباتہ فکانت بینۃالفساد اکثر اثباتا فکانت اولیٰ۔

12:۔ ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات لامام غانم بن محمد البغدادی الحنفی ص 43 باب کتاب ا لنکاح۔ الناشر الدار العربیہ للطباعۃ والنشر۔ الطبعۃ الاولیٰ 1437،2016

13:۔ الطریقۃ الواضحہ الی البنیۃ الراجحہ لمحمود بن حمزہ مفتی دمشق الشام ص 13 مسائل ا لنکاح

14:۔ تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ لمحمد امین الشہیر بابن عابدین شامی (المتوفی 1252ھ) ص 566، ج 1 باب کتاب الشہادۃ۔ الناشر: قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی۔ الطبعہ۔ بدون الطبعۃ وبدون التاریخ

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر 15: باکرہ (ا) لڑکی کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت مجھے میرے نکاح کی خبر پہنچی۔ تو میں نے مسترد کر دیا۔ (میں نے کہا کہ میں اس نکاح پر راضی نہیں ہوں۔ اس کے لیے تیار نہیں ہوں۔)	شوہر کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت تجھے نکاح کی خبر پہنچی۔ تو آپ خاموش ہو گئی۔ (آپ نے کچھ بھی نہیں کہا۔) (تنقیح)
مسئلہ نمبر 16: شوہر کے گواہ اس بات پر کہ آپ نے اس نکاح کی اجازت دی تھی۔	عورت کے گواہ اس بات پر کہ میں نے مسترد کیا تھا۔ میں نے کہا تھا کہ میں اسکے لیے راضی نہیں ہوں۔ (تنقیح)
مسئلہ نمبر 17: کسی عورت کے گواہ اس بات پر کہ جس	زید کے گواہ اس بات پر کہ اس کے والد نے اس کا نکاح مجھ

وقت میرے باپ نے میرا نکاح اس زید کیا تھا۔ تو میں بالغ تھی۔ اور اس نکاح پر راضی نہیں تھی۔	سے کرایا ہے۔ اس حال میں کہ یہ نابالغ تھی۔ (تنقیح)

مسئلہ نمبر15: بینۃ ردالبکر النکاح عند تزویج ولیھا اولیٰ من بینۃ سکوتھا۔

مسئلہ نمبر 16: بینۃالزوج علیٰ رضاھا او اجازتھا اولیٰ من بینۃردھا۔

مسئلہ نمبر 17: ایضا محولہ بالا

15:۔ تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ لمحمد امین الشھیر بابن عابدین شامی (المتوفی 1252ھ) ص566، ج1 باب کتاب الشہادۃ۔ الناشر: قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی۔ الطبعہ۔ بدون الطبعۃ وبدون التاریخ

16:۔ ایضا محولہ بالا ص592

17:۔ ایضا محولہ بالا

حاشیہ:۔ ۱یعنی وہ لڑکی جس کا پردہ بکارت جماع کی وجہ سے زائل ہو چکا ہو۔ ۲اور قاضی خان نے دعویٰ الملک بسبب میں کہا ہے کہ اس صورت میں شوہر کے گواہ اولیٰ ہیں۔ لیکن ترجیح البینات کے مسائل نکاح دیکھئے۔ ۱۲مترجم

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر18: بیوی کے گواہ اس بات پر کہ میں نے اس شوہر کو اپنی مہر سے ایک شرط کی وجہ سے بری کیا ہے۔ (مہر معاف کر دیا ہے۔)	شوہر کے گواہ اس بات پر کہ اس نے مجھے بغیر کسی شرط کے بری کر دیا ہے۔ (تنقیح)
مسئلہ نمبر19: بیٹی کے گواہ اس بات پر کہ میرا نکاح میرے والد نے اس حال میں کرایا ہے کہ میں بالغ اور جوان تھی۔ اور میں نے اس نکاح کو مسترد کیا تھا۔	والد کے گواہ اس بات پر کہ میں نے آپ کا نکاح اس حال میں کرایا تھا، کہ آپ چھوٹی (نابالغ) تھی۔ (تنقیح)
مسئلہ نمبر20: مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ فلاں	دوسرے مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ وہ میری بیوی

عورت جو مر چکی ہے۔وہ میری بیوی تھی، میں نے اس سے فلاں تاریخ کو نکاح کیا تھا اور نکاح کی ایسی تاریخ کا ذکر کرے جو دوسرے مدعی کی تاریخ سے پہلے ہو۔	تھی۔میں نے اس سے فلاں تاریخ کو نکاح کیا تھا۔اور اپنے نکاح کی ایسی تاریخ کا ذکر کرے جو (پہلے مدعی کی تاریخ) کے بعد ہو۔(ہندیہ)

مسئلہ نمبر 18: بینۃالمرأۃ انھا ابرأتہ من المھر بشرط اولیٰ من بینۃالزوج انہ بلا شرط۔
مسئلہ نمبر 19: بینۃ البنت علیٰ ان اباھا زوجھا بالغۃ وردت اولیٰ من بینۃ الاب علیٰ انہ زوجھا قاصرۃ ۔
مسئلہ نمبر 20: رجلان ادعیا نکاح امرأۃ واقاما البینۃ، لا یقضیٰ لواحد منھما الا اذا اقرت المرأۃ لاحدھما، وھٰذا اذا لم یؤرّخا، او أرخا تاریخا واحداً وان ارّخا وتاریخ احدھما اسبق فھو لہ، وان کان تاریخھماسواء ولاحدھما ید فھی لہ، وان ارّخ احدھما دون الآخر، فصاحب التاریخ اولیٰ۔ وان کان لاحدھما تاریخ وللآخرید، فصاحب الید اولیٰ ، فان اقرت لاحدھما وللآخر تاریخ، فھی للذی اقرت لہ، وھذا کلہ فی حال حیاۃالمرأۃ، اما بعدموتھا فان کان احدھما اسبق یقضیٰ لہ۔

18:۔تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ لمحمد امین الشھیر بابن عابدین شامی (المتوفی 1252ھ) ص593،ج1 باب کتاب الشہادۃ

19:۔الطریقۃ الواضحہ الی البینۃ الراجحہ لمحمود بن حمزہ مفتی دمشق الشام۔ص14 مسائل النکاح

20:۔ھندیہ، مؤلف: لجنۃ علماء برئاسۃ نظام الدین البلخي، ص82،ج4 کتاب الدعوی الباب التاسع فی دعوی الرجلین۔الناشر: دار الفکر، للطباعۃ والنشر والتوزیع ،الطبعۃ الاولیٰ 30-1429، 2009

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر 21: مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ فلاں عورت جو مر چکی ہے۔وہ میری بیوی تھی۔میں نے اس سے فلاں تاریخ کو نکاح کیا تھا اور نکاح کی ایسی تاریخ کا ذکر کرے جو قابض کی تاریخ سے پہلے ہو۔	قابض کے گواہ اس بات پر کہ وہ میری بیوی تھی۔میں نے اس سے فلاں تاریخ کو نکاح کیا تھا۔اور اپنے نکاح کی ایسی تاریخ کا ذکر کرے جو (مدعی غیر قابض کی تاریخ) کے بعد ہو۔(ہندیہ)
مسئلہ نمبر 22: شوہر کے گواہ اس بات پر کہ مجھے اپنی بیوی نے مہر سے بری کیا ہے۔(اپنا مہر مجھے معاف کیا ہے۔)	بیوی کے گواہ اس بات پر کہ یہ ابھی تک میری مہر کا اقرار کر رہا تھا۔(تنقیح)
مسئلہ نمبر 23: بیوی کے گواہ اس بات پر کہ زید (جو فوت	زید کے ورثاء کے گواہ اس بات پر کہ وہ اس تاریخ سے اتنے دن

ہو چکا ہے) نے فلاں تاریخ کو مجھ سے نکاح کیا تھا۔(لہٰذا میں اس کی میراث میں حقدار دار ہوں۔)	پہلے مر گیا ہے۔(تنقیح)

مسئلہ نمبر21: رجلان ادعیا نکاح امرأة واقاما البینۃ، لا یقضیٰ لواحد منهما الا اذا اقرت المرأة لاحدهما، وھٰذا اذا لم یؤرّخا، او أرخا تاریخا واحداً وان ارّخا وتاریخ احدهما اسبق فهو لہ، وان کان تاریخهماسواء ولاحدهما ید فهی لہ، وان ارّخ احدهما دون الآخر، فصاحب التاریخ اولیٰ۔ وان کان لاحدهما تاریخ وللآخرید، فصاحب الید اولیٰ ، فان اقرت لاحدهما وللآخر تاریخ، فهی للذی اقرت لہ، وهذا کلہ فی حال حیاةالمرأة، اما بعدموتها فان کان احدهما اسبق یقضیٰ لہ۔

مسئلہ نمبر 22: بینۃالزوج انها ابرأتہ من المهر اولیٰ من بینۃالمرأة انہ کان مقراً بہٖ الآن۔

مسئلہ نمبر 23: بینۃالمرأة انہ تزوجها فی رجب اولیٰ من بینۃ ورثتہٖ انہ مات فی صفر۔

21:۔ھندیہ، مؤلف: لجنۃ علماء برئاسۃ نظام الدین البلخی، ص82، ج4 کتاب الدعوی الباب التاسع فی دعوی الرجلین۔ الناشر: دار الفکر، لطبعۃ والنشر والتوزیع ،الطبعۃالاولی30-1429، 2009

22:۔تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ لمحمد امین الشہیر بابن عابدین شامی(المتوفی1252) ص593، ج1 باب کتاب الشہادۃ۔ الناشر: قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی

23:۔ایضا محولہ بالا ص293

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر24: زید کے ورثاء کے گواہ اس بات پر کے زید فلاں تاریخ کو مارا گیا ہے۔	عورت کے گواہ اس بات پر کہ زید نے مجھ سے اس تاریخ (یعنی قتل کی تاریخ) کے بعد نکاح کیا تھا۔(تنقیح)
مسئلہ نمبر25: عورت کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت مجھے نکاح کی خبر پہنچی تو میں نے مسترد کردیا۔(میں نے کہا تھا کہ میں راضی نہیں ہوں۔)	شوہر کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت تجھے اس نکاح کی خبر پہنچی تو آپ خاموش ہو گئی۔(آپ نے کچھ نہیں کہا۔)(انقروی)
مسئلہ نمبر26: شوہر(ا) کے گواہ اس بات کہ جس وقت میرا نکاح اس عورت سے ہوا۔ اور اس کو خبر پہنچی تو اس	عورت کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت مجھے اس نکاح کا علم ہوا۔ تو میں نے مسترد کردیا۔(اور کہا کہ میں راضی نہیں ہوں۔

نے اجازت دے دی(اور کہا کہ میں اس نکاح پر راضی ہوں۔)	(انقروی)

مسئلہ نمبر24: بینۃالابن ان فلاناً قتل اباہ یوم السبت اولیٰ من بینۃالمرأۃ ان اباہ تزوجھا یوم الاحد۔

مسئلہ نمبر25: زوج بکر اقام بینۃ علیٰ سکوتھا حین بلغھا الخبر واقامت بینۃ علیٰ الرد فبینتھا اولیٰ۔

مسئلہ نمبر26: لو اقام الزوج بینۃ انھا اجازت العقد حین اخبرت واقامت بینۃ انھا ردت فبینۃ الزوج اولیٰ۔

24:۔ تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ لمحمد امین الشھیر بابن عابدین شامی(المتوفی1252) ص593،ج1 باب کتاب الشہادۃ۔الناشر: قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی

25:۔ فتاویٰ انقروی، مخطوطہ لشیخ محمد بن الحسین الانقروی انکوری الحنفی،ج1، ص246 دار الطباعۃ المصریہ بولاق المصر المغربۃ۔الطبعہ۔بدون الطبعۃوبدون التاریخ

26:۔ ایضا محولہ بالا

حاشیہ:۔(۱)اسی طرح قاضی خان میں ذکر ہے۔۱۲مترجم

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر27:بیوی(۲) کے گواہ اس بات پر کہ مجھے اپنے شوہر نے جو کچھ بھیجا تھا،وہ منجرہ تھا۔	شوہر کے گواہ اس بات پر کہ وہ مہر میں شامل تھا۔(تنقیح)
مسئلہ نمبر28:بیوی کے گواہ اس بات پر کہ یہ چیز مجھے میرے شوہر زید(جو مر چکا ہے)نے مہر میں دی تھی۔	زید کے ورثاء کے گواہ اس بات پر کہ یہ چیز زید نے میرے پاس بطور رہن(گروی) رکھی ہے۔یا اس بات پر کہ یہ مجھے ہبہ کی ہے۔(تنقیح)
مسئلہ نمبر29:پہلے مدعی غیر قابض(۳) کے گواہ اس	دوسرے مدعی غیر قابض کے گواہ اس بات پر کہ یہ میری

بات پر کہ یہ میری بیوی ہے۔ اس نے میرے نکاح کا اقرار کیاہے۔	بیوی ہے۔ اس نے میرے نکاح کا اقرار کیاہے۔ (غانم)

مسئلہ نمبر27: بینۃ الزوجۃ ان الثوب المبعوثہ اوالدراھم ھدیۃ اولیٰ من بینۃالزوج انہ من الکسوۃ اوالمھر۔

مسئلہ نمبر 28: بینۃالزوجۃ علیٰ ان العینۃ من مھرھا اولیٰ من بینۃ احد الوارث علیٰ الرھن اوالھبۃ۔

مسئلہ نمبر 29: اذا ادعیٰ اثنان نکاح امرأۃواقام کل منھما بینۃ علیٰ انھا زوجتہ وھی لیست فی ید احدھما لم یقض (بواحدۃ) من البینتین، لتعذرالعمل بھما، لان المحل لا یقبل الاشتراک ویرجع الی تصدیق المرأۃ، فتکون زوجۃ لمن صدقتہ، وھذا اذا لم توقت البینتان، اما اذا وقّتا فصاحب الوقت الاول اولیٰ۔

---

27 :۔ تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ لمحمد امین الشھیر بابن عابدین شامی (المتوفی 1252) ص593، ج1 باب کتاب الشہادۃ۔ الناشر: قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی۔

28:۔ الطریقۃ الواضحۃ الی البینۃ الراجحۃ لمحمود بن حمزہ مفتی دمشق الشام ص13 مسائل النکاح

29:۔ لجاء القضاۃ عند تعارض البینات، لغانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ ص40 باب کتاب النکاح۔ الناشر: الدار العربیۃ للطباعۃ والنشر۔ الطبعہ الاولیٰ 1437، 2016

حاشیہ:۔ ۲ حاشیہ میں قاضی خان کا حوالہ دیاہے۔ لیکن قاضی خان نے نفقہ کے باب میں اس مسئلے میں شوہر کے گواہ معتبر قرار دیئے ہیں۔ دیکھئے ترجیح البینات۔

۱۲ مترجم

۳ مقدم (یعنی پہلے) سے مراد یہ ہے کہ ان دونوں مدعیوں میں سے قاضی نے جس کے گواہ پہلے قبول کئے، تو اس کے گواہ اولیٰ ہیں۔ اور (اس بابت میں) قاضی کی مرضی ہے۔ دیکھئے ترجیح البینات۔ ۱۲ مترجم

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر30: مسلمان (۱) کے گواہ ایک ذمی (۲) عورت (جو کتابیہ ہو) کے نکاح پر اور یہ نکاح کی تاریخ کا ذکر نہ کرے۔	ایک ذمی کے گواہ اس عورت کے نکاح پر۔ نکاح کی تاریخ ذکر کئے بغیر۔ (غانم)
مسئلہ نمبر31: بیوی کے گواہ اس بات پر کہ میرا مہر ہزار روپے ہیں۔ حالانکہ ظاہر حال شوہر کے لئے شاہد ہو۔	شوہر کے گواہ اس بات پر کہ تیرا مہر پانچ سو روپے ہیں۔ حالانکہ ظاہر حال اس کا بھی شاہد ہو۔ (غانم)

مسئلہ نمبر30: لو اقام کل واحد من المسلم والکافر بینۃ نصرانیۃ علیٰ نکاح امرأۃ نصرانیۃ، قضی للمسلم۔

مسئلہ نمبر 31: واذا اختلف الزوجان فی قدرالمہر قضی لمن برھن، وان برھنا:قضی للمرأۃ ان شہد مہرالمثل للزوج، لان کان مثل ما یدعی الزوج او اقل، لان الظاھر یشہد للزوج، وبینۃالمرأۃ ثبت خلاف الظاھر۔ وقضی للزوج ان شہد مہرالمثل لہا بان کان مثل ماتدعیہ او اکثر لانہا تثبت الحط، وھو خلاف الظاھر۔

30:۔ طجاءالقضاۃ عند تعارض البینات، لغانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ صص44 باکتاب ا لنکاح۔الناشر: الدار العربیۃ للطبعۃ والنشر۔الطبعہ الاولیٰ1437، 2016

31:۔ایضا محولہ بالا۔ ص45،46

حاشیہ:۱اس مسئلے میں امام ابویوسف ؒ کا اختلاف ہے۔۱۲مترجم

۲:ذمی وہ کافر ہے جو مسلمان بادشاہ کے زیر سایہ رہتا ہو اور جزیہ قبول کیا ہو۔ تو اس کی جان ومال کی حفاظت مسلمان کی حفاظت کیطرح ہے۔۱۲مترجم

(اولیٰ)	(غیر اولیٰ)
مسئلہ نمبر32: بیوی کے گواہ اس بات پر کہ میرا مہر دو ہزار ۲۰۰۰ روپے ہیں۔ مسئلہ نمبر33: شوہر کے گواہ اس بات پر کہ تیرا مہر ہزار روپے ہیں۔	شوہر کے گواہ اس بات پر کہ تیرا مہر ہزار ۱۰۰۰ روپے ہیں۔(خانیہ) بیوی کے گواہ اس بات پر کہ مہر ہزار روپے سے زائد ہے۔ جبکہ مہر مثل ہزار روپے سے زائد ہو۔(غانم)

مسئلہ نمبر 34: بیوی کے گواہ اس بات پر کہ یہ چیز میرے مہر میں داخل ہے۔	شوہر کے گواہ اس بات پر کہ تیرا مہر اس (چیز) کے علاوہ ہے۔ (خانیہ)

مسئلہ نمبر 32: رجل ادعی علیٰ امرأة انہ تزوجھا بالف فانکرت، فاقامت البنیۃ علیٰ انہ تزوجھا بالفی درھم، تقبل ویقضیٰ بالنکاح بالفین۔

مسئلہ نمبر33: واذا اختلف الزوجان فی قدرالمھر قضی لمن برھن، وان برھنا:قضی للمرأة ان شھد مھرالمثل للزوج، لان کان مثل ما یدعی الزوج او اقل، لان الظاھر یشھد للزوج، وبینۃالمرأة ثبت خلاف الظاھر۔ وقضی للزوج ان شھد مھرالمثل لھا بان کان مثل ماتدعیہ او اکثر لانھا تثبت الحط، وھو خلاف الظاھر۔

مسئلہ نمبر 34: بینۃالمرأة علیٰ ان ھٰذہ العین مھرھا اولیٰ من بینۃالزوج علیٰ ان سواھا ھو المھر۔

32:۔ فتاویٰ قاضی خان لامام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندی الفرغانانی الحنفی۔ ص نمبر 358 جلد 2 باب الدعویٰ والبینات فصل فی دعوی النکاح ۔الناشر: دار الکتب العلمیہ للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت، لبنان۔ الطبعہ الاولیٰ 2009

33:۔ ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات، لغانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ ص 47،46 باب کتاب النکاح۔ الناشر: الدار العربیۃ للطباعۃ والنشر۔ الطبعہ الاولی 1437، 2016

34:۔ ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات، لغانم بن محمد البغدادی الحنفی۔ ص 40 باب کتاب النکاح۔ الناشر: الدار العربیۃ للطباعۃ والنشر۔ الطبعہ الاولی 1437، 2016

باب سوم:

فصل دوم: طلاق کے مسائل

اس فصل میں کل سولہ (16) مسائل ہیں۔ یہ سولہ (16) مسائل چھ (6) کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

فصل دوم: طلاق کے مسائل۔

کل کتب(6)

کل مسائل(16)

(1)غانم	(1) پانچ (5) مسائل
(2)انقروی	(2) ایک(1) مسئلہ
(3)بھجہ	(3) ایک(1) مسئلہ
(4)نتیجہ	(4) ایک(1) مسئلہ
(5)تنقیح	(5) دو(2) مسئلہ
(6)ذخیرہ	(6) چھ(6) مسائل

(غیر اولیٰ)	(اولیٰ)
اس آدمی کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت میں نے اس سے خلع لیا تھا۔ تو اس وقت میں پاگل (دیوانہ تھا۔)(غانم) زید کے ورثاء یا زید کے ولی کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت زید نے اس سے خلع لیا تھا۔ تو اس وقت وہ پاگل (دیوانہ تھا۔) (انقروی)	مسئلہ نمبر1: عورت کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت اس آدمی نے مجھ سے خلع (ا) لیا تھا۔ یہ عقلمند اور ہوشیار تھا۔ مسئلہ نمبر2: عورت کے گواہ اس بات پر کہ جس وقت زید نے مجھ سے خلع لیا تھا۔ اس وقت زید عقلمند اور ہوشیار تھا۔

مسئلہ نمبر1: اذا خالع امرأتہ ثم اقام بینۃ انہ کان مجنونا وقت الخلع، واقامت المرأۃ بینۃ علیٰ کونہ عاقلا وقت الخلع، فبینۃالمرأۃ اولیٰ۔

مسئلہ نمبر2: اذا خالع امرأتہ ثم اقام الزوج بینۃ انہ کانا مجنونا وقت الخلع، واقامت بینۃ علیٰ کونہ عاقلا حینئذ او کان مجنونا وقت الخصومۃ، فاقام ولیہ بینۃ انہ کان مجنونا وقت الخلع، والمرأۃ علیٰ انہ کان عاقلا فبینۃالمرأۃ اولیٰ۔

